# ADABI KAVISH

(E-book)

(Part-01-PYQ)

**June 2019 to June 2024**

# ادبی کاوش

## نیٹ/ جے آر ایف
## گزشتہ امتحانات کے پرچے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

**Official Website**

**www.adabikavish.com**

*Design By Group of Karwan E Adab*

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ترتیب

محمد ہلال عالم

(ریسرچ اسکالر)

شعبۂ اُردو

گورنمنٹ رضا پی۔جی۔کالج، رامپور، اترپردیش

ایم۔جے۔پی۔روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی، اترپردیش، بھارت

Karwan-E-Adab

فہرست:


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جون2019 | دسمبر2019 | نومبر2020 | دسمبر2020، جون2021 | دسمبر2021، جون2022 |
| صفحہ نمبر(02) | صفحہ نمبر(11) | صفحہ نمبر(27) | صفحہ نمبر(47) | صفحہ نمبر(67) |
| دسمبر2022 | جون2023 | دسمبر2023 | جون2024(ردپرچہ) | ----- |
| صفحہ نمبر(85) | صفحہ نمبر(108) | صفحہ نمبر(130) | صفحہ نمبر(150) | ----- |


*Publish Date:- 29-06-2024 :: 04:00pm*

**Net/Jrf-June-2019**

1۔ ''بارش ہوئی کسانوں کے دل ہرے ہوگئے۔ کتنی خوشی کتنی مسرت تھی۔ اس دن مسرت کا جام گویا چھلکا پڑتا تھا۔
زمین کی جیسے پیاس ہی نہ بجھتی تھی، پیاسے کسان اس طرح اچھل رہے تھے جیسے بوندیں نہیں اشرفیاں برس رہی ہوں۔''
یہ اقتباس کس ناول سے ماخوذ ہے؟
(۱) فائر ایریا (۲) اداس نسلیں (۳) آگ کا دریا (۴) گئودان

2۔ ملکہ شمسہ تاجدار اور ملکہ نوبہار گلشن کس داستان کے کردار ہے؟
(۱) سب رس (۲) فسانۂ عجائب (۳) بوستانِ خیال (۴) داستان امیر حمزہ

3۔ ایسا بادشاہ سلطنت پناہ کہ زمام ایالت و سرفرازی اور عنان عدالت و بندہ نوازی بیچ ملک ہندوستان کے کف کفایت اور قبضہ درایت اوس کے میں آئی اور طلیعہ سپاہ اوس کی نے جس طرف منھ دکھلایا، صبح اقبال مطلع رمانی وامال سے طالع ہو منھ دکھلائے''۔۔۔
یہ عبارت کس کتاب کی ہے؟
(۱) بوستان خیال (۲) کربل کتھا (۳) فسانۂ عجائب (۴) سب رس

4۔ غیر حیرت ہے خبر اس آئینہ رو کی کسے راز کے پردے میں جس کی خامشی آواز ہے
یہ شعر کس کا ہے؟
(۱) میر (۲) سراج (۳) ولی (۴) آبرو

5۔ لطف اگر یہ ہے بتاں صندل پیشانی کا
درج ذیل مصرعوں میں سے صحیح مصرے کی مدد سے مطلع مکمل کیجئے۔
(۱) حسن زنار ہے تسبیح سلیمانی کا (۲) حسن کیا صبح کے پھر چہرۂ نورانی کا
(۳) نقش کا سا ہے سماں میری بھی حیرانی کا (۴) تنگ احوال ہے اس یوسف زندانی کا

6۔ میر انیس اور مرزا دبیر نے کس ہئیت میں مرثیے کہے ہیں؟
(۱) مربع (۲) مخمس (۳) مسدس (۴) مثمن

7۔ عالمِ آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ!
ذرۂ ریگ کو دیا تو نے طلوعِ آفتاب!
شوکت سنجر و سلیم، تیرے جلال کی نمود!
فقرِ جنید و بایزید، تیرا جمالِ بے نقاب!
اوپر دیے ہوئے شعر اقبال کی کس نظم سے لیے گئے ہیں؟
(۱) شعاع امید (۲) ذوق وشوق (۳) لینن خدا کے حضور میں (۴) ساقی نامہ

8۔ مسعود حسین خاں کے مورث اعلیٰ کا نام کیا ہے؟
(۱) شبیر حسن خاں (۲) عنایت حسین خاں (۳) حسین خاں (۴) عبداللہ حسین خاں

9۔ مرزا دبیر کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟
(۱) لکھنؤ (۲) دلّی (۳) فیض آباد (۴) الہٰ آباد

10۔ ہم میں باقی نہیں اب خالد جاں باز کا رنگ
دل پہ غالب ہے فقط حافظِ شیراز کا رنگ
یہ شعر کس کا ہے؟
(۱) اکبر الہٰ آبادی (۲) مرزا غالب (۳) جوش ملیح آبادی (۴) اسماعیل میرٹھی

Karwan-E-Adab

11۔ غالب کی فارسی مثنوی ''چراغ دیر'' کا منظوم ترجمہ کس نے کیا؟
(۱) کالی داس گپتا رضا (۲) علی سردار جعفری (۳) حنیف نقوی (۴) ظ۔ انصاری

یہ موجِ نفس کیا ہے! تلوار ہے خودی کیا ہے؟ تلوار کی دھار ہے!
خودی کیا ہے؟ رازِ درونِ حیات خودی کیا ؟ بیدائ کائنات!
خودی جلوہ بدست و خلوت پسند سمند ہے اک بوند پانی میں بند!

12۔ اوپر دیے ہوئے اشعار اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہیں؟
(۱) لالۂ صحرائی (۲) شعاعِ امید (۳) ذوق وشوق (۴) ساقی نامہ

13۔ پسر محبستٹن کی حکایت کس داستان میں شامل ہے؟
(۱) باغ بہار (۲) فسانۂ عجائب (۳) بوستان خیال (۴) سب رس

14۔ ''وہ دن بھر گھر میں تنہا پڑی رہے گی۔ کس سے ہنسے گی، کس سے بولے گی؟ یہ سوچ کر اس کا دل لرز جاتا۔
جوں جوں وقت قریب آتا تھا۔ اس کے حواس معطل ہوتے جاتے تھے۔ وہ کام کرتے کرتے جیسے کھو جاتی
تھی اور ٹکٹکی باندھ کر کسی چیز کی طرف دیکھنے لگتی تھی۔''
یہ اقتباس پریم چند کی کس کہانی سے لیا گیا ہے؟
(۱) مالکن (۲) نئی بیوی (۳) معصوم بچہ (۱۴) سوانگ

15۔ تمنّاؤں میں الجھایا گیا ہوں کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں
یہ کس کا مطلع ہے؟
(۱) فانی بدایونی (۲) اصغر گونڈوی (۳) شاد عظیم آبادی (۴) جگر مرادآبادی

16۔ درج ذیل قصائد میں سے کون سا قصیدہ ہے جس میں کسی کی مدح نہیں کی گئی ہے؟
(۱) زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر (۲) ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی
.(۳) تضحیک روزگار (۴) ہیں مری آنکھ میں اشکوں کے تماشا گوہر

17۔ ''گریز'' کس کی نظم کا عنوان ہے؟
(۱) مخدوم (۲) ساحر (۳) شفیق فاطمہ شعریٰ (۴) اختر الایمان

18۔ میر حسن کی وفات کس شہر میں ہوئی؟
(۱) کانپور (۱) فیض آباد (۱) لکھنؤ (۱) دہلی

19۔ ''ورود مسعود'' کے آٹھویں باب کا نام کیا ہے؟
(۱) دیارِ فرنگ (۱) بنگلہ ایک رنگ بھون (۱) مرحوم دہلی کالج (۱) جامعہ ملیہ اسلامیہ

20۔ ''اردو قصیدہ نگاروں میں سودا سب کے سرخیل ہیں'' یہ قول کس کا ہے؟
(۱) مصحفی (۱) محمد حسین آزاد (۱) لالہ سری رام (۱) عبدالسلام ندوی

21۔ ''یہ اسکیم نظام سقّے کے وقت سے چلی آتی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ نظام کے اپنے ہاتھ کے لکھے
ہوئے اہم مسودات بعض تو تلف ہو چکے ہیں اور جو باقی ہیں ان کے پڑھنے میں بہت دقت پیش آرہی ہے۔''
یہ اقتباس کس مضمون کا ہے؟
(۱) وکیل صاحب (۱) لاہور کا جغرافیہ (۱) کپور کا فن (۱) چینی شاعری

22۔ ''مثنوی گلزار نسیم'' میں بکاؤلی کی شادی کا پیغام لے کر کون جاتا ہے؟
(۱) رانی چترا وت (۱) روح افزا (۱) جمیلہ (۱) حسن آرا

Karwan-E-Adab

23۔ ''اندرسبھا اور اندر سبھائیں'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا)ابراہیم یوسف (ا)بادشاہ حسین (ا)اے۔بی اشرف (ا)حاتم رام پوری

24۔ ناول ''آگ کا دریا'' کے کردار 'کمال' کا پورا نام کیا ہے؟

(ا)ابوالمنصور کمال الدین (ا)سلطان کمال الدین (ا)منصور شاہ کمال (ا)پروفیسر کمال احمد

25۔ ''اس مجموعے کی اشاعت ایک طرح کا اعتراف شکست ہے۔شاید ہی اس میں دو چار نظمیں قابل برداشت ہوں۔''

کس شاعر نے یہ بات اپنے مجموعہ کلام کے بارے میں لکھی ہے؟

(ا)جاں نثار اختر (ا)میرا جی (ا)ن۔م۔راشد (ا)فیض احمد فیض

26۔ کلیات غالب فارسی کی کل گیارہ مثنویوں کو اردو زبان میں کس نے منتقل کیا؟

(ا)مالک رام (ا)علی سردار جعفری (ا)ظ۔انصاری (ا)حنیف نقوی

27۔ نعیمہ،صالحہ اور فہمیدہ کس ناول کے کردار ہیں؟

(ا)بستی (ا)امراؤ جان (ا)فردوس بریں (ا)توبتہ النصوح

28۔ ''غالب کی جمالیات'' کے نام سے کس تنقید نگار کی کتاب شائع ہوئی؟

(ا)شکیل الرحمٰن (ا)مجنوں گورکھپوری (ا)امداد امام اثر (ا)گوپی چند نارنگ

29۔ ''ترجمہ نگاری کا فن'' کس کی مرتب کردہ کتاب ہے؟

(ا)قمر رئیس (ا)رشید حسن خاں (ا)محمد حسن (ا)شمس الرحمٰن فاروقی

30۔ صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

(الف)ناول: ہم وحشی ہیں۔فائر ایریا۔ضحاک

(ب)افسانہ: باز آمد۔الاؤ۔راستہ بند ہے

(ج)ڈرامہ: فٹ پاتھ کے شہزادے۔اسیر حرص۔دیکھ رہے ہیں نین

(د)انشائیہ: شامت اعمال۔روشنی۔جنون لطیفہ

(ا)د (ا)ج (ا) الف (ا)ب

31۔ ''غبار خاطر'' پہلی بار کب شائع ہوئی؟

(ا)مئی 1946 (ا)جنوری 1942 (ا)جولائی 1947 (ا)اگست 1950

32۔ ''تنقید اور ادب میں ناگزیر ربط ہے۔تنقید ادب کی پیروی کرتی ہے،ادب سے الگ ہو کر یہ سانس نہیں لے سکتی۔''

یہ کس نقاد کا بیان ہے؟

(ا)مجنوں گورکھپوری (ا)کلیم الدین احمد (ا)شمس الرحمٰن فاروقی (ا)محمد حسن

33۔ ''آغا حشر اور اردو ڈراما'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا)حاتم رامپوری (ا)صفدر آہ (ا)انجمن آرا انجم (ا)عشرت رامپوری

34۔ ابن انشاء نے فلپائن کا سفر کس سن میں کیا؟

(ا) 1963 (ا) 1972 (ا) 1964 (ا) 1974

35۔ ''پھول متی'' پریم چند کے کس افسانے کا کردار ہے؟

(ا) بدنصیب ماں (ا) نئی بیوی (ا) قاتل کی ماں (ا) مالکن

36۔ امتیاز علی تاج کی موت کس طرح ہوئی؟

(ا)زینے سے گر کر (ا)کار کے حادثے میں (ا)ان کو قتل کیا گیا (ا)طبعی موت

Karwan-E-Adab

37۔ ''اب مجھے اس سے دلچسپی ہونے لگی۔ یہاں تک کی بعض اوقات اپنا کام چھوڑ کر اسے دیکھا کرتا مگر اسے کچھ خبر نہ ہوتی کہ کوئی دیکھ رہا ہے یا اس کے پاس کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں مگن رہتا۔''
یہ عبارت کس کی تحریر کردہ ہے؟
(ا) رشید احمد صدیقی (ا) فرحت اللہ بیگ (ا) مولوی عبدالحق (ا) ابن انشاء

38۔ ''باغ و بہار'' میں پہلا درویش کس کا بیٹا ہے؟
(ا) چین کے بادشاہ کا (ا) خواجہ سگ پرست کا (ا) خواجہ احمد کا (ا) فارس کے بادشاہ کا

39۔ ''لسانیات کا یہ اٹل اصول ہے کہ بول چال کی زبان جتنی تیزی سے بدلتی ہے ادب کی زبان اس کا ساتھ نہیں دے سکتی۔''
یہ بیان کس کا ہے؟
(ا) محمود شیرانی (ا) مسعود حسین خاں (ا) سید سلیمان ندوی (ا) شوکت سبزواری

40۔ مندرجہ ذیل میں سے ریڈیو فیچر کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟
(ا) ریڈیو فیچر میں نہ بیانیہ ہوتا ہے اور نہ حقیقت۔ (ا) اس کا موضوع بہت محدود ہوتا ہے۔
(ا) ریڈیو فیچر کی زبان مشکل اور ادق ہونی چاہیے۔ (ا) ریڈیو فیچر میں حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔

41۔ ''رانی کیتکی کی کہانی'' میں جگت پرکاش کے گرو کہاں رہتے تھے؟
(ا) سمندر میں (ا) جنگل میں (ا) محل میں (ا) پہاڑ پر سمندر میں

42. ''فن کی نظر سے ان کی شاعری میں نقائص ہیں۔ تخیل کی نظر سے طرح طرح کی ناہمواریاں ہیں۔ مگر ان کی صداقت اور انسان دوستی سب پر پردہ ڈال دیتی ہے۔''
احتشام حسین نے یہ بات کس شاعر کے لیے کہی ہے؟
(ا) سودا (ا) میر (ا) نظیر اکبرآبادی (ا) مصحفی

43۔ ''سودا کی نظموں کا تجزیہ تفصیل سے کیا جائے تو عوام خصوصاً مسلمانوں کے انداز معاشرت کا خاکہ بہت صفائی سے کھینچا جا سکتا ہے۔''
یہ کس کا بیان ہے؟
(ا) کلیم الدین احمد (ا) محمد حسن عسکری (ا) شیخ چاند (ا) احتشام حسین

44۔ کم بولنا ادا ہے ہر چند پر نہ اتنا
مند جائے چشمِ عاشق، تو بھی وہ منھ نہ کھولے
یہ شعر ''باغ و بہار'' میں کس درویش کی سیر میں شامل ہے؟
(ا) پہلا درویش (ا) دوسرا درویش (ا) تیسرا درویش (ا) چوتھا درویش

45۔ ''اردو املا'' کے نام سے ایک مبسوط اور ضخیم کتاب کس محقق نے ترتیب دی ہے؟
(ا) مسعود حسین رضوی ادیب (ا) رشید حسن خاں (ا) حنیف نقوی (ا) قاضی عبدالودود

46۔ فضلی کی کربل کتھا مرتبہ مالک رام اور مختار الدین احمد میں کل کتنی مجلسیں ہیں؟
(ا) 10 (ا) 12 (ا)7 (ا) 9

47۔ فورٹ ولیم کالج سے وابستہ منشی للولال جی کا آبائی وطن کہاں تھا؟
(ا) راجستھان (ا) دلی (ا) گجرات (ا) مرشدآباد

49۔ سودا کے بارے میں کس نے لکھا ہے کہ ''وہ اپنے قلم کی نوک زہر میں بجھا لیتے تھے۔ اور نظموں سے آگ کی لپٹیں نکلنے لگتی تھیں۔
(ا) احتشام حسین (ا) محمد حسن (ا) آل احمد سرور (ا) کلیم الدین احمد

Karwan-E-Adab

50۔ نظرِ خلق سے چھپ سکتے نہیں اہلِ صفا
تہ دریا سے بھی جا ڈھونڈ نکالا گوہر
کور باطن کو ہو کیا جوہر دانش کی شناخت
کہ پرکھتا نہیں جز دیدہ بینا گوہر
قصیدے کے یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟
(ا) سودا (ا) ذوق (ا) مصحفی (ا) غالب

51۔ درج ذیل نظم نگاروں میں کون دہلی میں پیدا ہوا؟
(ا) الطاف حسین حالی (ا) نظیر اکبرآبادی (ا) مخدوم محی الدین (ا) ساحر لدھیانوی

51۔ ذیل میں مندرج مصنفین میں سے ''کاشف الحقائق'' کس کی تصنیف ہے؟
(ا) شبلی (ا) محمد حسین آزاد (ا) امداد امام اثر (ا) کلیم الدین احمد

52۔ باغ و بہار میں قصے کا آغاز کس ملک کے بادشاہ کے ذکر سے ہوتا ہے؟
(ا) روم (ا) فارس (ا) عجم (ا) چین

53۔ درج ذیل میں سے کون سا شعری مجموعہ جوش ملیح آبادی کا نہیں ہے؟
(ا) روح کائنات (ا) نقش و نگار (ا) فکر و نشاط (ا) سرود و خروش

54۔ دنیا حیراں ہو گئی ہے
اس کے مصرعِ اوّل کی نشاندہی ذیل کے مصرعوں میں سے کیجیے۔
(ا) اس نرگس ناز میں تھی جو بات (ا) آئینہ دکھا دیا یہ کس نے
(ا) اے مت بشر کی زندگی آج (ا) انساں کو خریدتا ہے انساں

55۔ ''تفسیر غالب'' کے عنوان سے درج ذیل میں سے کس محقق نے غالب پر کتاب لکھی ہے؟
(ا) گیان چند جین (ا) قاضی عبدالودود (ا) امتیاز علی تاج (ا) رشید حسن خاں

56۔ ''مہذب قوموں کی پیروی'' کس کا مضمون ہے؟
(ا) محمد حسین آزاد (ا) سرسید (ا) حالی (ا) امداد امام اثر

57۔ یہ سچ نہیں ہے۔ کیا کوئی دنیا میں ایسا بھی ہے جو اپنے شہنشاہ سے محبت نہ کرتا ہو؟
یہ مکالمہ کس ڈرامے کا حصہ ہے؟
(ا) ضحاک (ا) آگرہ بازار (ا) انارکلی (ا) یہودی کی لڑکی

58۔ کس ادیب کی پیدائش مکہ مکرمہ میں ہوئی؟
(ا) ابوالکلام آزاد (ا) سید سلیمان ندوی (ا) محمد حسین آزاد (ا) مولوی کریم الدین

59۔ دل یتیموں کا شیشے سے نازک۔۔۔۔۔۔۔ بات کہتے میں پھوٹ جاتا ہے
دل پدر مردوں کا حباب نمن۔۔۔۔۔۔ مارتے پھونک ٹوٹ جاتا ہے
یہ اشعار کس کتاب میں ہیں؟
(ا) فسانہ عجائب (ا) کربل کتھا (ا) باغ و بہار (ا) بوستان خیال

60۔ ''میری رائے میں عورت سے بڑا سیاست داں کوئی نہیں۔ وہ جو گھر میں حکومت کر سکتی ہے، ملک میں بھی راج کر سکتی ہے۔ تمہارے خیال میں یہ سارے نسوانی حربے جن کی بدولت عورتیں مردوں کی کمائی، شخصیت، یہاں تک کہ تخیل تک کو غضب کر لیتی ہیں، کوئی اہمیت ہی نہیں رکھتے۔''

درج بالا اقتباس کس ناول سے ماخوذ ہے؟

(ا) امراؤجان ادا (ا) آگ کا دریا (ا) ایک چادر میلی سی (ا) ٹیڑھی لکیر

61۔ ''جنرل کمیٹی آف پبلک انسٹرکشن'' کی دلی شاخ کے سکریٹری جوزف ہنری ٹیلر (Joseph Henry Tailor)
سفارشات اور رپورٹ کے تحت کس ادارے کا قیام عمل میں آیا؟

(ا) فورٹ ولیم کالج (ا) دلی کالج (ا) دلی پبلک لائبریری (ا) دارالترجمہ

62۔ ذوق کے بعد بہادر شاہ ظفر نے کس کی شاگردی اختیار کی؟

(ا) مومن خاں مومن (ا) مرزا غالب (ا) شیفتہ (ا) صدرالدین آزردہ

63۔ درج ذیل محققین میں سے کس نے غالب کا دیوان مرتب کیا ہے؟

(ا) محی الدین قادری زور (ا) امتیاز علی خاں عرشی (ا) گیان چند جین (ا) قاضی عبدالودود

برے ان پہ وقت آ کے پڑنے لگے اب وہ دنیا میں بس کر اجڑنے لگے اب
بھرے ان کے میلے بچھڑنے لگے اب بنے تھے وہ جیسے بگڑنے لگے اب
ہری کھیتیاں جل گئیں لہلہا کر
گھٹا کھل گئی سارے عالم پہ چھا کر

64۔ اس بند کے خالق کون ہیں؟

(ا) الطاف حسین حالی (ا) نظیر اکبرآبادی (ا) جوش ملیح آبادی (ا) برج نارائن چکبست

65۔ ''یہودی کی لڑکی'' انگریزی کے کس ڈرامے سے ماخوذ ہے؟

(ا) پیزارو (Pizarro) (ا) ونٹرس ٹیل (Winters Tale)

(ا) کنگ لیئر (King Lear) (ا) دی۔ جیوش (The Jewess)

66۔ 'آب حیات' میں میر مستحسن علی خلیق کا بیان کس دور کے تحت کیا گیا ہے؟

(ا) دوسرا دور (ا) تیسرا دور (ا) چوتھا دور (ا) پانچواں دور

67۔ ''آرائش محفل'' فورٹ ولیم کالج کے کس مصنف کی کتاب ہے؟

(ا) میرامن (ا) حیدر بخش حیدری (ا) کاظم علی جوان (ا) للّو لال جی

68۔ ''عروض، آہنگ اور بیان'' کس کی کتاب ہے؟

(ا) احتشام حسین (ا) شمس الرحمٰن فاروقی (ا) کلیم الدین احمد (ا) وزیر آغا

69۔ 'سلامتی' کس ناول کا کردار ہے؟

(ا) گئودان (ا) امراؤجان ادا (ا) ایک چادر میلی سی (ا) آگ کا دریا

70۔ ''اصول تحقیق و تدوین متن'' کس کی کتاب ہے؟

(ا) خلیق انجم (ا) تنویر احمد علوی (ا) گیان چند جین (ا) رشید حسن خاں

71۔ کر گیا روشن ہمیں پھر سے کوئی بدرِ منیر ہم تو سمجھے تھے کہ سورج کو گہن لگنے لگا
اس شعر کے تخلیق کار کون ہیں؟

(ا) مجروح سلطان پوری (ا) شہریار (ا) یگانہ چنگیزی (ا) عرفان صدیقی

72۔ ''دھرتی کی بیٹیاں مرد کو یوں سمجھتی تھیں، جیسے بادل کا ٹکڑا ہو، جس کی طرف بارش کے لیے منہ اٹھا کر دیکھنا ہی پڑتا ہے۔
نہ برسے تو منتیں ماننی پڑتی ہیں، جادو ٹونے کرنے پڑتے ہیں۔''
یہ اقتباس راجندر سنگھ بیدی کے کس افسانے سے لیا گیا ہے؟

Karwan-E-Adab

(ا) اپنے دکھ مجھے دے دو (ا) لاجونتی (ا) ببل (ا) گرم کوٹ

73۔ ''جمبو جیٹ یعنی بوئنگ 747 میں جگہ بہت ہوتی ہے، اندر سے یہ جہاز نہیں دیوان خانہ بلکہ سنیما ہال نظر آتا ہے۔ اس فرق کے ساتھ کہ وہاں لوگ پھینٹے باندھے کوکا کولا اور مونگ پھلی بیچتے دکھائی دیتے ہیں، یہاں شائستہ اور مہربان بی بیاں آپ پر ہزار جان سے نہ سہی، مروت سے مسکراہٹوں کا چھڑکاؤ کرتی گزرتی ہیں۔''

یہ عبارت کس کتاب کی ہے؟

(ا) مسافران لندن (ا) سفرنامہ روم و مصر و شام (ا) ابن بطوطہ کے تعاقب میں (ا) جاپان چلو جاپان چلو

74۔ رباعی کس بحر میں کہی جاتی ہے؟

(ا) بحر مضارع (ا) بحر وافر (ا) بحر رجز (ا) بحر ہزج

75۔ سرخ یوں ہے رنگ آسمانی لیے کہ کھلیا کمل پھول پانی لیے

یہ شعر کس مثنوی کا ہے؟

(ا) قطب مشتری (ا) پھول بن (ا) طوطی نامہ (ا) سیف الملوک و بدیع الجمال

76۔ ''العمدہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا) احمد عبدالحمید (ا) ابن قتیبہ (ا) قدامہ ابن جعفر (ا) ابن رشیق

77۔ نظم ''آدمی نامہ'' کس ہئیت میں ہے؟

(ا) مربع (ا) مخمس (ا) مسدس (ا) مثمن

78۔ داستان ''بوستان خیال'' کس بادشاہ کے زمانے میں لکھی گئی؟

(ا) جہاندار شاہ (ا) محمد شاہ (ا) شاہ عالم (ا) اکبر شاہ ثانی

چمن میں آج نسیم بہار آ پہنچی نوید نکہت گل بے شمار آ پہنچی
صدائے قمری و صورت ہزار آ پہنچی جنوں کی فوج کی دل پر پکار آ پہنچی
ہزار شکر کہ فصل بہار آ پہنچی

79۔ یہ بند کس شعری ہئیت میں لکھا گیا ہے؟

(ا) مسبع (ا) مثمن (ا) مخمس (ا) معشر

80۔ فراق اولاً کس شاعر سے متاثر ہوئے تھے؟

(ا) داغ (ا) امیر مینائی (ا) اصغر گونڈوی (ا) حفیظ جالندھری

81۔ کالی داس کی لازوال تخلیق ''شکنتلا'' کا ترجمہ ان میں سے کس نے کیا تھا؟

(ا) للّو لال جی (ا) نہال چند لاہوری (ا) مرزا کاظم علی جوان (ا) شیر علی افسوس

82۔ تذکرہ ''چمنستان شعرا'' کو کس نے مرتب کیا؟

(ا) مولوی عبدالحق (ا) رشید حسن خاں (ا) جمیل جالبی (ا) قاضی عبدالودود

83۔ اردو کے دہلی اور نواح دہلی میں پیدا ہونے کا نظریہ کس نے دیا؟

(ا) محمد حسین آزاد (ا) مسعود حسین خاں (ا) محی الدین قادری زور (ا) شمس اللہ قادری

84۔ ''آج کل یوروپ میں شاعری کے کمال کا اندازہ اس بات سے بھی کیا جاتا ہے کہ اس نے اور شعرا سے کس قدر زیادہ الفاظ خوش سلیقگی اور شائستگی سے استعمال کیے ہیں۔''۔

یہ بیان کس نقاد کا ہے؟

(ا) احتشام حسین (ا) الطاف حسین حالی (ا) کلیم الدین احمد (ا) محمد حسن

Karwan-E-Adab

85۔ ''غزل کی اصلاح تمام اصناف سخن میں سب سے زیادہ اہم اور ضروری ہے۔''
یہ بیان کس کا ہے؟
(ا) محمد حسین آزاد (ا) شبلی (ا) امداد امام اثر (ا) حالی

86۔ ذیل میں سے کس شاعر نے صنف ریختی میں طبع آزمائی نہیں کی؟
(ا) جان صاحب (ا) انشا (ا) درد (ا) رنگین

87۔ مثنوی گلزار نسیم میں بکاولی جمیلہ کے ساتھ روح افزا کی خبر لینے جاتی ہے تو کتنے دن بعد لوٹتی ہے؟
(ا) سات (ا) پندرہ (ا) دس (ا) پانچ

88۔ قطعہ میں کم سے کم کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
(ا) دو (ا) چار (ا) چھ (ا) آٹھ

89۔ ناول امراؤ جان ادا میں امراؤ، خورشید، امیر جان، بسم اللہ جب ساون کے مہینے میں جانے کے لیے تیار ہو رہی تھیں تو وہ کون سا دن تھا؟
(ا) پیر (ا) جمعرات (ا) جمعہ (ا) ہفتہ

90۔ ذیل میں سے کون سی کتاب شبلی نعمانی کی ہے؟
(ا) مقدمہ شعروشاعری (ا) سخندان فارس (ا) شعرالعجم (ا) آب حیات

91۔ ''تضحیک روزگار'' کس قسم کا قصیدہ ہے؟
(ا) مدحیہ (ا) بہاریہ (ا) ہجویہ (ا) نعتیہ

92۔ دل گیا رسوا ہوئے آخر کو سودا ہو گیا
اس دو روزہ زیست میں ہم پر بھی کیا کیا ہو گیا
کس کا شعر ہے؟
(ا) مومن (ا) میر (ا) سودا (ا) غالب

93۔ مشرقی شعریات میں ذیل کے ناقدین میں سے ''نفسیاتی تنقید'' پر کس کی کتاب ہے؟
(ا) مجنوں گورکھپوری (ا) کلیم الدین احمد (ا) شمس الرحمٰن فاروقی (ا) شبیہ الحسن

94۔ والٹر پیٹر کی تنقید کا تعلق کس دبستان سے ہے؟
(ا) مارکسی (ا) جمالیاتی (ا) تاثراتی (ا) نفسیاتی

95۔ آل احمد سرور کس سنہ میں انٹرنیشنل اور نیشنلسٹ کانگریس کے اجلاس میں شرکت کے لیے ماسکو گئے؟
(ا)1960 (ا)1955 (ا)1972 (ا)1990

96۔ ملا وجہی نے ''قطب مشتری'' میں کن شعرا کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''اگر وہ آج ہوتے تو میرے شعر کو زیادہ رواج ملتا۔''
(ا) نظامی۔ ہاشمی (ا) فیروز۔ محمود
(ا) بندہ نواز گیسو دراز۔ اکبر حسینی (ا) شاہ کوچک ولی۔ خسرو

97۔ پلا آتشیں آب پیر مغاں
کہ بھولے مجھے گرم و سرد جہاں
اس شعر سے سحر البیان' کے کس باب کا آغاز ہوتا ہے؟
(ا) داستان حمام کے نہانے کی لطافت میں (ا) داستان سواری کی تیاری کے حکم میں
(ا) داستان پرستان میں لے جانے کی (ا) داستان بدر منیر کی تعریف میں

Karwan-E-Adab

98۔ ''یوں تو میں اکثر آپ کی آواز سنا کرتی تھی مگر کبھی بلانے کی جرأت نہ ہوئی مگر آج آپ کی غزل نے بے چین کر دیا، بے ساختہ منہ سے واہ نکل گیا۔ ادھر کسی صاحب نے کہا، یہاں آیئے، میں اپنی جگہ پر آپ ہی آپ شرمندہ ہوئی۔ جی میں آیا چپ رہوں مگر دل نہ مانا۔''
یہ اقتباس کس ناول سے ماخوذ ہے؟
(ا) فردوسِ بریں (ا) امراؤ جان ادا (ا) ٹیڑھی لکیر (ا) خدا کی بستی

99۔ ''اپنے دکھ مجھے دے دو'' میں مدن کس چیز کا کاروبار کرتا ہے؟
(ا) لکڑی کا (ا) گندے بروزے کا (ا) برتنوں کا (ا) کپڑے کا

100۔ ''غرض کہ یہ خیال کرنا ٹھیک نہیں کہ سر سید کو جو کچھ کامیابی ہوئی وہ صرف اس وجہ سے ہوئی کہ ان کی کوششیں زمانہ کے متقضا کے مطابق تھیں۔''
یہ عبارت کس کتاب کی ہے؟
(ا) یادگار غالب (ا) حیات جاوید (ا) سر سید اور ان کے نامور رفقاء (ا) آب حیات

جوابات:

Karwan-E-Adab

## نیٹ/جے آر ایف۔دسمبر 2019

1۔ ''نجومی پنڈت، جفرداں حاضر ہوئے۔ بہت سوچ بچار کر برہمنوں نے عرض کی: مہاراج کا بول بالا، جاہ وحشم مرتبہ دوبالا، اعلیٰ رہے، ہماری پوتھی کہتی ہے: بھگوان کی دیا سے شہزادے کا چندرماں بلی ہے، چھٹا سورج ہے، جو گرہ ہے وہ بھلی ہے''۔
کس داستان کی عبارت ہے؟

(الف) سب رس (ب) رانی کیتکی کی کہانی (ج) فسانہ عجائب (د) بوستان خیال

2۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔

(A) کنور ادے بھان، راجا جگت پرکاش، راجا سورج بھان

(B) راجا جگت پرکاش، چتر سین، اُما ناتھ

(C) مدن بان، رانی کیتکی، دلآرام

(D) رانی کیتکی، مہندر گر، مدن بان

(1) (A) اور (B) (2) (B) اور (C) (3) (C) اور (D) (4) (A) اور (D)

3۔ غالب کا دیباچہ بوستان خیال کی کس جلد میں شامل ہے؟

(الف) ریاض الابصار (ب) شمس الانوار (ج) حدایق الانظار (د) نجم الاسرار

4۔ نظم ''شعاعِ امید'' اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(الف) ضرب کلیم (ب) بانگ درا (ج) بال جبریل (د) ارمغان حجاز

5۔ بوستان خیال کی جلدوں کے مترجمین کے صحیح نام جوڑیئے:

(A) ضیاالانوار (i) محسن علی خاں

(B) حدایق انظار (ii) مقرب حسین خاں

(C) کاشف الاسرار (iii) خواجہ قمرالدین

(D) نورالانوار (iv) خواجہ امان دہلوی

(1) (A)(iii)، (B)(iv)، (C)(ii)، (D)(i)

(2) (A)(ii)، (B)(iii)، (C)(iv)، (D)(i)

(3) (A)(i)، (B)(iv)، (C)(ii)، (D)(iii)

(4) (A)(iv)، (B)(ii)، (C)(iii)، (D)(i)

6۔ 'سمندر دور ہے'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(الف) سعادت حسن منٹو (ب) کرشن چندر (ج) خواجہ احمد عباس (د) غیاث احمد گدی

7۔ گرنی تھی ہم پہ برق تجلی نہ طور پر     دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر
غالب کے اس شعر میں کونسی صنعت پائی جاتی ہے

(الف) صنعت تجنیس (ب) صنعت طباق (ج) صنعت تلمیح (د) صنعت تفریق

8۔ تری باندی کی باندی ہو رہوں گی     جو کچھ مجھ کو کہے گا سو کروں گی
کس مثنوی کا شعر ہے؟

(الف) سحرالبیان (ب) گلزار نسیم (ج) پھول بن (د) بکٹ کہانی

Karwan-E-Adab

9۔ چھوڑوں گی نہ میں ہند کی تاریک فضا کو
جب تک نہ اٹھیں خواب سے مردانِ گراں خواب!
خاور کی امیدوں کا یہی خاک ہے مرکز
اقبال کے اشکوں سے یہی خاک ہے سیراب!
چشم مہ و پروین ہے اسی خاک سے روشن
یہ خاک کہ ہے جس کا خزف ریزہ دُرِناب!
یہ اشعار اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہیں؟
(الف) لالہ صحرا (ب) شعاعِ امید (ج) ذوق شوق (د) لینن خدا کے حضور میں

10۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) فیض۔سردار جعفری۔ساحر: ترقی پسند تحریک
(B) ساحر لدھیانوی۔مخدوم محی الدین۔اقبال: رومانوی تحریک
(C) حالی۔شبلی۔محسن الملک: علی گڑھ تحریک
(D) مخدوم محی الدین۔اختر الایمان۔اقبال: جدیدیت
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:
(1)(A) اور (B) (2)(B) اور (C) (3)(C) اور (D) (4)(A) اور (C)

11۔ ''قلی قطب شاہ کے دربار سے ملک الشعرا کا اعزاز کسے ملا تھا''؟
(الف) ابن نشاطی (ب) وجہی (ج) نصرتی (د) مقیمی

12۔ ذیل میں سے دو زمرے وطنی اعتبار سے صحیح ہیں۔
(A) قلی قطب شاہ، وجہی (B) میر تقی میر، غالب
(C) آتش، کلیم عاجز (D) شاد عظیم آبادی، فانی بدایونی
(1)(C) اور (D) (2)(A) اور (D) (3)(A) اور (B) (4)(B) اور (C)

13۔ ''کسی گاؤں کے کنارے ایک بڑھیا کی جھونپڑی تھی، ٹھلیا اور بدھنا پانی سے بھرا ہوا تھا اور وہ پیرزن چرخا کاٹتی تھی۔ کتا کوزے کے نزدیک گیا۔ چاہا کہ لوٹے کو اٹھاوے، عورت نے ڈانٹا، لوٹا اس کے منہ سے چھوٹا، گھڑے پر گرا، مٹکا پھوٹا، باقی باسن لڑھ گئے۔ پانی بہہ چلا''۔
یہ عبارت کس داستان کی ہے؟
(الف) فسانہ عجائب (ب) بوستان خیال (ج) رانی کیتکی کی کہانی (د) باغ و بہار

14۔ کس ناقد نے کہا ہے کہ معنی کی ندرت مومن کے کلام میں ایسی ہے کہ جس کے باعث ہر شخص کی نظر آسانی سے اس تک نہ پہنچ سکے۔ اس وصف میں وہ مرزا (غالب) سے بھی سبقت لے گئے ہیں۔
(الف) مولانا الطاف حسین حالی
(ب) محمد حسین آزاد
(ج) مجنوں گورکھپوری
(د) شکیل الرحمن

15۔ نظامی بیدری کی مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' میں کدم راؤ اور پدم راؤ کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟
(الف) باپ بیٹے کا (ب) راجا اور وزیر کا (ج) دادا اور پوتے کا (د) نانا اور نانی کا

Karwan-E-Adab

16۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں

(A) روز اول سے چمن میں حسن کے نہیں ہوا پیدا اتر اجانی ہنوز

(B) ہے حسن تیرا ہمیشہ یکساں جنت سے یہاں کیوں کے جاوے

(C) کیوں کہ ملنا صنم کا ترک کروں دلبری اختیار کھوتی ہے

(D) اقلیم دلبری کا وہ دلربا ہے والی ہے جس پہ صادق مفہوم بے معانی

(1)(B) اور (C)　(2)(A) اور (B)　(3)(B) اور (D)　(4)(C) اور (D)

17۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔

(A) مانگے ہے پھر کسی کو لب بام پر ہوس　زلفِ سیاہ رُخ پہ پریشان کیے ہوئے

(B) اک نو بہارِ ناز کو تاکے ہے پھر نگاہ　بیٹھے رہیں تصورِ جاناں کئے ہوئے

(C) برسوں ہوئے ہیں چاک گریباں کیے ہوئے

(D) مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کیے ہوئے　عرصہ ہوا ہے دعوتِ مژگاں کیے ہوئے

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(1)(A) اور (B)　(2)(A) اور (C)　(3)(C) اور (D)　(4)(B) اور (C)

18۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔

(A) نارائن باوار سالو، نیکی رام-لاجونتی　(B) جوگیا، ہیمنت، صاحب جی-ببل

(C) درباری لال، سیتا، مہتا گردھاری لال-لمبی لڑکی　(D) کندن، چپلن فادر خشر، لکھی-یوکلپٹس

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(1)(A) اور (B)　(2)(B) اور (C)　(3)(C) اور (D)　(4)(A) اور (D)

19۔ ''سب رس''میں عافیت شہر کے بادشاہ کا نام کیا ہے؟

(الف) عابد　(ب) عقل　(ج) ناموس　(د) نظر

20۔ مثنویوں کے اعتبار سے مصنفین کے نام شامل کیجیے:

(A) پھول بن　(i) ملا وجہی

(B) سحرالبیان　(ii) ابن نشاطی

(C) گلزار نسیم　(iii) میر حسن

(D) قطب مشتری　(iv) دیا شنکر نسیم

(1)(A)(iii)،(B)(ii)،(C)(i)،(D)(iv)

(2)(A)(ii)،(B)(i)،(C)(iii)،(D)(iv)

(3)(A)(ii)،(B)(iii)،(C)(iv)،(D)(i)

(4)(A)(iv)،(B)(ii)،(C)(i)،(D)(iii)

21۔ رباعی کا ابتدائی نام کیا تھا؟

(الف) قطعہ　(ب) ترانہ　(ج) گیت　(د) مربع

Karwan-E-Adab

22۔ کون سی غزل کس شاعر کی ہے جوڑیئے:

(A)سحر گہ عید میں دورِ سبو تھا (i)مومن

(B)محرم نہیں ہے تو ہی نوا ہائے راز کا (ii)حسرت

(C)کسی کا ہوا آج،کل تھا کسی کا (iii)غالب

(D)دل میں خیال یار نے مخمور کر دیا (iv)میر

(1)(A)(ii)،(B)(iii)،(C)(iv)،(D)(i)

(2)(A)(iv)،(B)(iii)،(C)(i)،(D)(ii)

(3)(A)(ii)،(B)(iv)،(C)(iii)،(D)(i)

(4)(A)(i)،(B)(iii)،(C)(iv)،(D)(ii)

23۔ ذیل میں سے دو زمرے زمانی اعتبار سے درست ہیں۔

(A)ملا وجہی،انشاءاللہ خاں انشاء،میر امن

(B)میر امن،رجب علی بیگ سرور،ملا وجہی

(C)انشاءاللہ خاں انشاء،میر امن،رجب علی بیگ سرور

(D)میر امن،رجب علی بیگ سرور،ملا وجہی

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A)اور(B) (2)(A)اور(C)

(3)(B)اور(D) (4)(B)اور(C)

24۔ ''اتنا مزا اور اتنی مٹھاس اتنا زہر اور اتنی تلخی دلی جذبات کی اتنی نازک مصوری اور اتنا طوفانی جوش۔۔۔ایک معجزہ معلوم ہوتا ہے''۔
یہ تبصرہ کس کی شاعری کے تعلق سے کیا گیا ہے؟

(الف)میر (ب)سودا (ج)درد (د)مصحفی

25۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔

(A)مراۃ العروس،فسانہ آزاد،امراؤ جان ادا

(B)فسانہ آزاد،گودان،مراۃ العروس

(C)منصور موہنا،قیس ولبنیٰ،یوسف و نجمہ

(D)ایک لڑکی،پاؤں میں پھول،زعفران میں پھول

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A)اور(B) (2)(B)اور(C) (3)(C)اور(D) (4)(B)اور(D)

26۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

(1)میرے بھی صنم خانے،سفینۂ غم دل،آگ کا دریا،آخر شب کے ہمسفر

(2)سفینہ غمِ دل،آگ کا دریا،آخر شب کے ہمسفر،میرے بھی صنم خانے

(3)آگ کا دریا،آخر شب کے ہمسفر،میرے بھی صنم خانے،سفینۂ غم دل

(4)آخر شب کے ہمسفر،آگ کا دریا،سفینۂ غم دل،میرے بھی صنم خانے

Karwan-E-Adab

27۔ ذیل میں سے دوز مرے صحیح ہیں۔

(A) حسن بے پروا کو خود بین وخود آراء کر دیا۔۔۔۔۔۔۔کیا کیا میں نے کہ اظہار تمنا کر دیا

(B) پیہم دیا پیالہ مے نے برملا دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نیرنگ روزگار کا عالم دکھا دیا

(C) ایسی پھر شب نصیب ہو کہ نہ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خوب تر تھی وہ شق وعقل کی جنگ

(D) کٹ گیا قید میں ماہِ رمضاں بھی حسرت ۔۔۔۔۔۔۔گر چہ سامان سحر کا تھا، نہ افطاری کا

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A) اور (D) (2)(A) اور (B)

(3)(A) اور (C) (4)(B) اور (D)

28۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

دعویٰ: آگ کا دریا اردو کا ایک شاہکا ناول ہے۔

دلیل: اس ناول میں موضوع کو انتہائی فنکارانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے

(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے (2) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(3) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے (4) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

29۔ وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

(1) پطرس بخاری، سجاد حیدر یلدرم، احمد جمال پاشا، مشتاق احمد یوسفی

(2) سجاد حیدر یلدرم، احمد جمال پاشا، مشتاق احمد یوسفی، پطرس بخاری

(3) سجاد حیدر یلدرم، پطرس بخاری، احمد جمال پاشا، مشتاق احمد یوسفی

(4) پطرس بخاری، احمد جمال پاشا، سجاد حیدر یلدرم، مشتاق احمد یوسفی

30۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: ناول امراؤ جان ادا لکھنو کی تہذیبی زندگی کا ایک اہم مرقع ہے۔

دلیل: مرزا رسوا نے لکھنو کی تہذیبی فضا کو ناول میں مرکزی حیثیت دی ہے۔

(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

(2) دلیل صحیح ہے اور دعویٰ غلط ہے

(3) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(4) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

31۔ ذیل میں سے کس کا تعلق معنیات سے نہیں ہے؟

(الف) تاثر (ب) تصور (ج) تخالف (د) ترادف

32۔ نزع میں فانی چپکے چپکے تو نے یہ کس کا نام لیا
کیوں ادا کافر تیری زباں پر اب بھی خدا کا نام نہیں

فانی کا یہ مقطع سن کر کس شاعر نے کہا؟

''خدا کی قسم وہ مقطع کہا ہے کہ اگر ساری عمر بھی پڑھے جاؤ تو سننے والے کو نیا لطف آئے گا۔''

(الف) مجروح (ب) جوش (ج) حسرت (د) آرزو

33۔ اختر الایمان کی کس نظم کے کردار حبیبہ اور رمضانی قصائی ہیں؟

(الف) ایک لڑکا (ب) پگ ڈنڈی (ج) باز آمد (د) عہد وفا

Karwan-E-Adab

34۔ ذیل میں کون سی کتاب کہاں لکھی گئی جوڑیئے:

(A) باغ و بہار — (i) حیدرآباد
(B) سب رس — (ii) دہلی
(C) فسانہ عجائب — (iii) کلکتہ
(D) بوستان خیال (فارسی) — (iv) لکھنو

(1)(A)(ii)، (B)(iii)، (C)(iv)، (D)(i)
(2)(A)(i)، (B)(iv)، (C)(ii)، (D)(iii)
(3)(A)(iii)، (B)(i)، (C)(iv)، (D)(ii)
(4)(A)(ii)، (B)(iv)، (C)(i)، (D)(iii)

35۔ ذیل میں سے دوزمرے صحیح ہیں۔

(A) چپک رہا ہے بدن پر لہو سے پیراہن — ہماری جیب کو اب حاجت رفو کیا ہے
(B) رہی نہ طاقتِ گفتار اور اگر ہو بھی — کوئی بتاؤ کہ وہ شوخ تند خو کیا ہے
(C) ہر اک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے — تمہیں کہو کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے
(D) ہوا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا — وگرنہ خوف بد آموزی عدو کیا ہے

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A)اور(B) (2)(A)اور(C) (3)(A)اور(D) (4)(B)اور(D)

Karwan-E-Adab

36۔ ذیل میں سے دوزمرے صحیح ہیں۔

(A) پلٹ پلٹ کے قفس ہی کی سمت جانا ہوا — کسی نے راہ بتائی نہ آشیانے کی
(B) دشوار تو نہیں غم ہستی کا خاتمہ — ان کی خوشی نہیں ہے تو ان کی ہنسی سہی
(C) زندگی کی دوسری کروٹ تھی موت — زندگی کروٹ بدل کے چپ رہی
(D) آتی رہے گی خیر اب اس زندگی کو موت — یہ تو ہوا کہ موت میری زندگی ہوئی

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A)اور(B) (2)(A)اور(D) (3)(B)اور(C) (4)(C)اور(D)

37۔ ذیل میں لکھی گئی کتابوں کو ان کے مصنفین سے جوڑیئے:

(A) نئی تنقید — (i) مجنوں گورکھپوری
(B) عکس اور آئینے — (ii) محمد حسن
(C) ادبی تنقید — (iii) جمیل جالبی
(D) افسانہ اور اس کی غایت — (iv) احتشام حسین

(1)(A)(i)، (B)(iii)، (C)(iv)، (D)(ii)
(2)(A)(iii)، (B)(ii)، (C)(i)، (D)(iv)
(3)(A)(iii)، (B)(iv)، (C)(ii)، (D)(i)
(4)(A)(iv)، (B)(ii)، (C)(iii)، (D)(i)

38۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانہ ''یوکلپٹس''، میں لکھی کا اصل نام کیا ہے؟

(الف) لکشمی رانی (ب) لکھن متی (ج) لکھشمی رام داس (د) لکھنی داس

39۔ کس قصیدہ نگار کو میرؔ نے ''سرآمد شعرائے ہندی'' لکھا ہے؟
(الف) حاتم (ب) قلی قطب شاہ (ج) ولی (د) سودا

40۔ ذیل میں ناقدین کو زمانی اعتبار سے کیسے لکھا جائے گا؟
(الف) محمد حسین آزاد، امداد امام اثر، وزیر آغا، شکیل الرحمٰن
(ب) امداد امام اثر، محمد حسین آزاد، شکیل الرحمٰن، وزیر آغا
(ج) شکیل الرحمٰن، محمد حسین آزاد، امداد امام اثر، وزیر آغا
(د) امداد امام اثر، محمد حسین آزاد، شکیل الرحمٰن، وزیر آغا

41۔ ذیل میں سے ڈرامہ 'انارکلی' کے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) باب اول-عشق-منظر اول، دوم، سوم اور چہارم
(B) باب چہارم-عشق اور رقص-منظر اول، دوم، سوم اور چہارم
(C) باب دوم-رقص-منظر اول، دوم، سوم اور چہارم
(D) باب سوم-موت اور عشق-منظر اول، دوم، سوم اور چہارم
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:
(1)(A) اور (B) (2)(B) اور (C) (3)(A) اور (C) (4)(C) اور (D)

42۔ ب، پ اور پھ تینوں دولبی بندشیہ آوازیں ہیں۔ ان تینوں میں صوتی فرق کہاں سے پیدا ہوتا ہے؟
(الف) غشا (ب) صوت تانت (ج) حلقومی جوف (د) انفی جوف

43۔ درج ذیل محققین کی زمانی ترتیب کونسی صحیح ہے؟
(1) جمیل جالبی، رشید حسن خاں، مولوی عبدالحق، قاضی عبدالودود
(2) رشید حسن خاں، جمیل جالبی، مولوی عبدالحق، قاضی عبدالودود
(3) قاضی عبدالودود، مولوی عبدالحق، رشید حسن خاں، جمیل جالبی
(4) مولوی عبدالحق، قاضی عبدالودود، رشید حسن خاں، جمیل جالبی

44۔ ''شمعیں کئی ہوتی ہیں لیکن سب کی تصاویر پر ایک البم میں جمع کر کے اپنے پاس رکھ چھوڑتے ہیں اور تعطیلات میں ایک ایک کو خط لکھتے رہتے ہیں۔ دوسری قسم جلالی طلباء کی ہے۔ ان کا شجرہ جلال الدین اکبر سے ملتا ہے۔ اس لیے ہندوستان کا تخت و تاج ان کی ملکیت سمجھا جاتا ہے۔''
یہ کس انشائیہ نگار کی تحریر ہے؟
(الف) رشید احمد صدیقی (ب) مرزا فرحت اللہ بیگ (ج) احمد جمال پاشا (د) پطرس بخاری

45۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا خورشید میں بھی اس ہی کا ذرہ ظہور تھا
(B) مجلس میں رات ایک ترے پرتوے بغری اس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا
(C) کل پاؤں ایک کاسہ سر پر جو آ گیا میں بھی کبھو کسو کا سر پرغرور تھا
(D) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دُور
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:
(1)(A) اور (B) (2)(A) اور (C)
(3)(A) اور (D) (4)(C) اور (D)

Karwan-E-Adab

46۔ آنچ پھولوں پہ نہ آنے دے مگر
شہر یار کے اس مصرع کو ذیل کے مصرعوں میں سے صحیح مصرعہ چن کر شعر مکمل کیجیے:
(الف) ان گھٹاؤں کو مچل جانے دے
(ب) خس و خاشاک کو جل جانے دو
(ج) موسم دل کو بدل جانے دے
(د) اور کچھ رات کو ڈھل جانے دے

47۔ مولانا محمد حسین آزاد نے کس کی شاعری کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ تلواروں کی آبداری نشتروں میں بھر دیتے ہیں؟
(الف) مرزا رفیع سودا (ب) خواجہ میر درد
(ج) محمد تقی میر (د) انشاء

48۔ ہاں سنبھل جا اب کہ زہرہ اہل دل کے آب ہیں
کتنے طوفاں تیری کشتی کے لیے بے تاب ہیں
اس شعر پر جوش ملیح آبادی کی کونسی نظم ختم ہوتی ہے؟
(الف) جنگل کی شہزادی (ب) کسان
(ج) شکست زنداں کا خواب (د) وفاداران ازلی کا پیام

49۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا — میری طرف بھی غمزہ غماز دیکھنا
(B) مت رکھیو گرد تارکِ عشاق پر قدم — پامال ہو نہ جائے کہیں شان دیکھنا
(C) ناکامیوں کا گاہ گلہ گاہ شکر ہے — شوق وصال و اندوہ ہجراں نہیں رہا
(D) دل قابلِ محبت جاناں نہیں رہا — وہ ولولہ وہ جوش وہ طغیاں نہیں رہا
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:
(1)(A) اور (B) (2)(B) اور (C) (3)(C) اور (D) (4)(A) اور (D)

50۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:
(1) نظامی بیدری۔ ملا وجہی۔ میر حسن۔ دیا شنکر نسیم
(2) ملا وجہی۔ نظامی بیدری۔ دیا شنکر نسیم۔ میر حسن
(3) دیا شنکر نسیم۔ ملا وجہی۔ نظامی بیدری۔ میر حسن
(4) میر حسن۔ دیا شنکر نسیم۔ نظامی بیدری۔ ملا وجہی

51۔ انتقال کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:
(1) قاضی عبدالودود، گیان چند جین، جمیل جالبی، محی الدین قادری زور
(2) محی الدین قادری زور، قاضی عبدالودود، گیان چند جین، جمیل جالبی
(3) گیان چند جین، جمیل جالبی، محی الدین قادری زور، قاضی عبدالودود
(4) جمیل جالبی، گیان چند جین، قاضی عبدالودود، محی الدین قادری زور

52۔ اس زمانے میں بھی یہ ظرف ہمارا دیکھو غم وہ رکھتے ہیں جو شرمندہ فریاد نہیں
کلیم عاجز کے اس شعر میں 'ظرف' کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟
(الف) برتن (ب) تدبیر (ج) جگہ (د) حوصلہ

Karwan-E-Adab

53۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) لازم المبتدی، نوسر ہار، واحد باری
(B) قطب مشتری، سب رس، میز بانی نامہ
(C) گلشن عشق، علی نامہ، تاریخ اسکندری
(D) دیوان جوشش، دیوانِ رضا، دستور الفصاحت
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:
(1)(A) اور (B) (2)(A) اور (C) (3)(A) اور (D) (4)(B) اور (C)

54۔ آٹھ مختلف ہیئتوں کا مجموعی نام کیا ہے؟
(الف) مسبع (ب) معشر (ج) مثمن (د) مسمط

55۔ ''ادب کا پہلا اور آخری مقصد مسرت بہم پہنچانا ہے''۔
یہ قول کس مغربی نقاد کا ہے؟
(الف) لان جائنس (ب) ٹی۔ایس۔ایلیٹ (ج) ارسطو (د) میتھو آرنلڈ

56۔ ذیل میں درج اجزائے ترکیبی کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:
(الف) آمد، رخصت، سراپا، چہرہ (ب) رخصت، آمد، چہرہ، سراپا
(ج) چہرہ، سراپا، رخصت، آمد (د) سراپا، چہرہ، رخصت، آمد

57۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) دانہ ودام، گرہن، کوکھ جلی، اپنے دُکھ مجھے دے
(B) روشنی کی رفتار، ایک چادر میلی سی، شکست، اپنے دکھ مجھے دے
(C) ستاروں سے آگے، شیشے کے گھر، پت جھڑ کی آواز، روشنی کی رفتار
(D) اپنے دُکھ مجھے دے، گنجے فرشتے، دل کسی کا دوست نہیں، آگ کا دریا
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:
(1)(A) اور (B) (2)(B) اور (C) (3)(A) اور (C) (4)(D) اور (A)

58۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) گنگو، گومتی، معصوم بچہ
(B) پھول متی، پنڈت اجودیا ناتھ، بدنصیب ماں
(C) دیوناتھ، گوپا، شکوہ شکایت
(D) شیوداس، رام پیاری، روشنی
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:
(1)(A) اور (C) (2)(A) اور (B) (3)(A) اور (D) (4)(B) اور (C)

59۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے
دعویٰ: میر حسن اُردو کے سب سے بڑے مثنوی نگار ہیں۔
دلیل: کیونکہ انہوں نے گیارہ مثنویاں لکھی ہیں۔
(الف) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے (ب) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے
(ج) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے (د) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

Karwan-E-Adab

60۔ صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:
(الف) اشرف بیابانی، محمد قلی قطب شاہ، وجہی، محمد قطب شاہ
(ب) وجہی، اشرف بیابانی، محمد قلی قطب شاہ، محمد قطب شاہ
(ج) اشرف بیابانی، محمد قلی قطب شاہ، محمد قطب شاہ، وجہی
(د) محمد قلی قطب شاہ، وجہی، اشرف بیابانی، محمد قطب شاہ

61۔ فعل اپنے معنی کے اعتبار سے کُل کتنے طرح کے ہوتے ہیں؟
(الف) چار قسم کے (ب) تین قسم کے (ج) دو قسم کے (د) پانچ قسم کے

62۔ رات کو رو رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا
ذیل کے مصرعوں سے مصرع اول کی نشاندہی کر کے شعر پورا کیجیے۔
(الف) میؔر کے دین و مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو اُن نے تو
(ب) ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
(ج) عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
(د) یاں کے سپید و سیہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے

63۔ افسانوی مجموعوں کے اعتبار سے مصنفین کے نام جوڑیئے:

| | |
|---|---|
| (A) ہم وحشی ہیں | (i) راجندر سنگھ بیدی |
| (B) اپنے دکھ مجھے دیدو | (ii) عصمت چغتائی |
| (C) راستہ بند ہے | (iii) کرشن چندر |
| (D) چوٹیں | (iv) جیلانی بانو |

(1)(A)(iii)،(B)(i)،(C)(iv)،(D)(ii)
(2)(A)(i)،(B)(iii)،(C)(ii)،(D)(iv)
(3)(A)(ii)،(B)(iii)،(C)(i)،(D)(iv)
(4)(A)(ii)،(B)(iv)،(C)(i)،(D)(iii)

64۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) مطلع اور وزن۔غزل (B) تشبیب اور گریز۔قصیدہ
(C) شہادت اور دعا۔مرثیہ (D) چار مصرعے اور سترہ سالے۔ہائیکو
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:
(1)(A) اور (D) (2)(A) اور (B) (3)(A) اور (C) (4)(B) اور (D)

65۔ پوچھا ''کوئی وجہ؟''
''وقت آنے پر معلوم ہو جائے گا''
''میں ابھی جاننا چاہتا ہوں''
''تمھیں میرا حکم ماننا پڑے گا''
یہ مکالمہ ناول ''گودان'' کے کن دو کرداروں کے درمیان ہے۔
(الف) رائے صاحب اور رُدر پال سنگھ (ب) اونکار ناتھ اور سورج پرتاب سنگھ
(ج) جھنگری سنگھ اور پٹیشوری (د) رام سیوک اور گوبر

Karwan-E-Adab

66۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) تنقیدی افکار، لفظ و معنیٰ، شعر، غیر شعر اور نثر
(B) مسرت سے بصیرت تک، تنقید کیا ہے، نظر اور نظریئے
(C) ادب اور سماج، تنقیدی جائزے، تنقیدی اشارے
(D) عملی تنقید، اُردو تنقید پر ایک نظر، تنقید اور عملی تنقید
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A) اور (B)　(2)(C) اور (D)　(3)(A) اور (C)　(4)(B) اور (D)

67۔ درج ذیل ناقدین کو اُن کے زمانے کے اعتبار سے حال سے ماضی کی طرف بڑھتے ہوئے کونسی ترتیب صحیح ہے؟
(الف) شمس الرحمٰن فاروقی، محمد حسن، شبیہ الحسن، احتشام حسین
(ب) محمد حسن شمس الرحمٰن فاروقی، شبیہ الحسن، احتشام حسین
(ج) احتشام حسین، شبیہ الحسن، شمس الرحمٰن فاروقی، احتشام حسین

68۔ ذیل میں سے دو زمرے درست ہیں۔
(A) بے نظیر، بدرِ منیر، فیروز شاہ
(B) فیروز شاہ، بے نظیر، نجم النساء
(C) فیروز شاہ، ماہِ رُخ، سلیم
(D) علیم، نصوح، منقو خاں
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A) اور (C)　(2)(C) اور (D)　(3)(D) اور (B)　(4)(A) اور (B)

69۔ ذیل میں لکھے گئے تذکروں کے مولفین کے نام جوڑیئے:

| | |
|---|---|
| (A) تذکرہ ہندی | (i) میر تقی میر |
| (B) نکات الشعراء | (ii) میر حسن |
| (C) تذکرہ شعرائے اردو | (iii) شیفتہ |
| (D) گلشن بے خار | (iv) مصحفی |

(1)(A)(iv)،(B)(i)،(C)(ii)،(D)(iii)
(2)(A)(ii)،(B)(iv)،(C)(i)،(D)(iii)
(3)(A)(i)،(B)(iii)،(C)(iv)،(D)(ii)
(4)(A)(iii)،(B)(iv)،(C)(ii)،(D)(i)

70۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) میر امن، میر شیر علی افسوس، نہال چند لاہوری
(B) نام دیو مالی، کندن، خندان
(C) شکست گزیدہ، داراشکوہ، حضرت جان
(D) آسمان روشن ہے، شکست، ضدی
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A) اور (B)　(2)(B) اور (C)　(3)(A) اور (C)　(4)(C) اور (D)

Karwan-E-Adab

71۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:
دعویٰ: اُردو مراثی سانحہ کربلا کے بہترین عکاس ہیں۔
دلیل: اس میں سانحہ کربلا کے تمام ممکنہ کا موثر طریقے سے احاطہ کیا گیا ہے۔
(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے (2) دلیل صحیح ہے اور دعویٰ غلط ہے
(3) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے (4) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

72۔ اب کہاں جاؤں، کروں کیا، کیوں کہ راہ آگے کی دلوں
اس جنگل میں کوئی اب مشکل کشا میرا نہیں
بے کسی ہوئی ختم مجھ پر اس جنگل میں میرے سر
باپ نہیں، دادا نہیں اور کوئی چچا میرا نہیں
یہ اشعار کس کتاب میں شامل ہیں؟
(1) رانی کیتکی کی کہانی (2) باغ و بہار (3) کربل کتھا (4) فسانۂ عجائب

73۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) مخدوم محی الدین- چاند تاروں کا بن، انتظار، آج کی رات نہ جا
(B) فیض احمد فیض- کہاں جاؤ گے، یاد، کتے
(C) اختر الایمان-کتبہ، واپسی، نارسائی
(D) نظیر اکبرآبادی-خوشامد، برسات کی بہاریں، آواز
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:
(1)(A) اور (B) (2)(C) اور (C) (3)(B) اور (D) (4)(C) اور (B)

74۔ ذیل میں سے کسے نحویات کے مطالعے میں شامل نہیں کیا جاتا؟
(الف) جزو (ب) جزو متصل (ج) ترکیب (د) اجزائے ترکیبی

75۔ ناول ''امراؤ جان ادا'' کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟
(الف) 25 (ب) 23 (ج) 24 (د) 21

76۔م صمّت کو کس اور نام سے جانتے ہیں؟
(الف) صحیح (ب) حرکت (ج) علّت (د) اعراب

77۔ تصانیف کے اعتبار سے مصنفین کا نام جوڑیے:
(A) توبۃ النصوح (i) قرۃ العین حیدر
(B) فردوس بریں (ii) عبدالحلیم شرر
(C) گودان (iii) ڈپٹی نذیر احمد
(D) آگ کا دریا (iv) پریم چند
(1)(A)(iv)،(B)(iii)،(C)(i)،(D)(ii)
(2)(A)(iii)،(B)(ii)،(C)(iv)،(D)(i)
(3)(A)(i)،(B)(iii)،(C)(ii)،(D)(iv)
(4)(A)(ii)،(B)(iii)،(C)(i)،(D)(iv)

Karwan-E-Adab

78۔ ذیل میں سے دو زُمرے صحیح ہیں۔
(A) زعفران، ستارہ، عنبر (B) سلیم، ستارہ، بسم اللہ
(C) دلارام، کافور، سلیم (D) فیض علی، سلیم، انارکلی
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:
(1) (A) اور (B) (2) (A) اور (C) (3) (B) اور (D) (4) (D) اور (C)

79۔ ہائیکو کل کتنے مصرعوں اور سالموں پر مشتمل ہوتی ہے؟
(1) تین مصرعوں اور سترہ (17) سالموں پر
(2) چار مصرعوں اور پندرہ (15) سالموں پر
(3) آٹھ مصرعوں اور بارہ (12) سالموں پر
(4) سات مصرعوں اور چودہ (14) سالموں پر

80۔ ''ترکیبوں کی چستی اور انداز بیان کی پختگی کے اعتبار سے اندر سبھا پہلا ڈرامہ ہونے کے باوجود ایسے مرتبے پر ہے جہاں انیسویں صدی کا شاید ہی کوئی ڈراما پہنچا ہو' اندر سبھا سے متعلق یہ بیان کس کا ہے؟
(1) محمد عمر و نور الہیٰ (2) مسعود حسین رضوی (3) امتیاز علی تاج (4) مسیح الزماں

81۔ 'ٹوٹا ستارہ'' کس کا افسانہ ہے؟
(1) سہیل عظیم آبادی (2) کرشن چندر (3) اقبال مجید (4) جیلانی بانو

82۔ پریم چند کے ناولوں کی زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کیا ہے:
(1) بیوہ۔ گئودان۔ اسرار معابد۔ میدان عمل (2) گئودان۔ اسرار معابد۔ بیوہ۔ میدان عمل
(3) میدان عمل۔ گودان۔ اسرار معابد۔ بیوہ (4) اسرار معابد۔ بیوہ۔ میدان عمل۔ گئودان

83۔ مجتبیٰ حسین نے اپنے سفرنامہ ''جاپان چلو جاپان چلو' میں جاپان کی قدیم راجدھانی کا کیا نام لکھا ہے؟
(1) اوساکا (2) یوکو ماہا (3) کیوشو (4) کیوٹو

84۔ ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں۔
(A) دلچسپ، دلکش، مینا بازار (B) مینا بازار، دلکش، شعاع اُمید
(C) نیکی کا پھل، طاہرہ، خوفناک محبت (D) روٹی نامہ، خوشامد، دِل کی پیاس
صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:
(1) (B) اور (C) (2) (C) اور (D) (3) (A) اور (C) (4) (A) اور (B)

85۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:
دعویٰ: بیدی عورتوں کی نفسیات کی عکاسی کا بہت بڑا فنکار ہے۔
دلیل: اس نے مختلف صورت حال میں عورتوں کی پیچیدہ نفسیات کی فنکارانہ عکاسی کی ہے۔
(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے۔ (2) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے۔
(3) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے۔ (4) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح۔

86۔ ''تعلیم و تدریس کا پیشہ شریف پیشہ ہے۔ تعلیم ہی نے ہمیں انسان بنایا ہے۔ تعلیم حکومتوں سے بے نیاز ہوتی ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ انسان نے اپنے شاندار تہذیبی سفر میں جو کچھ بھی سیکھا ہے وہ آنے والی نسلوں کو سکھائیں۔''
یہ عبارت کس کتاب کی ہے؟
(1) خواب باقی ہیں (2) ورود مسعود (3) مضامین سرسید (4) ضحاک

Karwan-E-Adab

87۔ مصنفین کے حساب سے تصانیف جوڑیئے:

(A)عصمت چغتائی (i)ایک چادر میلی سی
(B)راجندر سنگھ بیدی (ii)ٹیڑھی لکیر
(C)شوکت صدیقی (iii)بستی
(D)انتظار حسین (iv)خدا کی بستی

(1)(A)(i)،(B)(iii)،(C)(iv)،(D)(ii)
(2)(A)(ii)،(B)(i)،(C)(iv)،(D)(iii)
(3)(A)(iii)،(B)(ii)،(C)(i)،(D)(iv)
(4)(A)(ii)،(B)(iii)،(C)(i)،(D)(iv)

88۔ درج ذیل میں سے مشتاق احمد یوسفی کے انشائیہ کی نشاندہی کیجیے۔

(1)چینی شاعر (2)جنون لطیفہ (3)شامت اعملا (4)وکیل صاحب

89۔ مصنفین کے اعتبار سے کتابوں کے نام جوڑیئے:

(A)عبداللہ حسین (i)امراؤ جان ادا
(B)انتظار حسین (ii)اداس نسلیں
(C)الیاس احمد گدی (iii)بستی
(D)مرزا ہادی رسوا (iv)فائر ایریا

(1)(A)(ii)،(B)(iv)،(C)(i)،(D)(iii)
(2)(A)(i)،(B)(ii)،(C)(iii)،(D)(iv)
(3)(A)(iii)،(B)(ii)،(C)(i)،(D)(iv)
(4)(A)(ii)،(B)(iii)،(C)(iv)،(D)(i)

90۔ ذیل میں دو زمرے زمانی اعتبار سے صحیح ہیں۔

(A)محمود شیرانی،مولوی عبدالحق،امتیاز علی خاں عرشی،مالک رام
(B)مولوی عبدالحق،محمود شیرانی،قاضی عبدالودود،امتیاز علی خاں عرشی
(C)محمود شیرانی قاضی عبدالودود،امتیاز علی خاں عرشی،مالک رام
(D)مولوی عبدالحق،امتیاز علی خاں عرشی،مالک رام،محمود شیرانی

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(1)(B)اور(C) (2)(A)اور(D) (3)(C)اور(D) (4)(B)اور(D)

Karwan-E-Adab

91 سے 95 تک کے سوالات کا جواب اس اقتباس کی روشنی میں دیجیے:

| | |
|---|---|
| سورج نے دیا اپنی شعاعوں کو یہ پیغام | دنیا ہے عجب چیز کبھی صبح کبھی شام |
| مدت سے تم آوارہ ہو پہنائے فضا میں | بڑھتی ہی چلی جاتی ہے بے مہرئی ایام |
| نے ریت کے ذروں پہ چمکنے میں ہے راحت | نے مثلِ صبا طوفِ گل ولالہ میں آرام |
| پھر میرے تجلی کدۂ دل میں سما جاؤ | چھوڑو چمنستان وبیابان و درو بام |
| آفاق کے ہر گوشہ سے اٹھتی ہیں شعائیں | بچھڑے ہوئے خورشید سے ہوتی ہیں ہم آغوش |
| اک شور ہے مغرب میں اُجالا نہیں ممکن | افرنگ مشینوں کے دھوئیں سے ہے سیہ پوش |
| مشرق نہیں گو لذت نظارہ سے محروم | لیکن صفتِ عالم لاہوت ہے خاموش |
| پھر ہم کو اسی سینہ روشن میں چھپائے | اے مہر جہاں تاب نہ کر ہم کو فراموش |

91۔ نظم کا یہ اقتباس کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(1) الطاف حسین حالی (2) علامہ اقبال

(3) فیض احمد فیض (4) برج نرائن چکبست

92۔ عالم لاہوت کی صفت نظم میں کیا بتائی گئی ہے؟

(1) صداقت (2) بے مہری

(3) خاموشی (4) فریاد

93۔ لذت نظارہ سے کون محروم نہیں ہے؟

(1) مشرق (2) مغرب

(3) شمال (4) جنوب

94۔ آفاق کے ہر گوشے سے اُٹھنے والی شعاعیں کس سے ہم آغوش ہوتی ہیں؟

(1) محبوب (2) خورشید

(3) راہی (4) فلک

95۔ اس نظم کا عنوان بتایئے جس کا یہ اقتباس ہے؟

(1) لالہ صحرا (2) ساقی نامہ

(3) شعاعِ امید (4) ذوق وشوق

Karwan-E-Adab

100-96

”اس کی آواز لرز رہی تھی۔ نیاز نے اس کو پیار سے ڈانٹا۔ پاگل مت بنو۔ اور اس کو اپنے دونوں بازوؤں پر اٹھالیا۔ سلطانہ نے کوئی مزاحمت نہ کی، وہ سہمی ہوئی سی اس کے سینے سے لگ گئی۔ نیاز اس کو بازوؤں پر اٹھائے ہوئے کمرے کے باہر آ گیا۔ بارش کے قطر یکھڑ کی کے شیشوں پر، درختوں پر، چھتوں پر نچ رہے تھے۔ ہوا فراٹے بھرتی ہوئی درختوں سے گزرتی تو ایسا محسوس ہوتا کہ کوئی زور زور سے قہقہے لگا رہا ہے۔“

96۔ مذکورہ بالا اقتباس ناول کے کس فصل سے ماخوذ ہے؟
(1) فصل چہارم (2) فصل ہشتم (3) فصل سوم (4) فصل دوم

97۔ مذکورہ بالا اقتباس میں نیاز اور سلطانہ کے درمیان کیا رشتہ ہے؟
(1) شوہر اور بیوی (2) سوتیلا باپ اور سوتیلی بیٹی (3) چچا اور بھتیجی (4) ماموں اور بھانجی

98۔ مذکورہ بالا اقتباس کس ناول سے ماخوذ ہے؟
(1) اداس نسلیں (2) ٹیڑھی لکیر (3) خدا کی بستی (4) بستی

99۔ مذکورہ بالا اقتباس کس حصے سے ماخوذ ہے؟
(1) دوسرے (2) پانچویں (3) آٹھویں (4) چوتھے

100۔ مذکورہ اقتباس جس ناول سے ماخوذ ہے اس کے تخلیق کار کون ہیں؟
(1) انتظار حسین (2) عصمت چغتائی (3) شوکت صدیقی (4) عبداللہ حسین

Karwan-E-Adab

جوابات:

## یو جی سی نیٹ جے آر ایف۔4 نومبر 2020

1. ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں۔

| | |
|---|---|
| A | فورٹ ولیم کالج ،رجب علی بیگ سرور،شیر علی افسوس |
| B | فورٹ ولیم کالج،فقیر محمد خاں گویا ،میر امن |
| C | فورٹ ولیم کالج،شیر علی افسوس،کاظم علی جواں |
| D | فورٹ ولیم کالج،میر امن ،حیدر بخش حیدری |

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1)(A)اور(D)　(2)(B)اور (C)　(3)(C)اور (D)　(4)(B)اور (D)

2. کرے ہے والب غنچہ در ہزار سخن

درج ذیل کے صحیح مصرعہ سے شعر مکمل کیجئے۔

| | |
|---|---|
| 1 | جو واہو غنچہ منقار ِ بلبلِ تصویر |
| 2 | چمن میں موج تکلم کی کھول کر زنجیر |
| 3 | نفس کے تار سے آواز ِ خوش تراز بم و زیر |
| 4 | تو سبز فیض ِ ہوا سے وہ بہ رنگ شعیر |

3. ذیل کے دو صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| A | مجتبیٰ حسین: ابن بطوطہ کی تلاش |
| B | سرسید: مسافران لندن |
| C | شبلی نعمانی: سفرنامہ روم ومصر شام |
| D | ابن انشا: جاپان چلو جاپان چلو |

(1)(A) اور (B)　(2)(B)اور(C)　(3)(C)اور (D)　(4)(B)اور(D)

4. مندرجہ ذیل اشعار میں سے ذوق کے شعر کے نشاندہی کیجئے:

| | | |
|---|---|---|
| (1) | ہے لعل سے نسبت نگہ ِ چشم کو جن کے | جاتی ہے دو پلکے پہ نظر ان کی بہ تحقیر |
| (2) | کرے ہے سلب تغیر سے ذات حادث سے | زمانہ عدل سے تیرے بہ اعتدال پذیر |
| (3) | لبریز سے کیسہ در مکنوں سے جن کا | کب شبہ فروشوں کا حضور ان کے ہے توقیر |
| (4) | مستغنی ذاتی نہ ہو محوس کی ہو تسخیر | معدن ہو جہاں سونے کا واں خاک ہے تاثیر |

5. کیا اعتبار یاں کا پھر اس کو خوار دیکھا

مصرعۂ دُوم کی نشاندہی کر کے میر تقی میر کا شعر مکمل کیجئے۔

| | |
|---|---|
| 1 | افسوس ہے کہ ہم نے واں کا نہ بار پایا |
| 2 | آخر اجاڑ دینا اس کا قرار پایا |
| 3 | واں جا کے صبح دیکھا مشت غبار پایا |
| 4 | |

6. ذیل میں کس صنف میں قافیہ نہیں ہوتا؟

(1) غزل (2) قصیدہ (3) ہائیکو (4) قطعہ

7. ناقد اور اس کی تصنیف کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں۔

| | |
|---|---|
| A | آل احمد سرور: ادب اور نظریہ |
| B | کلیم الدین احمد: ادبی تنقید |
| C | محمد حسن: عملی تنقید |
| D | احتشام حسین: ادب اور سماج |

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1) (B) اور (A) (2) (C) اور (B) (3) (D) اور (C) (4) (D) اور (A)

Karwan-E-Adab

8. اصناف ادب کے اعتبار سے دو صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| A | ہم وحشی ہیں۔ایک لڑکی۔خواب باقی ہیں |
| B | شامت اعمال۔وکیل صاحب۔جنون لطیفہ |
| C | تماشہ گھر۔چینی شاعری۔ایک لڑکا |
| D | تنہائی۔سمندر کا بلاوا۔چلکے |

(1) (A) اور (B) (2) (B) اور (C) (3) (D) اور (B) (4) (D) اور (A)

9. ذیل میں دو زمرے صنف کے لحاظ سے صحیح ہیں۔صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| A | امراو جان ادا، آگ کا دریا، ٹھنڈا گوشت |
| B | آگ کا دریا، خدا کی بستی، بستی |
| C | اپنے دکھ مجھے دیدو، ہم وحشی ہیں، روشنی کی رفتار |
| D | ہم وحشی ہیں، گئودان، اپنے دکھ مجھے دیدو |

(1) (A) اور (B) (2) (B) اور (C) (3) (C) اور (D) (4) (A) اور (D)

10. شاعر اور اشعار کے اعتبار سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) | حسرت موہانی | (i) | کہاں سے آتے ہیں یہ گھر اجالتے ہوئے لفظ<br>چھپا ہے کیا میری مٹی میں ماہ پارہ کوئی |
| (b) | عرفان صدیقی | (ii) | اتنا نہ تجھ سے ملتے نہ دل کو کھو کے روتے<br>جیسا کیا تھا ہم نے ویسا ہی یار پایا |
| (c) | مرزا غالب | (iii) | یک قدم بے سود ہے اظہار آرزو<br>حسن بے پروا کے آگے عشق نا منظور کا |
| (d) | میر تقی میر | (iv) | حال دل نہیں معلوم لیکن اس قدر یعنی<br>ہم نے بار بار ڈھونڈا، تم نے بار ہا پایا |

(1) (d) (iii) (c) (ii) (b) (i) (a)

(2) (ii) (d) (iv) (c) (i) (b) (ii) (a)

(3) (i) (d) (iv) (c) (iii) (b) (ii) (a)

(4) (i) (d) (iii) (c) (ii) (b) (iv) (a)

Karwan-E-Adab

11. کون پہلے پیدا ہوا؟ صحیح ترتیب بتائیے:

| | |
|---|---|
| 1 | علی سردار جعفری۔اخترالایمان۔ساحر لدھیانوی۔فراق |
| 2 | فراق ۔علی سردار جعفری۔اخترالایمان۔ساحر لدھیانوی |
| 3 | اخترالایمان۔فراق۔ ساحر لدھیانوی۔علی سردار جعفری |
| 4 | فراق۔ اخترالایمان۔علی سردار جعفری۔ساحر لدھیانوی |

12. ذیل کی آوازوں کو ان کے لسانی نام سے جوڑیئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) | ب | (i) | دولبی |
| (b) | ک | (ii) | تالوی |
| (c) | غ | (iii) | غشائی |
| (d) | ج | (iv) | حلقی |

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(1) (ii) (d) (iv) (c) (iii) (b) (i) (a)

(2) (iv) (d) (iii) (c) (i) (b) (ii) (a)

(3) (i) (d) (iv) (c) (ii) (b) (iii) (a)

(4) (iii) (d) (ii) (c) (i) (b) (iv) (a)

.13 ولی کی شاعری میں کیا نہیں ہے؟

(1) تخلیقیت (2) تصوف (3) قنوطیت (4) رجائیت

.14

> ”ہمارے پڑھنے کا طریقہ تو اب سن چکے، اب مولویوں کی جماعت کا حال بھی سن لیجیے اس جماعت میں تمام کے تمام سرحد پار ہی کے لوگ تھے۔ لمبے لمبے کرتے، بری بڑی آستینیں، ڈیڑھ ڈیڑھ دو تھان کی شلواریں شملہ بہ مقدار علم کے لحاظ سے کئی کئی سیر کے پگڑ، لمبی لمبی داڑھیاں۔“

یہ عبارت کس کتاب کی ہے؟

(1) حیات جاوید (2) خواب باقی ہیں

(3) نذیر احمد کی کہانی؛ کچھ ان کی کچھ میری زبانی (4) ابن بطوطہ کے تعاقب میں

.15 تذکرہ اور تذکرہ نگاروں کے اعتبار سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) | کریم الدین | (i) | گلشن بے خار |
| (b) | میر تقی میر | (ii) | شعرائے اردو |
| (c) | میر حسن | (iii) | طبقات الشعراء |
| (d) | شیفتہ | (iv) | نکات الشعراء |

(1) (a) (iii) (b) (iv) (c) (ii) (d) (i)

(2) (a) (iv) (b) (iii) (c) (i) (d) (ii)

(3) (a) (i) (b) (iv) (c) (ii) (d) (iii)

(4) (a) (ii) (b) (i) (c) (iii) (d) (iv)

Karwan-E-Adab

.16 مصنف کے اعتبار سے ذیل کے صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | الاؤ۔ روشنی کی رفتار۔ نظارے |
| B | پت جھڑ کی آواز۔ جگنو کی دنیا۔ ستاروں کے آگے |
| C | نظارے۔ طلسم خیال۔ شکاری عورتیں |
| D | بابا لوک۔ سارا دن دھوپ میں۔ پرندہ پکڑنے کی گاڑی |

(1) (A) اور (C) (2) (B) اور (D) (3) (D) اور (C) (C) اور (D)

.17 غزل کے ہر شعر مزید تین تین مصرعے لگانا اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

(1) تضمین (2) شہر آشوب (3) ترکیب بند (4) تخمیس

18. ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں۔شاعر اور اس کے مجموئے کے لحاظ سے دوصحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| A | اصغر گونڈوی:: آتش گل |
| B | جگر مرادآبادی:: آتش گل |
| C | مجروح سلطان پوری:: غزل |
| D | عرفان:: اسم اعظم |

دوصحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(1) (A)اور (B) (2) (D)اور (B) (3) (D)اور(C) (4) (C)اور (B)

19. ذیل میں دوبیانات دئے گئے ہیں جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| دعویٰ | خدا کی بستی ایک شاہکار ناول ہے۔ |
| دلیل | کیوں کہ اسے پہلا آدم جی انعام ملا تھا۔ |

(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(2) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے

(3) دلیل صحیح لیکن دعویٰ غلط ہے

(4) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط

20. ذیل میں سے دوزمرے مکمل شعری حیثیت سے صحیح ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ہوا پہ دوڑتا ہے اس طرح سے ابر سیاہ | | عیاں ہو خامہ سے تحریر نغمہ جائے صریر |
''اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ادیب کے لیے تخلیق کا کرب ایک جاں گسل لذت کے باوجود روح فرسا ہوتا ہے۔ اس کے شعور کا ہر لمحہ اسی کے لیے وقف ہو جاتا ہے اور اس کی روح گویا اس کے قلم کی نوک میں آ جاتی ہے۔ اگر وہ اپنی تسکین کے علاوہ ادیب کے ذمہ کسی قسم کا سماجی فرض بھی سمجھتا ہے تو اسے اپنی ہر تحریر کے اثر کو نظر میں رکھنا پڑتا ہے اور وہ مستقبل کے اس نقاد سے بے نیاز نہیں ہو سکتا جو تصنیف کے فوری اثر پڑھنے والوں کی راہوں اور تنقیدوں کی روشنی میں فیصلہ کرے گا۔ ایک لحاظ سے نقاد کا کام مصنف سے زیادہ مشکل ہوتا ہے کیوں کہ اس کی ذمہ داری رایوں اور تنقیدوں کے اس انبار کو دیکھتے ہوئے بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے جو ہر تصنیف کے گرد جمع ہو جاتا ہے۔ ایک اچھا نقاد نہ تو انھیں نظر انداز کر سکتا ہے اور نہ انھیں کی بنیاد پر فیصلہ کر سکتا ہے اس لیے جب وہ اصول نقد معین کرنے کی کوشش کرے گا تو جہاں اس کے لیے ادب اور ادیب کو اچھی طرح جاننا اور سمجھنا ضروری ہوگا وہیں ہر عہد میں ادب کے متعلق جو راہیں پیش کی گئی ہیں۔ ان کا سمجھنا بھی ضروری قرار پائے گا۔

اس اقتباس کی روشنی میں بتائیے کہ وہ کونسی کیفیت ہے جو مصنف کے لیے جاں گسل لذت کے باوجود روح فرسا ہوتی ہے؟

(1) مصنف کا مقصد (2) تخلیق کا کرب (3) سماج کا خوف (4) شعور ذات

97۔ مندرجہ بالا اقتباس کی روشنی میں بتائیے کہ نقاد کا کام مصنف کے مقابلے میں کیوں زیادہ مشکل ہے؟

(1) ناقد کو مصنف کو پڑھنا ہوتا ہے

(2) رایوں اور تنقیدوں کے اس انبار کے پیش نظر جو مصنف کے گرد جمع ہو جاتا ہے

(3) یہ تخلیق کار کے شعور کا تجزیہ کرتا ہے

(4) یہ سماج کی نمائندگی کرتا ہے

98۔ اس اقتباس کی روشنی میں بتائیے کہ کسی تخلیقی فن پارے کے بارے میں مختلف لوگوں کی رایوں اور تنقیدوں کی وجہ سے نقاد کے سامنے کیا مسئلہ پیدا ہوتا ہے؟

(1) کام آسان ہو جاتا ہے (2) فیصلہ کرنے میں مدد ملتی ہے (3) ذمہ داری بڑھ جاتی ہے (4) کوئی فرق نہیں پڑتا

99۔ اردو ادب کے اہم ناقد پروفیسر احتشام حسین کے مندرجہ بالا اقتباس کی روشنی میں بتائیے کہ ایک اچھا نقاد کیا نظر انداز نہیں کرتا؟

(1) مصنف کی شخصیت

(2) مصنف کا سفر حیات

(3) رایوں اور تنقیدوں کا وہ انبار جو اس مصنف کی اس تخلیق کے بارے میں لکھا گیا ہے۔

(4) مصنف جو رائے اپنے بارے میں پیش کرتا ہے۔

100۔ اس اقتباس کے پیش نظر ادب اور ادیب کو اچھی طرح جاننے اور سمجھنے کے علاوہ ناقد کے لیے کیا ضروری ہے؟

(1) ہر عہد میں ادب کے متعلق جو رائیں پیش کی گئی ہیں، اُن کا سمجھنا بھی ضروری ہے۔

(2) مصنف کے حالات سے واقف ہونا۔

(3) مصنف کے سماج سے متعلق معلومات فراہم کرنا۔

(4) مصنف کا سیاسی پس منظر جاننے کی کوشش کرنا۔

Karwan-E-Adab

## یو جی سی نیٹ/ جے آر ایف ۔ دسمبر 2021 اور جون 2022

1۔

| | | |
|---|---|---|
| ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا | | نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا |

(۱) استعارہ (۲) طباق (۳) مجاز مرسل (۴) کنایہ

2۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | اسمِ اعظم | (I) | جگر مرادآبادی |
| (B) | آتش گل | (II) | جذبی |
| (C) | سخنِ مختصر | (III) | اصغر گونڈوی |
| (D) | نشاطِ روح | (IV) | شہریار |

(۱)A-I,B-III,C-II,D-IV

(۲)A-IV,B-III,C-I,D-II

(۳)A-IV,B-I,C-II,D-III

(۴)A-II,B-III,C-I,D-II

3۔ داستان اور اس کے کردار کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ملکہ نوبہار | (I) | رانی کیتکی کی کہانی |
| (B) | بیدار بخت | (II) | فسانۂ عجائب |
| (C) | راجہ سورج بھان | (III) | بوستان خیال |
| (D) | ملکہ مہر نگار | (IV) | باغ و بہار |

(۱)A-I,B-II,C-III,D-IV

(۲)A-III,B-IV,C-I,D-II

(۳)A-IV,B-III,C-II,D-I

(۴)A-II,B-I,C-IV,D-III

4۔ تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| A | امداد امام اثر، محمد حسن، کلیم الدین احمد، شمس الرحمٰن فاروقی |
| B | کلیم الدین احمد، امداد امام اثر، محمد حسن، شمس الرحمٰن فاروقی |
| C | محمد حسن، امداد امام اثر، شمس الرحمٰن فاروقی، کلیم الدین احمد |
| D | امداد امام اثر، کلیم الدین احمد، محمد حسن، شمس الرحمٰن فاروقی |

Karwan-E-Adab

5۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | | |
|---|---|---|
| A | ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی | ذوقؔ |
| B | نمک خوانِ تکلم ہے فصاحت میری | انیسؔ |
| C | کروں پہلے توحید یزداں رقم | میر حسنؔ |
| D | ضیغم ڈکارتا ہوا نکلا کچھار سے | انیسؔ |

(۱) C اور A (۲) C اور B (۳) D اور B (۴) A اور D

6۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں، جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل۔
دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| دعویٰ | غالبؔ اردو کے بہت بڑے شاعر تھے۔ |
| دلیل | اس لیے کہ انھیں بہادر شاہ ظفر کے دربار سے خطاب ملا تھا۔ |

(۱) دعویٰ درست ہے، دلیل بھی درست ہے۔
(۲) دعویٰ درست ہے، لیکن دلیل درست نہیں ہے۔
(۳) دلیل درست ہے، دعویٰ غلط ہے۔
(۴) دعویٰ درست نہیں ہے، دلیل بھی درست نہیں ہے۔

Karwan-E-Adab

7۔

| | |
|---|---|
| اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل کرلو | اب یہاں کوئی نہیں کوئی نہیں آئے گا |

یہ مصرعے کس نظم کا حصہ ہیں؟

(۱) سمندر کا بلاوا (۲) تنہائی (۳) حویلی (۴) گریز

8۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| A | ماسٹر رام چندر، مجروح سلطان پوری، ناسخ |
| B | بیگ احساس، ماسٹر رام چندر، مجروح سلطان پوری |
| C | ناسخ، مولوی عبدالحق، شمیم حنفی |
| D | مولوی عبدالحق، ناسخ، شمیم حنفی |

9۔ ’سندر لال‘ کس افسانے کا کردار ہے۔؟

(۱) اپنے دکھ مجھے دے دو (۲) لاجونتی (۳) لمبی لڑکی (۴) ببّل

10۔ ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | مافوق الفطری عناصر داستان کے بنیادی جزو ہیں۔ |
| B | میرامن کی بنیادی شناخت ''گنج خوبی'' کی وجہ سے ہے۔ |
| C | ''سب رس''، غواصی کی تصنیف ہے۔ |
| D | اردو داستانوں میں ہماری تہذیب ومعاشرت کی بھرپور عکاسی ملتی ہے۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے

(۱) C اور A (۲) C اور B (۳) A اور D (۴) B اور C

11۔ ''ادبی تحقیق مسائل اور تجزیہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱) ڈاکٹر شین اختر (۲) رشید حسن خاں (۳) جمیل جالبی (۴) گیان چند جین

12۔ ''ادب الکاتب'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱) قدامہ ابن جعفر (۲) جاحظ (۳) عبدالقادر جرجانی (۴) ابن قتیبہ

13۔ 'باغ و بہار' کا تیسرا درویش کس ملک کے بادشاہ کا بیٹا تھا؟

(۱) چین (۲) مصر (۳) عجم (۴) یمن

14۔ ''ہندوستان کی جدید زبانوں کی پیدائش پراکرتوں سے نہیں بلکہ اپ بھرنشوں سے ہوتی ہے''۔ یہ رائے کس نے دی ہے؟

(۱) محی الدین قادری زور (۲) شوکت سبزواری (۳) مسعود حسین خاں (۴) مرزا خلیل احمد بیگ

15۔ ایسی نظم کو کیا کہیں گے، جس میں شاعر محبوب کو جلی کٹی سُنا کر کسی اور سے دل لگانے کی دھمکی دیتا ہے؟

(۱) شہر آشوب (۲) واسوخت (۳) ریختی (۴) دوبیتی

16۔ ذیل میں دوزمرے صحیح اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| ۱ | جوگیا، لمبی لڑکی، ٹرمینس سے پرے، یوکلپٹس |
| ۲ | نئی بیوی، معصوم بچہ، بدنصیب ماں، شانتی |
| ۳ | پالی ہل کی ایک رات، روشنی کی رفتار، دیوالہ، روشنی |
| ۴ | نیا قانون، موذیل، ہتک، شکوہ شکایت |

17۔ عبدالقادر سروری نے 'مارفیم' کے لیے کون سا اردو لفظ استعمال کیا ہے؟

(۱) تشکیلیات (۲) تشکیلہ (۳) روپ (۴) رُخ

18۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | داستان ''باغ و بہار'' ترجمہ ہے لیکن طبع زاد معلوم ہوتی ہے۔ |
| B | ڈراما ''ضحاک'' کسان تحریک کے پس منظر میں لکھا گیا ہے۔ |
| C | ثُریّا 'ڈراما انارکلی' کا کردار ہے۔ |
| D | امانت لکھنوی ایک کامیاب داستان نوین تھے۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) A اور C　(۲) B اور A　(۳) C اور B　(۴) D اور B

19۔ تاریخ ولادت کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | رتن ناتھ سرشار، عبدالحلیم شرر، انتظار حسین، مرزا ہادی رُسوا |
| ۲ | عبدالحلیم شرر، رتن ناتھ سرشار، مرزا ہادی رسوا، انتظار حسین |
| ۳ | رتن ناتھ سرشار، عبدالحلیم شرر، مرزا ہادی رسوا، انتظار حسین |
| ۴ | رتن ناتھ سرشار، مرزا ہادی رسوا، عبدالحلیم شرر، انتظار حسین |

20۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | ملا وجہی۔ابن نشاطی۔غواصی |
| B | نظامی بیدری، ملا وجہی، ابن نشاطی |
| C | ملک خوشنود، مقیمی، رستمی |
| D | ابن نشاطی، ملا وجہی، نظامی بیدری |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) D اور B　(۲) A اور B　(۳) C اور A　(۴) D اور A

21۔ درج ذیل میں سے کس رسالے نے رومانوی تحریک کو فروغ دیا؟

(۱) شب خون　(۲) مخزن　(۳) سب رس　(۴) شاعر

22۔ شاعر کی نظموں کے لحاظ سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | اک مس سیمیں بدن سے، مستقبل، شہر آشوب |
| B | مادرِ وطن، بے ثباتی دُنیا، بیر بہوٹی |
| C | اے عشق کہیں لے چل، او دیس سے آنے والے بتا، وادیٔ گنگا میں ایک رات |
| D | نذر علی گڑھ، آوارہ، چاند تاروں کا بن |

(۱) B اور C　(۲) C اور D　(۳) A اور D　(۴) A اور B

Karwan-E-Adab

23۔ افسانوی مجموعہ ''روشنی کی رفتار'' میں کون کون سے افسانے شامل ہیں؟

| | |
|---|---|
| ۱ | آورہ گرد، حسب نسب، نظارہ درمیاں ہے، قلندر |
| ۲ | کہرے کے پیچھے، نظارہ درمیاں ہے، حسب نسب، دوسیاح |
| ۳ | قلندر ہاؤسنگ سوسائٹی، نظارہ درمیاں ہے، کارمن |
| ۴ | جلاوطن، ڈالن والا، قلندر، فقیروں کی پہاڑی |

24۔

| | |
|---|---|
| سراسر عشق کے ہے اس میں رازاں | کیے سو عشق بازی عشق بازاں |

یہ شعر کس مثنوی سے ماخوذ ہے؟

(۱) پھول بن (۲) قطب مشتری (۳) بکٹ کہانی (۴) کدم راؤ پدم راؤ

25۔ شاعری کے سلسلے میں مطالعۂ کائنات اور تفحص الفاظ کو کس نقاد نے ضروری قرار دیا؟

(۱) سید احتشام حسین (۲) الطاف حسین حالی (۳) شمس الرحمٰن فاروقی (۴) کلیم الدین احمد

26۔ ذیل میں ناولوں اور ان کے کرداروں کے نام درج ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | خدا کی بستی | (I) | چھمی جان |
| (B) | گودان | (II) | سلطانہ |
| (C) | فسانہ آزاد | (III) | نعیم |
| (D) | اداس نسلیں | (IV) | داتادین |

(۱) A-III,B-IV,C-III,D-I
(۲) A-II,B-IV,C-I,D-III
(۳) A-I,B-II,C-III,D-IV
(۴) A-III,B-I,C-IV,D-II

27۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | کلیم عاجز | (I) | عشق نامہ |
| (B) | فراق گورکھپوری | (II) | وہ جو شاعری کا سبب ہوا |
| (C) | عرفان صدیقی | (III) | گلِ نغمہ |
| (D) | یگانہ چنگیزی | (IV) | آیاتِ وجدانی |

(۱) A-III,B-I,C-II,D-IV
(۲) A-IV,B-III,C-II,D-I
(۳) A-III,B-IV,C-I,D-II
(۴) A-II,B-III,C-I,D-IV

28۔ دلی کالج کے پہلے پرنسپل کون تھے؟

(۱)ڈاکٹر اشپرنگر (۲)مسٹر فلکس بترو (۳)مسٹر جے۔ایچ ٹیلر (۴)جان گلکرسٹ

29۔ لغت میں درج ذیل الفاظ کی ترتیب کیا ہوگی؟

| | |
|---|---|
| ۱ | ہجر،مرگ،شوق،وصل |
| ۲ | شوق،مرگ،وصل،ہجر |
| ۳ | وصل،شوق،مرگ،ہجر |
| ۴ | شوق،مرگ،ہجر،وصل |

30۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں،جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل۔

دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| دعویٰ | میر امن اردو کے ایک اہم داستان نویس ہیں۔ |
| دلیل | کیونکہ انھوں نے بوستانِ خیال جیسی داستان لکھی۔ |

(۱)دعویٰ غلط ہے،دلیل صحیح ہے (۲)دعویٰ صحیح ہے،دلیل غلط ہے

(۳)دعویٰ صحیح ہے،دلیل بھی صحیح ہے (۴)دعویٰ غلط ہے،دلیل بھی غلط ہے

Karwan-E-Adab

31۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط

| | |
|---|---|
| A | فورٹ ولیم کالج کے قیام کا مقصد نو وارد انگریز افسروں کو اردو سکھانا تھا |
| B | دارالترجمہ عثمانیہ اورنگ آباد میں قائم ہوا |
| C | علی تحریک کے بانی اقبال تھے |
| D | دلی کالج کے قیام کا مقصد ہندوستانیوں کو اردو زبان میں عصری اور سائنسی علوم کی تعلیم دینا تھا |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)D اور C (۲)B اور A (۳)A اور D (۴)C اور B

32۔ زبانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | حالی،نظیر،جوش،اقبال |
| ۲ | نظیر،جوش،حالی،اقبال |
| ۳ | اقبال،نظیر،جوش،حالی |
| ۴ | نظیر،حالی،اقبال،جوش |

33۔ ان میں سے کون دبستانِ لکھنؤ کا شاعر ہے؟

(۱)شاہ مبارک آبرو (۲)شیخ امام بخش ناسخ (۳)مظہر جان جاناں (۴)خواجہ میر درد

34۔ ارسطو کی کتاب کا اردو میں ''بوطیقا'' کے نام سے ترجمہ کس نے کیا ہے؟

(۱)سلیم احمد (۲)عزیز احمد (۳)مولوی عبدالحق (۴)سید عابد حسین

35۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | ''اردوئے معلیٰ'' غالب کے خطوط کا مجموعہ ہے |
| B | ''اس آباد خرابے میں'' خطوط کا مجموعہ ہے |
| C | ''ورود مسعود'' میں کل سترہ ابواب ہیں |
| D | ''خواب باقی ہیں'' سردار جعفری کی خودنوشت ہے |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)B اور C (۲)D اور A (۳)D اور B (۴)A اور C

36۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | امداد امام اثر، شبلی، رشید حسن خاں |
| B | سلام اجمی، عبدالقاہر جرجانی، ابن رشیق |
| C | حالی، آل احمد سرور، محمد حسن |
| D | گیان چند جین، جمیل جالبی، مجنوں گورکھپوری |

(۱)A اور B (۲)C اور D (۳)A اور D (۴)B اور C

37۔ ''غالب جدید شعرا کی محفل میں'' کس کا انشائیہ ہے؟

(۱)رشید احمد صدیقی (۲)پطرس بخاری (۳)کنہیالال کپور (۴)مشتاق احمد یوسفی

38۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | پنجاب میں اردو | (I) | ڈاکٹر مسعود حسین خان |
| (B) | زبان اور علم زبان | (II) | محمود شیرانی |
| (C) | مقدمہ تاریخ زبان اردو | (III) | عبدالقادر سروری |
| (D) | اردو زبان کی تاریخ | (IV) | مرزا خلیل احمد بیگ |

(۱)A-II,B-III,C-I,D-IV (۲)A-III,B-I,C-II,D-IV

(۳)A-I,B-III,C-II,D-IV (۴)A-IV,B-III,C-II,D-I



Karwan-E-Adab

39۔ علم معنیات کولسانیات میں پہلی بارکس نے علاحدہ شق کے طور پر پیش کیا؟

(۱)بریل (۲)لے سنگ (۳)ڈی۔سورژ (۴)پروفیسرایلین

40۔ ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | لندن کے سفر میں سرسید کے ساتھ حامد اور محمود شامل تھے |
| B | ''ابن بطوطہ کے تعاقب میں'' شبلی کا سفرنامہ ہے |
| C | 'مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' احمد جمال پاشا کا انشائیہ ہے۔ |
| D | مجتبیٰ حسین کا سفرنامہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' کی پہلی اشاعت 1983 میں ہوئی۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)BاورA (۲)AاورD (۳)CاورB (۴)DاورC

41۔ ذیل میں دوزمرے درست ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | سید احتشام حسین۔ ہندوستانی لسانیات کا خاکہ |
| B | اردو زبان کی تاریخ۔مرزا خلیل احمد بیگ |
| C | شوکت سبزواری۔زبان اور علم زبان |
| D | داستان زبان اردو جدید۔شوکت سبزواری |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)DاورB (۲)BاورA (۳)DاورC (۴)DاورA

42۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں،ایک میں دعویٰ کیا گیا ہے اور دوسرے میں دلیل دی گئی ہے۔دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| دعویٰ | پریم چند ایک عظیم افسانہ نگار ہیں۔ |
| دلیل | کیونکہ انھوں نے ہندی میں بھی افسانے لکھے ۔ |

(۱)دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے (۲)دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(۳)دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے (۴)دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

43۔ ان میں سے کون سی کتاب آل احمد سرور کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

(۱)لفظ ومعنیٰ (۲)تلاش وتوازن (۳)مسرت سے بصیرت تک (۴)مضامین نو

44۔ جملوں کی ساخت کے مطالعے کو کیا کہتے ہیں؟

(۱)صرف (۲)نحو تفصیلی (۳)نحو ترکیبی (۴)مفعولی حالت

45۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں، ایک میں دعویٰ کیا گیا ہے اور دوسرے میں دلیل دی گئی ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| دعویٰ | کسی بھی زبان کا ادب ترجمے سے ثروت مند ہوتا ہے۔ |
| دلیل | ترجمے کی بدولت مختلف زبانوں کے ادب اور علوم سے واقفیت ہوتی ہے ۔ |

(۱) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے　(۲) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے
(۳) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے　(۴) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے

46۔ کس نظم میں خواتین ہی کی زبان میں اُن کے جذبات کی ترجمانی کی جاتی ہے؟
(۱) دوبیتی　(۲) شہر آشوب　(۳) ریختی　(۴) غزل

47۔ ذیل میں دو زمرے درست ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | اردو اسٹیج ڈراموں کے فروغ میں پارسی تھیٹریکل کمپنیوں کا اہم رول رہا ہے |
| B | آغا حشر کاشمیری کو اردو ڈرامے کا شیکسپیئر کہا جاتا ہے |
| C | مکالموں کے بغیر بھی ڈرامے لکھے جاسکتے ہیں |
| D | ڈراما ''اندر سبھا'' کے مصنف حبیب تنویر ہیں |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔
(۱) B اور C　(۲) A اور B　(۳) D اور B　(۴) C اور D

48۔ درج ذیل شعرا کو اُن کی اصناف سے جوڑیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | واسوخت | (I) | امجد حیدر آبادی |
| (B) | مسدس | (II) | میر انیس |
| (C) | رباعی | (III) | میر تقی میر |
| (D) | مرثیہ | (IV) | حالی |

(۱) A-IV,B-I,C-II,D-III　(۲) A-III,B-IV,C-II,D-I
(۳) A-III,B-IV,C-I,D-II　(۴) A-III,B-I,C-IV,D-II

49۔ تاج الملوک کس مثنوی کا کردار ہے؟
(۱) سحر البیان　(۲) کدم راؤ پدم راؤ　(۳) گلزار نسیم　(۴) بکٹ کہانی

50۔ ذیل میں دو زمرے درست ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | ''سب رس'' اور ''قطب مشتری'' ملا وجہی کی تصانیف ہیں |
| B | 'رانی کیتکی کی کہانی'' کا اسلوب عربی وفارسی آمیز ہے |
| C | ''فسانۂ عجائب'' دہلی میں لکھی گئی |
| D | میر امن دہلی میں پیدا ہوئے۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)B اور A (۲)D اور C (۳)A اور D (۴)C اور D

51۔ دارالترجمہ عثمانیہ کس کی نگرانی میں قائم ہوا؟

(۱)مولوی عبدالحق (۲)وحیدالدین سلیم (۳)عنایت اللہ دہلوی (۴)شبلی نعمانی

52۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | بازآمد | (I) | برج نارائن چکبست |
| (B) | چکلے | (II) | میراجی |
| (C) | خاک ہند | (III) | اخترالایمان |
| (D) | جاتری | (IV) | ساحرلدھیانوی |

(۱)A-II,B-IV,C-III,D-I (۲)A-I,B-III,C-IV,D-II

(۳)A-III,B-II,C-IV,D-I (۴)A-III,B-IV,C-I,D-II

53۔

| | |
|---|---|
| کوئی ویرانی سی ویرانی ہے | دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا |

(۱)ایہام (۲)تہہ داری (۳)مبالغہ (۴)استعارہ

54۔ ناول ''فردوس بریں'' کے پہلے باب کا کیا عنوان ہے؟

(۱)فردوس بریں (۲)پریوں کا غول (۳)پھروہی عالم عناصر (۴)بلغان خاتون کا سفر

55۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | آب حیات، پنجاب میں اردو، مقدمہ تاریخ زبان اردو، اردو زبان کی تاریخ |
| ۲ | اردو زبان کی تاریخ، آب حیات، مقدمہ تاریخ زبان اردو، پنجاب میں اردو |
| ۳ | پنجاب میں اردو، آب حیات، اردو زبان کی تاریخ، مقدمہ تاریخ زبان اردو |
| ۴ | آب حیات، پنجاب میں اردو، اردو زبان کی تاریخ، مقدمہ تاریخ زبان اردو |

Karwan-E-Adab

56۔ محققین اور کتابوں کے اعتبار سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | دکن میں اردو | (I) | محی الدین قادری زور |
| (B) | چند ہم عصر | (II) | نصیر الدین ہاشمی |
| (C) | سرگزشتِ غالب | (III) | رشید حسن خاں |
| (D) | انشا اور تلفظ | (IV) | مولوی عبدالحق |

(۱)A-I,B-III,C-II,D-IV (۲)A-IV,B-III,C-I,D-II

(۳)A-IV,B-I,C-II,D-III (۴)A-II,B-IV,C-I,D-III

57۔ ’’تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے‘‘۔ یہ کس کا قول ہے؟

(۱) قاضی عبدالودود (۲) مالک رام (۳) حنیف نقوی (۴) گیان چند جین

58۔ ذیل میں دو ز مرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | مشرقی ہندوستان کی زبانیں۔ بنگالی، آسامی، اڑیا، بہاری |
| B | شمالی مغربی ہندوستان کی زبانیں۔لہندا، سندھی، مغربی، پنجابی |
| C | بنگالی آسامی، اڑیا، میتھلی، جنوبی ہندوستان کی زبانیں |
| D | پنجابی، سندھی، بھوجپوری۔ مغربی ہندوستان کی زبانیں |

(۱)D اور B (۲)B اور A (۳)B اور C (۴)D اور A

59۔ سفر نامہ اور سفر نامہ نگار کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ابن انشا | (I) | جاپان چلو جاپان چلو |
| (B) | سرسید | (II) | سفر نامہ روم و مصر و شام |
| (C) | مجتبیٰ حسین | (III) | مسافران لندن |
| (D) | شبلی نعمانی | (IV) | ابن بطوطہ کے تعاقب میں |

(۱)A-III,B-IV,C-II,D-I

(۲)A-I,B-II,C-III,D-IV

(۳)A-IV,B-III,C-I,D-II

(۴)A-II,B-I,C-IV,D-III

60۔ ’’شامت اعمال‘‘ کس کا انشائیہ ہے؟

(۱) یوسف ناظم (۲) احمد جمال پاشا (۳) مجتبیٰ حسین (۴) انجم مانپوری

Karwan-E-Adab

61۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں، جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل۔
دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| دعویٰ | امداد امام اثر اُردو کے اہم نقاد ہیں۔ |
| دلیل | کیونکہ انھوں نے تنقیدی کتاب ''کاشف الحقائق'' لکھی۔ |

(۱)دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے
(۲)دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے
(۳)دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے
(۴)دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے

62۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | قدامہ ابن جعفر، ابن رشیق، ابن قتیبہ |
| B | شمس قیس رازی، عروضی سمرقندی، امتیاز علی عرشی |
| C | قاضی عبدالودود، امتیاز علی عرشی، احتشام حسین |
| D | کلیم الدین احمد، وزیر آغا، گوپی چند نارنگ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)B اور C (۲)A اور D (۳)A اور C (۴)C اور D

63۔

| | | |
|---|---|---|
| میں کیسے سمجھتا کہ تو ہے یا کہ نہیں ہے | | ہر دم متغیر تھے خرد کے نظریات |

اس شعر میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟

(۱)حضرت جبرئیلؑ سے (۲)خدا سے (۳)ادام علیہ السلام سے (۴)اسرافیل علیہ السلام سے

64۔ ذیل میں دو زمرے مکمل شعری حیثیت سے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | دل کو نہ پوچھ معرکۂ حسن و عشق میں | | اکثر ترے بغیر بھی آرام آ گیا |
| B | دل کو سکون ، روح کو آرام آ گیا | | بے اختیار لب پہ ترا نام آ گیا |
| C | دل کو سکون ، روح کو آرام آ گیا | | موت آ گئی کہ دوست کا پیغام آ گیا |
| D | دل کو نہ پوچھ معرکۂ حسن و عشق میں | | کیا جانیے غریب کہاں کام آ گیا |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)A اور C (۲)A اور B (۳)B اور C (۴)C اور D

65۔ ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' میں کُل کتنے سین ہیں؟

(۱)سترہ (۲)انیس (۳)اٹھارہ (۴)بیس

Karwan-E-Adab

66۔ علویت(SUBLIMITY) کانظریہ کس مغربی نقاد نے پیش کیا؟

(۱)آئی اے رچرڈس (۲)میتھیو آرنلڈ (۳)ارسطو (۴)لان جائنس

67۔ ناقد اور اُن کی تصنیف کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | آل احمد سرور۔۔مسرت سے بصیرت تک |
| B | مجنوں گورکھپوری۔۔روایت اور بغاوت |
| C | محمد حسن۔۔شناسا چہرے |
| D | شمس الرحمٰن فاروقی۔۔نئے اور پرانے چراغ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)B اور D (۲)B اور C (۳)A اور C (۴)A اور D

68۔ لغت میں درج ذیل شعرا کے تخلص کی ترتیب کیا ہوگی؟

| | |
|---|---|
| ۱ | اصغرؔ، مومنؔ، میرؔ، فانیؔ |
| ۲ | اصغرؔ، فانیؔ، مومنؔ، میرؔ |
| ۳ | میرؔ، مومنؔ، فانیؔ، اصغرؔ |
| ۴ | اصغرؔ، میرؔ، مومنؔ، فانیؔ |

69۔ شاعر اور ان کی نظم کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | میراجی۔بازیابی |
| B | جوش ملیح آبادی۔جنگل کی شہزادی |
| C | شفیق فاطمہ شعریٰ۔سمندر کا بلاوا |
| D | اسمٰعیل میرٹھی۔آثارِ سلف |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)A اور D (۲)A اور C (۳)B اور D (۴)C اور D

70۔ سہد یورمانی کس ناول کا کردار ہے؟

(۱)اُداس نسلیں (۲)خدا کی بستی (۳)فائر ایریا (۴)گئودان

71۔ ان میں سے نظامی عروضی سمرقندی کی تصنیف کون سی ہے؟

(۱)لُباب الالباب (۲)قابوس نامہ (۳)چہار مقالہ (۴)خجستہ نامہ

Karwan-E-Adab

72۔ افسانہ نگار اور اُن کے افسانے کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں۔

| | |
|---|---|
| A | قرۃ العین حیدر ۔ صرف ایک سگریٹ |
| B | کرشن چندر ۔ فقیروں کی پہاڑی |
| C | راجندر سنگھ ۔ گرہن |
| D | سعادت حسن منٹو ۔ نیا قانون |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) A اور D (۲) B اور D (۳) C اور D (۴) A اور C

73۔ ان میں سے کون سی نظم اختر الایمان کی ہے؟

(۱) حویلی (۲) باز آمد (۳) بازگشت (۴) آثار سلف

74۔ کسی تصنیف کے مختلف نسخوں کا مقابلہ کر کے درست متن تیار کرنے کا عمل کیا کہلاتا ہے؟

(۱) تسوید (۲) تصحیف (۳) تدوین (۴) تحریف

75۔ ''ناٹیہ شاستر'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱) آچاریہ شنکک (۲) ابھینو گپت (۳) آچاریہ بھرت منی (۴) آنند وردھن

76۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | میر ضمیر، مرزا دبیر، میر خلیق |
| B | میر ضمیر، میر خلیق، مرزا فصیح |
| C | میر ضمیر، میر انیس، مرزا فصیح |
| D | جوش، جمیل مظہری، وحید اختر |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) B اور A (۲) D اور B (۳) B اور C (۴) A اور D

77۔ تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | امتیاز علی خاں عرشی، قاضی عبدالودود، مجنوں گورکھپوری، محی الدین قادری زور |
| ۲ | محی الدین قادری زور، امتیاز علی خاں عرشی، قاضی عبدالودود، مجنوں گورکھپوری |
| ۳ | محی الدین قادری زور، قاضی عبدالودود، مجنوں گورکھپوری، امتیاز علی خاں عرشی |
| ۴ | مجنوں گورکھپوری، امتیاز علی خاں عرشی، قاضی عبدالودود، محی الدین قادری زور |

Karwan-E-Adab

78۔ شاعراوراُن کے شعری مجموعے کے اعتبار سے دوزمرے صحیح ہیں اوردوغلط۔

| | |
|---|---|
| A | ن۔م۔راشد ۔۔ایران میں اجنبی |
| B | اخترالایمان ۔۔بنت لمحات |
| C | جذبی ۔۔نئی دنیا کوسلام |
| D | سردارجعفری ۔۔فروزاں |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)Bاور C (۲)Aاور B (۳)Cاور D (۴)Bاور D

79۔ دہلی ورنا کولرٹرانسلیشن سوسائٹی کس کی کوششوں سے قائم ہوئی؟

(۱)کرنل ہالرائیڈ (۲)لارڈولزلی (۳)ڈاکٹراشپرنگر (۴)مسٹرفلیکس بترو

80۔ مسمط کی کتنی قسمیں ہیں؟

(۱)آٹھ (۲)بارہ (۳)سولہ (۴)دس

81۔ رپورتاژ''پودے'' کے مصنف کون ہیں؟

(۱)حمیداختر (۲)کرشن چندر (۳)قرۃالعین حیدر (۴)عصمت چغتائی

82۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | رانی کیتکی کی کہانی،باغ وبہار،سب رس |
| ۲ | باغ وبہار،سب رس،بوستان خیال |
| ۳ | سب رس،کربل کتھا،بوستان خیال |
| ۴ | فسانۂ عجائب،سب رس،باغ وبہار |

83۔ مصنفین اورکتابوں کے اعتبار سے درست جوڑکی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | سب رس | (I) | فضل علی خاں فضلی |
| (B) | ضحاک | (II) | حبیب تنویر |
| (C) | کربل کتھا | (III) | محمدحسن |
| (D) | آگرہ بازار | (IV) | ملاوجہی |

(۱)A-I,B-II,C-III,D-IV (۲)A-IV,B-III,C-I,D-II

(۳)A-III,B-IV,C-II,D-I (۴)A-II,B-I,C-IV,D-III

Karwan-E-Adab

84۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | رباعی میں عام طور پر اخلاق و تصوف، پند و موعظت اور حکمت وغیرہ کے مضامین ہوتے ہیں |
| B | رباعی میں تین مصرعے ہوتے ہیں |
| C | رباعی کے تمام مصرعوں میں خیال غیر مربوط ہوتا ہے |
| D | رباعی عربی زبان کا لفظ ہے |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) A اور C (۲) B اور D (۳) A اور D (۴) B اور C

85۔ ذیل میں دو زمرے صنف کے لحاظ سے صحیح ہیں۔

| | |
|---|---|
| A | فسانۂ آزاد، فردوس بریں، گؤدان، ہم وحشی ہیں |
| B | روشنی کی رفتار، بابا لوگ، الاؤ، تماشا گھر |
| C | بجوکا، ایک لڑکی، ٹھنڈا گوشت، فائر ایریا |
| D | ٹیڑھی لکیر، توبۃ النصوح، خدا کی بستی، آگ کا دریا |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) B اور C (۲) C اور D (۳) B اور D (۴) A اور D

86۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| A | ''فسانۂ آزاد'' پریم چند کی تصنیف ہے |
| B | ''اداس نسلیں'' کے مصنف شوکت صدیقی ہیں |
| C | ناول ''بستی'' انتظار حسین کی تصنیف ہے |
| D | افسانوی مجموعہ ''بابا لوگ'' کے مصنف غیاث احمد گدی ہیں |

(۱) B اور C (۲) C اور D (۳) B اور D (۴) A اور D

87۔ تاریخ ولادت کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | مخدوم محی الدین، فیض احمد فیض، چکبست، ساحر لدھیانوی |
| ۲ | چکبست، مخدوم محی الدین، فیض احمد فیض، ساحر لدھیانوی |
| ۳ | فیض احمد فیض، چکبست، ساحر لدھیانوی، مخدوم محی الدین |
| ۴ | چکبست، فیض احمد فیض، ساحر لدھیانوی، مخدوم محی الدین |

Karwan-E-Adab

88۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

| | |
|---|---|
| A | شہزادہ گلفام ڈراما ''اندر سبھا'' کا کردار ہے |
| B | ''ضحاک'' حبیب تنویر کا ڈراما ہے |
| C | ''یہودی کی لڑکی'' اور ''رستم وسہراب'' آغا حشر کاشمیری کے ڈرامے ہیں |
| D | ''بوستان خیال'' ملا وجہی کی تصنیف ہے |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) D اور A (۲) B اور D (۳) C اور B (۴) A اور C

89۔ ''سب رس'' میں شہزادے کو کس چیز کی تلاش ہے؟

(۱) آب حیات (۲) جادوئی انگوٹھی (۳) طلسمی پھول (۴) بولنے والا طوطا

90۔ ''خواب باقی ہیں'' کس کی خودنوشت ہے؟

(۱) جوش ملیح آبادی (۲) عبدالماجد دریابادی (۳) آل احمد سرور (۴) اختر الایمان

95-91 سوالات کے جوابات ذیل میں دیے گئے اقتباس کی روشنی میں دیجیے۔

اتنی محنت کچھ نیک نہ لگی، اُس کا فائدہ ظاہر نہ ہوا۔ اے شاہزادے! تیری یہ حالت بے کسی کی دیکھ کر مجھے یاد آیا اور یہ جی میں ٹھہرایا، کسو طرح تجھ کو مَلِک صادق کے پاس لے چلوں اور تیرے چچا کا ظلم بیان کروں۔ غالب ہے کہ وہ دوستی تمہارے باپ کی یاد کر کر، ایک بوزنہ جو باقی ہے، تجھے دے۔ تب ان کی مدد سے تیرا ملک تیرے ہاتھ آوے۔ اور چین وماچین کی سلطنت تو بہ خاطر جمع کرے۔ اور بالفعل اس حرکت سے تیری جان بچتی ہے۔ اگر اور کچھ نہ ہو، تو اس ظالم کے ہاتھ سے سوائے اس تدبیر کے اور کوئی صورت مخلصی کی نظر نہیں آتی۔ میں نے اُس کی زبانی یہ سب کیفیت سُن کر کہا کہ دادا جان! اب تو میری جان کا مختار ہے۔ جو میرے حق میں بھلا ہو، سو کر۔ میری تسلی کر کے، آپ عطر اور بخور اور جو کچھ وہاں لے جانے کی خاطر مناسب جانا، خرید کرنے بازار میں گیا۔
دوسرے دن میرے اُس کافر کے پاس، جو بجائے ابوجہل کے تھا، گیا اور کہا: جہاں پناہ! شہزادے کے مار ڈالنے کی ایک صورت میں نے دل میں ٹھہرائی ہے، اگر حکم ہو تو عرض کروں۔ وہ کم بخت خوش ہو کر بولا: وہ کیا تدبیر ہے؟ تب مبارک نے کہا کہ اُس کے مار ڈالنے میں سب طرح آپ کی بدنامی ہے، مگر میں اُسے باہر جنگل میں لے جا کر ٹھکانے لگاؤں اور گاڑ داب کر چلا آؤں۔ ہرگز کوئی محرم نہ ہوگا کہ کیا ہوا۔ یہ بندش مبارک سے سن کر بولا کہ بہت مبارک۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ سلامت نہ رہے۔ اُس کا دغدغہ میرے دل میں ہے۔ اگر مجھے اِس فکر سے تو چھڑاوے گا، تو اس خدمت کے عوض بہت کچھ پاوے گا۔ جہا تیرا جی چاہے لے جا کر کھپا دے اور مجھے یہ خوش خبری لا دے۔

91۔ مذکورہ بالا اقتباس کس درویش سے متعلق ہے؟

(۱) پہلے (۲) چوتھے (۳) دوسرے (۴) تیسرے

92۔ مذکورہ بالا اقتباس میں ''ابوجہل'' سے کون مراد ہے؟

(۱) وزیر (۲) شہزادے کا چچا (۳) غلام (۴) جنوں کا بادشاہ

93۔ مذکورہ اقتباس میں ملک صادق کون ہے؟

(۱) جنوں کا بادشاہ (۲) تیسرا درویش (۳) چین وماچین کا بادشاہ (۴) ایران کا بادشاہ

94۔ مذکورہ اقتباس میں مبارک نے شاہزادے کو مارنے کے لیے کون سی تدبیر تجویز کی؟
(۱) زہر دے کر مار دینے کی (۲) شیر کے پنجرے میں ڈال دینے کی (۳) پھانسی پر لٹکا دینے کی (۴) جنگل میں مار کر گاڑ دینے کی

95۔ مذکورہ بالا اقتباس میں لفظ ''بوزنہ'' کا کیا مفہوم ہے؟
(۱) شیر (۲) کتا (۳) بندر (۴) بھالو

100-96 سوالات کے جوابات ذیل میں دیے گئے اقتباس کی روشنی میں دیجیے۔

بلبلوں کی وہ صدائیں، وہ گلوں کی خوش بو دل کو اُلجھاتے تھے، سُنبل کے وہ پُرخم گیسو
قمریاں کہتی تھیں، شمشاپہ یا ہو! فاختہ کی، یہ صدا سروپہ تھی ، کوٗ کوٗ کوٗ
وقت تسبیح کا تھا عشق کا دم بھرتے تھے
اپنے معبود کی ، سب حمدوثنا کرتے تھے

آئے سجّادۂ طاعت پہ ، اِمام دو جہاں اُس طرف طبل بجایاں ہوئی لشکر میں اَذاں
وہ مُصلّی کہ زباں جن کی ، حدیث وقُرآن وہ نمازی ، کہ جو ایماں کے تن پاک کی جاں
زاہد ایسے تھے کہ مُمتاز تھے، ابراروں میں
عابد ایسے تھے کہ سجدے کیے، تلواروں میں

کیا جوانانِ خوش اَطوار تھے، سبحان اللہ کیا رفیقانِ وفادر تھے، سبحان اللہ
صَف دروغازی وجرّار تھے، سُبحان اللہ زاہد و عابد و اَبرار تھے، سُبحان اللہ
زن وفرزند سے فُرقت ہوئی ، مسکن چھوڑا
مگر احمدؐ کے نواسے کا ، نہ دامن چھوڑا

اللہ اللہ ! عجب فوج، عجب غازی تھے عجب اَسوار تھے بے مِثل ، عجب تازی تھے
لائقِ مدح و سزاوارِ سرافرازی تھے گو بہت کم تھے، پہ آمادۂ جاں بازی تھے
پیاس ایسی تھی کہ آ آگئی جاں ہونٹوں پر
صابر ایسے تھے کہ پھیری نہ زباں ہونٹوں پر

96۔ مندرجہ بالا اشعار میں ''امام دو جہاں'' سے شاعر نے کس کی شخصیت کی طرف اشاہ کیا ہے؟
(۱) حضرت علی (۲) حضرت امام حسن (۳) حضرت امام حسین (۴) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

97۔ ''مگر احمد کے نواسے کا نہ دامن چھوڑا'' سے کیا مراد ہے؟
(۱) حضرت امام حسن کا ساتھ دیا (۲) حضرت زین العابدین کا ساتھ دیا
(۳) رات کے اندھیرے میں نکل بھاگے (۴) حضرت امام حسین کا ساتھ دیا

98۔ اس شعری اقتباس کے تیسرے بند میں لفظ ''صف دروجرّار'' کے کیا معنیٰ ہیں؟
(۱) تیراندازی کا ماہر (۲) دلیر اور بہادر (۳) دشمنوں سے صلح کرنے والا (۴) رحم دل

99۔ مندرجہ بالا اشعار میں لفظ ''سجادۂ طاعت'' کے کیا مراد ہے؟
(۱) جانماز (۲) منبر (۳) آرام کرسی (۴) تکیہ

100۔ مندرجہ بالا اقتباس کے تیسرے بند میں ''رفیقانِ وفادار'' سے کن کی طرف اشارہ ہے؟
(۱) حضرت علی کے وفادر ساتھی (۲) حضرت عثمان کے وفادر ساتھی
(۳) حضرت امام حسن کے ساتھی (۴) حضرت امام حسین کے وفادار ساتھی

Karwan-E-Adab

UGC NET/JRF DEC 2022

URDU

1۔ ''ہمارے ادب کو قومی آزادی کی تحریک کی ترجمانی کرنی چاہیئے۔ اسے سامراجیوں اور ظلم کرنے والے امیروں کی مخالفت کرنا چاہیئے۔ اسے مزدوروں اور کسانوں اور تمام مظلوم انسانوں کی طرف داری اور حمایت کرنا چاہیئے۔ اس میں عوام کے دکھ سکھ، ان کی بہترین خواہشوں اور تمناؤں کا اظہار اس طرح کرنا چاہیئے جس سے ان کی انقلابی قوت میں اضافہ ہو اور وہ متحد و منظّم ہو کر اپنی جدوجہد کو کامیاب بنا سکیں۔''
ترقی پسند ادیبوں کے جلسے میں یہ باتیں کس نے اپنی تقریر میں کہی تھیں؟

(۱) مولانا حسرت موہانی (۲) مولوی عبدالحق (۳) سجاد ظہیر (۴) اختر حسین رائے پوری

2۔ رباعی کے دیگر دو نام کیا ہیں؟

(۱) دوبیتی اور ترانہ (۲) دوبیتی اور قطعہ
(۳) قطعہ اور چہار بیت (۴) چہار بیت اور مثمن

3۔ درج ذیل ابیات کس مثنوی سے لیے گئے ہیں؟

| | |
|---|---|
| پھرنا جو وطن کا مدعا ہے | اب صفحے پہ یوں قلم پھرا ہے |
| کہنے لگی وہ مراد پائی | بولا وہ جو یاں سے ہو رہائی |

(۱) سحر البیان (۲) گلزار نسیم (۳) قطب مشتری (۴) پھول بن

4۔ محمد حسین آزاد نے نظم ''شب قدر'' انجمن پنجاب کے جلسے میں پیش کی تھی؟

(۱) 19/ اپریل 1874
(۲) 30/ مئی 1874
(۳) 30/ جون 1874
(۴) 13/ اگست 1874

5۔ نظم ''آدمی نامہ'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(۱) مربع (۲) مسدس (۳) مخمس (۴) مسبع

6۔ نظم ''شعاع امید'' کو شاعر نے کتنے ذیلی حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

(۱) دو (۲) تین (۳) چار (۴) پانچ

Karwan-E-Adab

7۔ ''مابعد جدیدیت سرے سے لیک دینے، فارمولے وضع کرنے یا تخلیق کار کے لئے ہدایت نامے جاری کرنے کا فلسفہ ہے ہی نہیں۔''
یہ خیال کس نقاد کا ہے؟

(۱)شمس الرحمٰن فاروقی (۲) گوپی چند نارنگ (۳)وہاب اشرفی (۴)قمر رئیس

8۔

| | | |
|---|---|---|
| علم سوز و ساز میں وصل سے بڑھ کے ہے فراق | | وصل میں مرگ آرزو، ہجر میں لذت طلب |
| عین وصال میں مجھے حوصلہ نظر نہ تھا | | گرچہ بہانہ جو رہی میری نگاہ بے ادب |

یہ اشعار کس نظم سے ماخوذ ہیں؟

(۱)لالہ صحرائی (۲)ساقی نامہ (۳)گریز (۴)ذوق وشوق

9۔

| | | |
|---|---|---|
| زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر | | عیاں ہو خامے سے تحریر نغمہ جائے صریر |

مندرجہ بالا شعر کا تعلق قصیدے کے کس جزو سے ہے؟

(۱)گریز (۲)تشبیب (۳)مدح (۴)حسن طلب

Karwan-E-Adab

10۔ حلقہ ارباب ذوق کا قیام کب عمل میں آیا؟

(۱)1935 (۲)1936 (۳)1938 (۴)1939

11۔ ''دوغزلہ'' کسے کہتے ہیں؟

(۱)مختلف وزن اور مختلف ردیف میں کہی گئی دوغزلیں۔

(۲) تین تین اشعار کی دو مختلف الوزن غزلیں۔

(۳)ایسی غزل جس کے اشعار، تعداد کے لحاظ سے جفت ہوں یعنی دو سے تقسیم ہو جائیں۔

(۴)ایسی غزل جسے مکمل کرنے کے بعد شاعر نے اسی زمین اور اسی ردیف وقافیہ میں نئے مطلع کے ساتھ مزید اشعار کہے ہوں۔

12۔ ترقی پسند مصنفین کی دوسری کل ہند کانفرنس کب اور کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

(۱)دسمبر 1938 کلکتہ (۲)مارچ 1938 الہ آباد (۳)اگست 1938 الہ آباد (۴)مئی 1942 دہلی

13۔ لندن میں ہندوستانی ترقی پسند ادیبوں کے پہلے مینی فیسٹو پر کتنے ادیبوں نے دستخط کیے تھے؟

(۱)چار (۲)پانچ (۳)چھ (۴)سات

14۔ ان میں شوکت سبزواری کی کتاب کون سی ہے؟

(۱)ہندوستانی لسانیات (۲)زبان اور علم زبان (۳)اردو لسانیات (۴)مقدمہ تاریخ زبان اردو

15۔ غزل کے نقطۂ آغاز اور نقطۂ اختتام سے متعلق ذیل میں سے کون سی بات درست ہے؟

(۱)ردیف وقافیہ (۲)مطلع اور مقطع (۳)بیت الغزل اور مقطع (۴)مقطع اور مطلع

16۔ درج ذیل میں سے غالب کا شعر کون سا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) | ہم نے دیکھا ہی تھا اس کو ابھی دنیا کے بغیر | | لیجیے بیچ میں پھر دیدہ تر آ گئے ہیں |
| (۲) | مستی عیش دو عالم کی نہیں پروا مجھے | | دیکھنے والا ہوں میں اس نرگس مخمور کا |
| (۳) | کیا سناتے ہو کہ ہے ہجر میں جینا مشکل | | تم سے بے رحم پہ مرنے سے تو آساں ہوگا |
| (۴) | فرصت کاروبار شوق کسے | | ذوق نظارہ جمال کہاں |

17۔ کس علم میں ہم کسی زبان میں استعمال ہونے والی اہم اور تفاعلی آوازوں کا تعین کرتے ہیں؟

(۱)فونیات (۲)مارفونیمیات (۳)مارفیمیات (۴)فونیمیات

18۔

| | | |
|---|---|---|
| دل ہے تو دھڑکنے کا بہانہ کوئی ڈھونڈے | | پتھر کی طرح بے حس و بے جان سا کیوں ہے |

اس شعر میں کون سی خصوصیت ہے؟

(۱)تشبیہ اور استعارہ (۲)تشبیہ اور استفہامیہ انداز

(۳)حسن تعلیل (۴)طباق ایجابی

19۔ کلیات میر پہلی مرتبہ کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

(۱)دہلی 1810 (۲)کلکتہ 1811

(۳)لکھنؤ 1814 (۴)بنارس 1825

Karwan-E-Adab

20۔ درج ذیل بیانات کوغور سے پڑھیے اور صحیح بیان کی نشاندہی کیجیے:

(ا)برج بھاشا ادبی لباس میں سب سے پہلے سولہویں صدی عیسوی میں جلوہ گر ہوتی ہے۔

(۲)برج بھاشا ادبی لباس میں سب سے پہلے سترہویں صدی عیسوی میں جلوہ گر ہوتی ہے۔

(ا)برج بھاشا ادبی لباس میں سب سے پہلے پندرہویں صدی عیسوی میں جلوہ گر ہوتی ہے۔

(ا)برج بھاشا ادبی لباس میں سب سے پہلیا ٹھارہویں صدی عیسوی میں جلوہ گر ہوتی ہے۔

21۔ ''اردو تنقید کا حال مشاعروں جیسا ہے، مشاعروں میں شعروں کی شعریت یا عدم شعریت کی بنا پر تعریف یا مذمت نہیں ہوتی ہے۔ تعریف اور مذمت دونوں کا سبب غیر متعلق ہوتا ہے۔''

یہ خیال کس نقاد کا ہے؟

(ا)محمد حسن (۲)وزیر آغا (۳)کلیم الدین احمد (۴)احتشام حسین

22۔ ولی کی زبان'' کے عنوان سے کس کا مضمون ہے جسے کلیات ولی کے مرتب نے اپنے مقدمے کے بعد شامل کرلیا ہے؟

(ا)عبدالسلام ندوی (۲)عبدالستار صدیقی (۳)عبدالقادر سروری (۴)نصیر الدین ہاشمی

23۔ ملا نصرتی کے حالات زندگی اور کلام پر کس نے ایک مبسوط کتاب لکھی ہے؟

(ا)رشید احمد صدیقی (۲)مولوی عبدالحق (۳)رشید حسن خاں (۴)گیان چند جین

24۔ ڈراما ''انارکلی'' میں بختیار کون ہے؟

(ا)سلیم کا بے تکلف دوست (۲)اکبر کا بیٹا (۳)کنیزوں کا داروغہ (۴)انارکلی بھائی

25۔ میرامن سے قبل ''قصہ چہار درویش'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

(ا)فضل علی فضلی (۲)عطا حسین خاں تحسین (۳)شاہ عالم خاں (۴)رجب علی بیگ سرور

26۔ سبز پری کا کردار کس ڈرامے میں ہے؟

(ا)یہودی کی لڑکی (۲)آگرہ بازار (۳)ضحاک (۴)اندر سبھا

27۔ جان گلکرسٹ فورٹ ولیم کالج کے کیا تھے؟

(ا)ہندوستانی شعبے کے پروفیسر اور صدر (۲)پرنسپل (۳)بانی (۴)مشیر اعلیٰ



Karwan-E-Adab

28۔

| | |
|---|---|
| مرنے کے دن قریب ہیں شاید کہ اے حیات | تجھ سے طبیعت اپنی بہت سیر ہو گئی |

اس شعر پر کس ناول کا اختتام ہوا ہے؟

(۱) اداس نسلیں (۲) فردوس بریں (۳) امراؤ جان ادا (۴) توبتہ النصوح

29۔ افسانہ ’’جوار بھاٹا‘‘ کس کی تخلیق ہے؟

(۱) سریندر پرکاش (۲) غیاث احمد گدی (۳) سہیل عظیم آبادی (۴) اقبال مجید

30۔ کس محقق نے پٹنہ سے ایک تحقیقی رسالہ ’’معاصر‘‘ نکالا تھا؟

(۱) اختر اورینوی (۲) عطا کاکوری (۳) قاضی عبدالودود (۴) شین اختر

31۔ ’’شاعری کے لیے ایک شیریں دیوانگی اور تنقید کے لیے ایک مقدس سنجیدگی کی ضرورت ہوتی ہے۔‘‘

یہ قول کس نقاد کا ہے؟

(۱) امداد امام اثر (۲) احتشام حسین (۳) شبلی نعمانی (۴) آل احمد سرور

Karwan-E-Adab

32۔

| | |
|---|---|
| فقط موتیوں کی پڑی پائے زیب | کہ جس کے قدم سے گہر پائے زیب |

اس بیت میں کون سی صنعت ہے؟

(۱) تجنیس تام (۲) تجنیس مفروق (۳) تجنیس مرکب متشابہ (۴) تجنیس خطی

33۔ ’’ترائلے‘‘ کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے؟

(۱) پانچ (۲) چھ (۳) سات (۴) آٹھ

34۔ سنسکرت شاعری میں رس کا نظریہ کس نے پیش کیا ہے؟

(۱) اچاریہ کنتک (۲) ابھینو گپت (۳) آنندوردھن (۴) بھرت منی

35۔ ’مسافران لندن‘ کے نام سے سرسید کے علاوہ کس نے سفر نامہ لکھا ہے؟

(۱) سید مہدی علی خاں (۲) محمد سمیع اللہ خاں (۳) خواجہ وحیدالدین خاں (۴) حبیب الرحمٰن خاں شیروانی

36۔ رسالہ ’فوائدالناظرین‘ کس نے جاری کیا تھا؟

(۱)ماسٹر رام چندر　(۲)مولوی محمد باقر　(۳)مولوی چراغ علی　(۴)ماسٹر پیارے لال

37۔ رسالہ ’محبّ ہند‘ کس نے شائع کیا تھا؟

(۱)چمن لال　(۲)ماسٹر وزیر علی　(۳)ماسٹر رام چندر　(۴)ہردیو سنگھ

38۔ ’مستزاد‘ کی کتنی قسمیں ہیں؟

(۱)دو　(۲)تین　(۳)چار　(۴)پانچ

39۔ ’آثارالصنادید‘ کا پہلا ایڈیشن کب اور کہاں سے شائع ہوا تھا؟

(۱)بدایوں/ 1845　(۲)کانپور/ 1850　(۳)آگرہ/ 1848　(۴)دہلی/ 1847

40۔

| | |
|---|---|
| احوال اس فقیر کا اے دوستاں سنو | یعنی جو مجھ پہ بیتی ہے وہ داستاں سنو |
| جو کچھ کہ شاہ عشق نے مجھ سے کیا سلوک | تفصیل وار کرتا ہوں اس کا بیاں سنو |

داستان ’’باغ و بہار‘‘ میں اپنی گفتگو کا آغاز ان اشعار سے کون سا درویش کرتا ہے؟

(۱)پہلا درویش　(۲)دوسرا درویش

(۳) تیسرا درویش　(۴)چوتھا درویش

Karwan-E-Adab

41۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔محمود شیرانی ، نصیرالدین ہاشمی ، مسعود حسین خاں ، جگن ناتھ آزاد

B۔محمود شیرانی ، نصیرالدین ہاشمی ، مسعود حسین خاں ، گوپی چند نارنگ

C۔محمود شیرانی ، نصیرالدین ہاشمی ، گوپی چند نارنگ ، مرزا خلیل بیگ

D۔محمود شیرانی ، نصیرالدین ہاشمی ، مسعود حسین خاں ، قمر رئیس

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(۱) A اور B　(۲) B اور D

(۳) C اور D　(۴) B اور C

42۔ نظموں اور شعراء کے لحاظ سے درج ذیل میں سے دوصحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

A ۔آدمی نامہ ۔ بنجارہ نامہ ۔ خاک ہند

B ۔فرضی لطیفہ ۔ برق کلیسا ۔ دربار دہلی

C ۔مناجات بیوہ ۔ برکھارت ۔ آثار سلف

D ۔کسان ۔ جنگل کی شہزادی ۔ شکست زنداں کا خواب

(۱) A اور B　　(۲) B اور C

(۳) B اور D　　(۴) A اور D

43۔ شعرااوران کے مجموعہ کلام کے لحاظ سے درج ذیل دیے گئے دوصحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

A ۔اسم اعظم ۔ ساتواں در ۔ شام ہونے والی ہے

B ۔نشاط روح ۔ سرودزندگی ۔ چراغ سخن

C ۔عشق نامہ۔ کینوس ۔ شب درمیاں

D ۔گل نغمہ۔ روح کائنات ۔ جب فصل بہاراں آئی تھی

(۱) A اور B　　(۲) B اور C

(۳) Aاور C　　(۴) B اور D

44۔ درج ذیل میں سے دوزمروں کے اشعار صحیح ہیں اور دوغلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | وحدت عاشق و معشوق کی تصویر میں | | نل کا ایثار تو اخلاص دمن مجھ کو دیا |
| B | وحدت عاشق و معشوق کی تصویر ہوں میں | | عشق نے کیا چمن سرو و سمن مجھ کو دیا |
| C | اس نظر کے اٹھنے میں ، اس نظر کے جھکنے میں | | اشک بھر کے اٹھی تھی میری بے گناہی بھی |
| D | اس نظر کے اٹھنے میں ، اس نظر کے جھکنے میں | | نغمہ سحر بھی ہے ، آہ صبح گاہی بھی |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B　　(۲) A اور C

(۳) B اور C　　(۴) A اور D

Karwan-E-Adab

45۔ درج ذیل میں سے دو زمروں کے اشعار صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | نالہ و آہ کی تفصیل نہ پوچھو مجھ سوں | | درد کہتی ہے مرا ، زلف ترے کان میں آ |
| B | وحدت عاشق و معشوق کی تصویر ہوں میں | | دفترِ عشق بسا ، عشق کے دیوان میں آ |
| C | اب شوق سے تم محفلِ اغیار میں بیٹھو | | یاں گوشۂ خلوت میں عجب لطف اٹھا ہے |
| D | اب شوق سے تم محفلِ اغیار میں بیٹھو | | نظروں میں مروت ہے نہ آنکھوں میں حیا ہے |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B
(۲) B اور C
(۳) C اور D
(۴) A اور C

46۔ ذیل کے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ الفاروق ، سفرنامہ روم ومصر وشام ، حیات جاوید ، مسافرانِ لندن

B۔ مسافرانِ لندن ، ابن بطوطہ کے تعاقب میں ، غبارِ خاطر ، الفاروق

C۔ الفاروق ، سیرت النبی ، الغزالی ، حیات جاوید

D۔ سفرنامہ روم ومصر وشام ، مسافرانِ لندن ، جاپان چلو جاپان چلو ، ابن بطوطہ کے تعاقب میں

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B
(۲) D اور C
(۳) B اور C
(۴) A اور D

47۔ ذیل کے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ غشائی آوازیں:: غ ، ق ، ک

B۔ خنکی آوازیں:: ج ، چ ، ف

C۔ دندانی آوازیں:: د ، ن ، س

D۔ کوز آوازیں:: ٹ ، چ ، ڈ

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور C
(۲) A اور D
(۳) B اور C
(۴) C اور D

Karwan-E-Adab

48۔ ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | کھیل لڑکیوں کا سمجھتے تھے محبت کے تئیں | | ہے بڑا حیف ہمیں اپنی بھی نادانی کا |
| B | جان گھبراتی ہے اندوہ سے تن میں کیا کیا | | ہے بڑا حیف ہمیں اپنی نادانی کا |
| C | کفر کچھ چاہیے اسلام کی رونق کے لیے | | حسن زنار ہے تسبیح سلیمانی کا |
| D | کفر کچھ چاہیے اسلام کی رونق کے لیے | | معتقد کون ہے میؔر ایسی مسلمانی کا |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور D　　(۲) B اور C

(۳) C اور D　　(۴) A اور C

49۔ ذیل میں بولیوں کے دو صحیح اور دو غلط زمرے ہیں:

A۔ کھڑی بولی ، بندیلی ، گجراتی ، ہریانی

B۔ کھڑی بولی ، ہریانی ، برج بھاشا ، قنوجی

C۔ کھڑی بولی ، ہریانی ، بہاری ، قنوجی

D۔ کھڑی بولی ، قنوجی ، بندیلی ، ہریانی

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) D اور B　　(۲) D اور A

(۳) D اور C　　(۴) B اور C

Karwan-E-Adab

50۔ ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ ملانصرتی ، ملاوجہی ، غواصی ، مقیمی

B۔ عبدل ، جنیدی ، ابن نشاطی ، ملانصرتی

C۔ ابن نشاطی ، ملاوجہی ، غواصی ، جنیدی

D۔ عبدل ، ملانصرتی ، مقیمی ، سید میران ہاشمی

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B　　(۲) D اور C

(۳) D اور A　　(۴) B اور C

51۔ ذیل میں دو شعر صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| A | آ گہی دام شنیدن ، جس قدر چاہے بچھائے | | موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا |
| B | خوشی نہ ہو مجھے کیوں کر قضا کے آنے کی | | خبر ہے لاش پہ اس بے وفا کے آنے کی |
| C | ہر طرف ہے جہل کا بازار گرم | | اہل فن کیوں کر نہ کھائیں پیچ و تاب |
| D | بڑھ گئیں تم سے تو مل کر اور بھی بیتابیاں | | اضطراب شوق نے اک حشر برپا کر دیا |

صحیح اشعار کی نشاندہی کیجیے:

(۱) C اور B　　(۲) D اور C

(۳) A اور D　　(۴) A اور B

52۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔انقلاب ، حویلی ، صبح امید ، چاند تاروں کا بن

B ۔ مستقبل ، دربار دہلی ، فرضی لطیفہ ، برق کلیسا

C ۔دل بے قرار سو جا ، جاتری ، سمندر کا بلاوا ، کلرک کا نغمہ محبت

D ۔بدلی کا چاند ، جنگل کی شہزادی ،شکست زنداں کا خواب ، کسان

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور C　　(۲) D اور B

(۳) B اور C　　(۴) A اور D

53۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔غالب شخص اور شاعر ، تاریخ جمالیات ، ادب اور زندگی ، تنقیدی جائزے

B ۔موازنہ انیس و دبیر ، داستان تاریخ اردو ، شعر العجم ، الفاروق

C ۔تنقید اور عملی تنقید ، ادب اور سماج ، روایت اور بغاوت ، افکار و مسائل

D ۔اردو زبان اور فن داستان گوئی ، سخنہائے گفتنی ، عملی تنقید ، اردو شاعری پر ایک نظر

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B　　(۲) C اور B

(۳) A اور C　　(۴) C اور D

Karwan-E-Adab

54۔ ذیل کے بیانات میں دو صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔رشید احمد صدیقی بیسویں صدی کے ایک اہم خاکہ نگار اور انشائیہ نگار ہیں۔

B ۔اختر الایمان نے نظم نگاری کے علاوہ 'خواب باقی ہیں' جیسی اہم خودنوشت سوانح لکھی۔

C ۔'مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ' مشتاق احمد یوسفی کا انشائیہ ہے۔

D ۔مکتوباتی ادب میں 'اردوئے معلیٰ' کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

صحیح بیانات کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور C　　(۲) D اور A

(۳) B اور A　　(۴) C اور D

55۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔پھول بن ، بکٹ کہانی ، تضحیک روزگار ، قطب مشتری

B ۔نشاط روح ، اسم اعظم، عشق نامہ ، گل نغمہ

C ۔شب قدر ، آثار سلف ، بازآمد ، تاج محل

D ۔اندرسبھا ، بوستان خیال ، ضحاک ، آگرہ بازار

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) B اور C　　(۲) A اور B

(۳) A اور D　　(۴) C اور D

56۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | |
|---|---|---|
| A | تھی وہ اک شخص کے تصور سے | اب وہ رعنائی خیال کہاں |
| B | ایسا آساں نہیں لہو رونا | ذوق نظارہ جمال کہاں |
| C | وہ فراق اور وہ وصال کہاں | اب وہ رعنائی خیال کہاں |
| D | وہ فراق اور وہ وصال کہاں | وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) C اور A　　(۲) D اور A

(۳) C اور B　　(۴) C اور D

Karwan-E-Adab

57۔ ذیل میں اشعار کے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں ، وہ بیاباں ، وہ سحر | | لوٹی جاتی تھی لپکتے ہوئے سبزے پہ نظر |
| B | ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں ، وہ بیاباں ، وہ سحر | | دم بہ دم جھومتے تھے ، وجد کے عالم میں شجر |
| C | وہ اک جواں کا حملہ کفار و کنا | | بڑھتے ہوئے ہجوم کا ہر وار روکنا |
| D | وہ اک جواں کا حملہ کفار و کنا | | وہ چھوٹے چھوٹے ہاتھوں پہ تلوار روکنا |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B (۲) B اور C

(۳) C اور D (۴) A اور D

58۔ شاعروں کے اعتبار سے درج ذیل اشعار میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| A | تیرے وحشی نے گرفتاری سے بچنے کے لیے | | رم کیا اتنا کہ آ ہوئے ختن لگنے لگا | کلیم عاجز |
| B | اس کے ہی ہاتھ میں ہے شاخ تعلق کی بہار | | چھو لیا ہے تو نئے برگ و ثمر آ گئے ہیں | عرفان صدیقی |
| C | ملے جو دل تو یہ کہنا کہ اپنی منزل پر | | سحر کا بھولا ہوا وقت شام آ تا ہے | جگر مرادآبادی |
| D | ہوا کے دوش پہ جاتا ہے کاروان نفس | | عدم کی راہ میں کوئی پیادہ پا نہ ملا | یاس یگانہ چنگیزی |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B (۲) D اور C

(۳) B اور D (۴) A اور C

Karwan-E-Adab

59۔ شاعروں کے اعتبار سے درج ذیل اشعار میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| A | ایسا آساں نہیں لہو رونا | | دل میں طاقت جگر میں حال کہاں | غالب |
| B | خاطر مایوس میں نقش امید وصل یار | | نور ہے صحرا میں گویا اک چراغ طور کا | حسرت |
| C | آیا کہ دل گیا کوئی پوچھے تو کیا کہوں | | یہ جانتا ہوں دل ادھر آیا ادھر گیا | جگر |
| D | دل آگاہ نے بیکار میری راہ کھوٹی کی | | بہت اچھا تھا انجام سفر سے بے خبر ہونا | مجروح |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B (۲) B اور C

(۳) C اور D (۴) A اور D

60۔ ذیل کے دو بیانات دو صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔'ہندوستانی لسانیات کا خاکہ' گراہم بیلی کی انگریزی کتاب کا ترجمہ ہے۔

B ۔'اردو کی لسانی تشکیل' گیان چند جین کی مشہور کتاب ہے۔

C ۔'ہند آریائی اور ہندی' سنیتی کمار چٹرجی کی انگریزی کتاب کا ترجمہ ہے۔

D ۔'مقدمہ تاریخ زبان اردو' کے مصنف مسعود حسین خاں ہیں۔

صحیح بیانات کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B
(۲) B اور C
(۳) C اور D
(۴) B اور D

61۔ ذیل کے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔سب رس ، فسانۂ عجائب ، خدا کی بستی ، گردش رنگ چمن

B ۔سب رس ، باغ و بہار ، فسانۂ عجائب ، بوستان خیال

C ۔کفن ، ہتک ، اپنے دکھ مجھے دے دو ، چوتھی کا جوڑا

D ۔انارکلی ، آگرہ بازار ، ضحاک ، آخری آدمی

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B
(۲) B اور C
(۳) C اور D
(۴) A اور D

62۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔ملا وجہی ، میر امن ، رجب علی بیگ سرور ، میر محمد تقی خیال

B ۔میر امن ، امتیاز علی تاج ، حبیب تنویر ، محمد حسن

C ۔انشا اللہ خاں انشا ، حبیب تنویر ، فضل علی فضلی ، امانت لکھنوی

D ۔آغا حشر کاشمیری ، امتیاز علی تاج ، حبیب تنویر ، محمد حسن

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B
(۲) B اور C
(۳) C اور D
(۴) A اور D

Karwan-E-Adab

63۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A ۔سب رس سے قبل ملا وجہی قطب مشتری لکھ چکے تھے۔

B ۔باغ و بہار گل کرسٹ کی فرمائش پر لکھی گئی تھی۔

C ۔'آگرہ بازار' از امتیاز علی کا مشہور ڈراما ہے۔

D ۔فسانۂ عجائب 'رانی کیتکی کی کہانی' سے قبل لکھی گئی تھی۔

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) B اور A (۲) C اور B

(۳) C اور D (۴) A اور C

64۔ نظموں اور شعراء کے لحاظ سے درج ذیل میں سے دو صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

A ۔رامائن کا آخری سین ، خاک ہند ، حب وطن

B ۔تنہائی ، صبح آزادی ، بازآمد

C ۔کلرک کا نغمۂ محبت ، جاتری ، سمندر کا بلاوا

D ۔چکلے ، گریز ، انقلاب

(۱) B اور A (۲) A اور C

(۳) B اور C (۴) D اور C

65۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔

A ۔نظیر ، اکبر ، حالی ، جوش

B ۔جگر ، اصغر ، حسرت ، فانی

C ۔غیاث احمد گدی ، اقبال ، میر محمد تقی خیال

D ۔ملا وجہی ، چکبست ، عبداللہ حسین ، خواجہ احمد عباس

(۱) C اور A (۲) B اور D

(۳) D اور C (۴) A اور B

Karwan-E-Adab

66۔ شاعر اور مصرعوں کے لحاظ سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | جگر مرادآبادی | I. | جب تو نظر آیا مجھے تنہا نظر آیا |
| B | اصغر گونڈوی | II. | ہم صفیران چمن کچھ آشیانے کی کہو |
| C | یگانہ چنگیزی | III. | وہ مجھ پہ چھا گئے میں زمانے پہ چھا گیا |
| D | فراق گورکھپوری | IV. | زبان گنگ تک آیا نہ ماجرا دل کا |

(۱) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۲) A-IV, B-II, C-III, D-I
(۳) A-II, B-III, C-I, D-IV
(۴) A-III, B-I, C-IV, D-II

67۔ محقق اور ان کی کتاب کے لحاظ سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | قاضی عبدالودود | I. | محمد تقی میر |
| B | گیان چند جین | II. | غالب بحیثیت محقق |
| C | محمود شیرانی | III. | اردو کی نثری داستانیں |
| D | جمیل جالبی | IV. | تنقید شعر العجم |

(۱) A-II, B-III, C-IV, D-I
(۲) A-IV, B-III, C-II, D-I
(۳) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۴) A-III, B-I, C-II, D-IV

Karwan-E-Adab

68۔ داستان اور اس کے کردار کے لحاظ سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | رانی کیتکی کی کہانی | I. | بہزاد خاں |
| B | باغ و بہار | II. | دل آرام |
| C | بوستان خیال | III. | کنور اودے بھان |
| D | فسانۂ عجائب | IV. | معز الدین |

(۱) A-IV, B-II, C-I, D-III
(۲) A-III, B-I, C-IV, D-II
(۳) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۴) A-II, B-III, C-IV, D-I

69۔ شاعر اوران کی وابستگی کے لحاظ سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | مجروح سلطان پوری | I. | علی گڑھ تحریک |
| B | مختار صدیقی | II. | ترقی پسند تحریک |
| C | عمیق حنفی | III. | جدیدیت |
| D | خواجہ الطاف حسین حالی | IV. | حلقہ ارباب ذوق |

(۱) A-II, B-IV, C-III, D-I
(۲) A-IV, B-II, C-I, D-III
(۳) A-I, B-III, C-II, D-IV
(۴) A-III, B-I, C-IV, D-II

70۔ نوعیت کے لحاظ سے کتاب / مضمون کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | اس آباد خرابے میں | I. | سوانح حیات |
| B | نام دیومالی | II. | انشائیہ |
| C | الفاروق | III. | خاکہ |
| D | سائیکل کی سواری | IV. | خودنوشت سوانح |

(۱) A-IV, B-II, C-I, D-III
(۲) A-III, B-IV, C-II, D-I
(۳) A-IV, B-III, C-I, D-II
(۴) A-IV, B-III, C-II, D-I

Karwan-E-Adab

71۔ شاعر اور دبستان کے اعتبار سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | مومن | I. | دبستان عظیم آباد |
| B | ناسخ | II. | دبستان رام پور |
| C | راسخ | III. | دبستان دہلی |
| D | امیر | IV. | دبستان لکھنؤ |

(۱) A-III, B-II, C-I, D-IV
(۲) A-II, B-III, C-IV, D-I
(۳) A-III, B-IV, C-I, D-II
(۴) A-II, B-III, C-IV, D-I

72۔ شاعروں کے نام اور تخلص کے اعتبار سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | سراج الدین علی | I. | حاتم |
| B | نجم الدین | II. | ناجی |
| C | محمد شاکر | III. | آبرو |
| D | ظہورالدین | IV. | خان آرزو |

(۱) A-IV, B-III, C-II, D-I
(۲) A-III, B-II, C-IV, D-I
(۳) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۴) A-IV, B-III, C-I, D-II

73۔ مثنوی اور اس کے کرداروں کی روشنی میں صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | گلزار نسیم | I. | سمن بر |
| B | قطب مشتری | II. | مسعود شاہ |
| C | پھول بن | III. | محمودہ |
| D | سحرالبیان | IV. | مریخ خاں |

(۱) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۲) A-III, B-IV, C-I, D-II
(۳) A-IV, B-II, C-I, D-III
(۴) A-II, B-I, C-III, D-IV

74۔ شاعر اور مثنوی کے اعتبار سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | مقیمی | I. | یوسف زلیخا |
| B | غواصی | II. | علی نامہ |
| C | ملک خوشنود | III. | سیف الملوک وبدیع الجمال |
| D | نصرتی | IV. | چندر بدن ومہیار |

(۱) A-II, B-I, C-IV, D-III
(۲) A-IV, B-III, C-I, D-II
(۳) A-IV, B-I, C-II, D-III
(۴) A-III, B-II, C-I, D-IV

75۔ بولی اوراس کے علاقے کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | لہندا | I. | جالون |
| B | برج بھاشا | II. | فرخ آباد |
| C | بندیلی | III. | مغربی پنجاب |
| D | قنوجی | IV. | متھرا |

(۱) A-III, B-II, C-I, D-IV
(۲) A-III, B-IV, C-I, D-II
(۳) A-IV, B-III, C-II, D-I
(۴) A-II, B-III, C-IV, D-I

76۔ زمانی اعتبار سے نظم نگاروں کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔
(۱)۔شفیق فاطمہ شعریٰ ، اقبال ، فیض ، حالی
(۲)۔حالی ، اقبال ، فیض ، شفیق فاطمہ شعریٰ
(۳)۔اقبال ، شفیق فاطمہ شعریٰ ، فیض ، حالی
(۴)۔فیض ، اقبال ، شفیق فاطمہ شعریٰ ، حالی

Karwan-E-Adab

77۔ صنفی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔
(۱)۔ٹیڑھی لکیر ، سوانگ ، شاردا ، شانتی
(۲)۔امراؤجان ادا ، ٹیڑھی لکیر ، شاردا ، سوانگ
(۳)۔ٹیڑھی لکیر، شاردا ، اداس نسلیں ، بستی
(۴)۔دل کا چراغ ، شاردا ، شانتی ، دیوار

78۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔
(۱)۔میرتقی میر ، مرزاغالب ، عرفان صدیقی ، فراق گورکھپوری
(۲)۔مرزاغالب ، میرتقی میر ، فراق گورکھپوری، عرفان صدیقی
(۳)۔میرتقی میر ، مرزاغالب ، فراق گورکھپوری ، عرفان صدیقی
(۴)۔فراق گورکھپوری ، عرفان صدیقی ، میرتقی میر ، مرزاغالب

79۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)۔فضل علی فضلی ، رجب علی بیگ سرور ، محمد حسن ، امتیاز علی تاج

(۲)۔فضل علی فضلی ، رجب علی بیگ سرور ، امتیاز علی تاج ، محمد حسن

(۳)۔امتیاز علی تاج ، رجب علی بیگ سرور ، فضل علی فضلی ، محمد حسن

(۴)۔محمد حسن ، رجب علی بیگ سرور ، فضل علی فضلی ، امتیاز علی تاج

80۔ سال وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)۔گیان چند جین ، محی الدین قادری زور ، مسعود حسین خاں ، گوپی چند نارنگ

(۲)۔محی الدین قادری زور ، گیان چند جین ، مسعود حسین خاں ، گوپی چند نارنگ

(۳)۔محی الدین قادری زور ، مسعود حسین خاں ، گیان چند جین ، گوپی چند نارنگ

(۴)۔مسعود حسین خاں ، محی الدین قادری زور ، گوپی چند نارنگ ، گیان چند جین

81۔ زمانہ آغاز کے اعتبار سے ادبی تحریک یا رجحان کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)۔حلقہ ارباب ذوق ، رومانی تحریک ، ترقی پسند تحریک ، مابعد جدیدیت

(۲)۔ترقی پسند تحریک ، رومانی تحریک ، مابعد جدیدیت ، حلقہ ارباب ذوق

(۳)۔رومانی تحریک ، ترقی پسند تحریک ، حلقہ ارباب ذوق ، مابعد جدیدیت

(۴)۔رومانی تحریک ، ترقی پسند تحریک ، مابعد جدیدیت ، حلقہ ارباب ذوق

82۔ سنہ وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)۔عصمت چغتائی ، سعادت حسن منٹو ، راجندر سنگھ بیدی ، قرۃ العین حیدر

(۲)۔سعادت حسن منٹو ، عصمت چغتائی ، قرۃ العین حیدر ، راجندر سنگھ بیدی

(۳)۔راجندر سنگھ بیدی ، سعادت حسن منٹو ، عصمت چغتائی ، قرۃ العین حیدر

(۴)۔سعادت حسن منٹو ، راجندر سنگھ بیدی ، عصمت چغتائی ، قرۃ العین حیدر

83۔ زمانی اعتبار سے شعرا کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)۔شہریار ، مومن ، شاد عظیم آبادی ، جگر مراد آبادی

(۲)۔مومن ، شاد عظیم آبادی ، شہریار ، جگر مراد آبادی

(۳)۔مومن ، شاد عظیم آبادی ، جگر مراد آبادی ، شہریار

(۴)۔شاد عظیم آبادی ، شہریار ، جگر مراد آبادی ، مومن

Karwan-E-Adab

84۔ سال پیدائش کے لحاظ سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)۔ملاوجہی ، ولی ، آبرو ، میر

(۲)۔ولی ، وجہی ، میر، آبرو

(۳)۔وجہی ، ولی ، میر ، آبرو

(۴)۔آبرو ، وجہی ، ولی ، میر

85۔ زمانی اعتبار سے درج ذیل مثنوی نگاروں کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(۱)۔نظامی بیدری ، ملاوجہی ، دیاشنکرنسیم ، میرحسن

(۲)۔نظامی بیدری، ملاوجہی ، میرحسن ، دیاشنکرنسیم

(۳)۔میرحسن ، دیاشنکرنسیم ، ملاوجہی ، نظامی بیدری

(۴)۔دیاشنکرنسیم ، میرحسن ، نظامی بیدری ، ملاوجہی

86۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں ، ایک میں دعویٰ کیا گیا ہے اور دوسرے میں دلیل دی گئی ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد نیچے دیے ہوئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: اکبر کے دربار کا مشہور شاعر عبدالرحیم خان خاناں برج بھاشا کا مشہور شاعر گزرا ہے۔

دلیل: اسی لیے برج بھاشا اہم زبان بن گئی تھی۔

(۱) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہیں

(۲) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

(۳) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہیں

(۴) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

Karwan-E-Adab

87۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں ، ایک میں دعویٰ کیا گیا ہے اور دوسرے میں دلیل دی گئی ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد نیچے دیے ہوئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: عملی و ادبی سطح پر سرسید ایک عہد ساز شخصیت کے مالک ہیں۔

دلیل: چوں کہ انہوں نے خیال انگیز مضامین لکھے۔

(۱) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہیں

(۲) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہیں

(۳) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(۴) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

88۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں ، ایک میں دعویٰ کیا گیا ہے اور دوسرے میں دلیل دی گئی ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد نیچے دیے ہوئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' حسن شوقی کی مشہور مثنوی ہے۔

دلیل: حسن شوقی قطب شاہی عہد کا اہم شاعر تھا۔

(۱) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(۲) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(۳) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

(۴) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

89۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں ، ایک میں دعویٰ کیا گیا ہے اور دوسرے میں دلیل دی گئی ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد نیچے دیے ہوئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: ''باغ و بہار'' کی مقبولیت کا بہت بڑا راز اس کی فصاحت اور سلاست میں ہے۔

دلیل: اس کتاب کا شمار اردو کی اہم داستانوں میں ہوتا ہے۔

(۱) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(۲) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(۳) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

(۴) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

90۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں ، ایک میں دعویٰ کیا گیا ہے اور دوسرے میں دلیل دی گئی ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد نیچے دیے ہوئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: مرزا رسوا کا شاہکار ناول ''امراؤ جان ادا'' ہے۔

دلیل: اس ناول کی شہرت صرف اس کے کردار امراؤ جان ادا کی شاعری کی وجہ سے ہوئی۔

(۱) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(۲) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(۳) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(۴) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

Karwan-E-Adab

91-95۔ سوال کا جواب ذیل میں دیے گئے اشعار کی روشنی میں دیجیے۔

| | |
|---|---|
| جاگی مرغ سحر کے غل سے | اٹھی نکہت سی فرش گل سے |
| منھ دھونے جو آنکھ ملتی آئی | پُر آب وہ چشم حوض پائی |
| دیکھا تو وہ گل ہَوا ہوا ہے | کچھ اور ہی گل کھلا ہوا ہے |
| گھبرائی کہ ہیں کدھر گیا گل | جھنجھلائی کہ کون دے گیا جُل |
| تھرائیں خواصیں صورت بید | ایک ایک سے پوچھنے لگی بھید |
| نرگس نے نگاہ بازیاں کیں | سوسن نے زباں درازیاں کیں |
| پتا بھی پتے کو جب نہ پایا | کہنے لگیں کیا ہوا خدایا |
| شبنم کے سوا چرانے والا | تھا اوپری کون آنے والا |
| لرزاں تھی زمیں یہ دیکھ کہرام | تھی سبزے سے راست مو بر اندام |
| جو نخل تھا سوچ میں کھڑا تھا | جو برگ تھا ہاتھ مل رہا تھا |

91۔ مذکورہ بالا اقتباس کے پہلے شعر میں مرغ سحر کے غل سے کس کے جاگنے کا ذکر ہے؟

(۱) حسن آرا　(۲) بکاوَلی

(۳) رانی چترا وت　(۴) روح افزا پری

92۔ اس اقتباس کے تیسرے شعر میں کون سی صنعت لائی گئی ہے؟

(۱) براعت استہلال　(۲) واصل الشفتین

(۳) واسع الشفتین　(۴) حشو ملیح

93۔ مندرجہ بالا اقتباس میں کون سے اشعار محاورے کے استعمال سے اور خوبصورت ہو گئے ہیں؟

(۱) 1 اور 5　(۲) 1 اور 8

(۳) 1، 5 اور 8　(۴) 3، 4 اور 6

94۔ اس اقتباس کے نویں (9) شعر میں "تھی سبزے سے راست مو بر اندام" کا کیا مفہوم ہے؟

(۱) زمین پر سبزے لہلہا رہے تھے۔　(۲) سبزے کی کثرت سے زمین ڈھک گئی تھی۔

(۳) زمین بالکل نرم ہو گئی تھی۔　(۴) خوف کی وجہ سے رونگٹے کھڑے ہو گئے تھے۔

95۔ زمین جس کہرام کو دیکھ کر لرزاں تھی، وہ کہرام کیوں برپا تھا؟

(۱) محل کے اندر تک سرنگ کھودنے کی وجہ سے۔　(۲) چور کے داخل ہونے کی وجہ سے۔

(۳) انگوٹھی بدل لینے کی وجہ سے۔　(۴) پھول چوری ہونے کی وجہ سے۔

Karwan-E-Adab

96-100۔سوال کا جواب ذیل میں دیے گئے اقتباس کی روشنی میں دیجیے۔

ملکہ نے آداب بجالا کر التماس کیا کہ یہ لونڈی وہی گنہگار ہے، جو غضب سلطانی کے باعث، اس جنگل میں پہنچی۔ اور یے سب تماشے خدا کے ہیں جو آپ دیکھتے ہیں۔ یہ سنتے ہی بادشاہ کے لہو نے جوش مارا، اٹھ کر محبت سے گلے لگا لیا، اور ہاتھ پکڑ کے، اپنے تخت کے پاس کرسی بچھوا کر، حکم بیٹھنے کا کیا۔ لیکن بادشاہ حیران اور متعجب بیٹھے تھے، فرمایا کہ بادشاہ زادیوں کو اپنے ساتھ لے کر جلد آویں۔ جب وے آئیں، ما، بہنوں نے پہچانا اور گلے مل کر روئیں اور شکر کیا۔ ملکہ نے اپنی والدہ اور چھوں ہمشیروں کے رُوبہ رُو اتنا کچھ نقد اور جوہر رکھا کہ خزانہ تمام عالم کا اس پاسنگ میں نہ چڑھے۔ پھر بادشاہ نے سب کو ساتھ بٹھا کر، خاصہ نوش جان فرمایا۔''

96۔ مذکورہ بالا اقتباس میں ملکہ کس کی خدمت میں آداب بجالائی ؟

(۱) بادشاہ کی خدمت میں
(۲) ماں کی خدمت میں
(۳) ہمشیرہ کی خدمت میں
(۴) بھائی کی خدمت میں

97۔ مذکورہ بالا اقتباس میں ''وہی گنہگار'' سے کیا مراد ہے؟

(۱) ملکہ بہ ذات خود
(۲) بادشاہ کی بڑی بیٹی
(۳) بادشاہ کی بیگم
(۴) مہمان خاتون

98۔ بادشاہ نے کسے اپنے تخت کے پاس کرسی بچھوا کر بیٹھنے کا حکم دیا؟

(۱) اپنی بیگم کو
(۲) ''ملکہ'' کو
(۳) لونڈی کو
(۴) درباریوں کو

99۔ مذکورہ بالا اقتباس میں ''بادشاہ بیگم'' کون ہے؟

(۱) بادشاہ کی منہ بولی بیٹی
(۲) بادشاہ کی بڑی بہن
(۳) بادشاہ کی بیگم
(۴) بادشاہ کی ماں

100۔ مذکورہ بالا اقتباس میں '' خاصہ '' کا کیا مفہوم ہے؟

(۱) والدین کے لیے تیار کیا ہوا کھانا
(۲) رات کا بچا ہوا سالن
(۳) درویشوں کا مرغوب کھانا
(۴) بادشاہ یا امرا کا کھانا

Karwan-E-Adab

UGC NET/JRF JUNE 2023

URDU

1۔

| |
|---|
| بقدر ذوق نظر دید حسن کیا ہوگا مگر |

یہ مصرع مندرجہ ذیل میں سے کس مصرع کے ساتھ مل کر صحیح شعر قرار پائے گا؟

| | |
|---|---|
| ۱ | خرام ناز نے فتنے اٹھائے ہیں کیا کیا |
| ۲ | چمن میں غنچۂ گل رنگ لائے ہیں کیا کیا |
| ۳ | نگاہ شوق میں جلوے سمائے ہیں کیا کیا |
| ۴ | بھرم نگاہ نے اپنے گنوائے ہیں کیا کیا |

2۔ صنف کے اعتبار سے ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط

| | |
|---|---|
| A | آخری تحفہ ، واردات ، زادراہ |
| B | ہم وحشی ہیں ، تین غنڈے ، شکست |
| C | پت جھڑ کی آواز ، روشنی کی رفتار ، شیشے کا گھر |
| D | ٹیڑھی لکیر ، ضدی ، چوتھی کا جوڑا |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) C اور B (۲) B اور C (۳) D اور B (۴) A اور C

3۔ کس نے اپنی مثنوی کے بارے میں کہا ہے کہ ''میں نے اس کہانی میں اپنی عمر صرف کر دی، تب جا کے بڑھاپے میں یہ مثنوی لکھی گئی''۔؟

(۱) میر حسن (۲) افضل جھنجھانوی (۳) ابن نشاطی (۴) ملا وجہی

4۔

| | |
|---|---|
| یہی کچھ ہے ساقی متاع فقیر | اسی سے فقیری میں ہوں میں امیر |

یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم کا ہے؟

(۱) لالہ صحرائی (۲) ساقی نامہ (۳) ذوق وشوق (۴) شعاع امید

Karwan-E-Adab

5۔ درج ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط

| | |
|---|---|
| A | ''ابن بطوطہ کے تعاقب میں'' ابن انشا کا سفر نامہ ہے۔ |
| B | ''کندن'' کنہیالال کپور کا خاکہ ہے۔ |
| C | ''چند ہم عصر'' مولوی عبدالحق کے لکھے ہوئے خاکوں کا مجموعہ ہے۔ |
| D | ''غبار خاطر'' خاکوں کا مجموعہ ہے۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) A اور C (۲) B اور D (۳) C اور B (۴) A اور D

6۔ کتاب اور مصنف کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | اصول فارسی | I. | شمس الرحمٰن فاروقی |
| B | نگارستان | II. | سجاد ظہیر |
| C | پگھلا نیلم | III. | نیاز فتح پوری |
| D | عروض، آہنگ اور بیان | IV. | مولانا الطاف حسین حالی |

(۱) A-IV, B-III, C-II, D-I
(۲) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۳) A-I, B-III, C-IV, D-II
(۴) A-III, B-II, C-IV, D-I

7۔ ''اردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے'' یہ قول کس نقاد کا ہے؟

(۱) الطاف حسین حالی (۲) کلیم الدین احمد (۳) احتشام حسین (۴) شبلی نعمانی

8۔ لغت میں درج ذیل شعرا کے تخلص کی ترتیب کیا ہوگی:

| | |
|---|---|
| A | کلیم عاجز، عرفان صدیقی، شاد عظیم آبادی، شہریار |
| B | شہریار، عرفان صدیقی، کلیم عاجز، شاد عظیم آبادی |
| C | عرفان صدیقی، شہریار، کلیم عاجز، شاد عظیم آبادی |
| D | شاد عظیم آبادی، شہریار، عرفان صدیقی، کلیم عاجز |

(۱) B (۲) D (۳) A (۴) C



Karwan-E-Adab

9۔ شاعر کی نظموں کے لحاظ سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | مرثیہ دہلی، برکھارت، نشاط امید |
| B | لینن خدا کے حضور میں، ساقی نامہ، ذوق وشوق |
| C | صبح آزادی، نثار میں تری گلیوں پہ، کسان |
| D | ایک لڑکا، یادیں، تاج محل |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) D اور A (۲) C اور D (۳) A اور B (۴) B اور C

10۔ وہ صنف سخن جس میں جلی کٹی سنائی جاتی ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(۱) ریختی (۲) واسوخت (۳) خمیریات (۴) شہر آشوب

11۔ درج ذیل میں سے دو زمرے شعری حیثیت سے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | دل کہاں کہ گم کیجئے ، ہم نے مدعا پایا | | عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا |
| B | عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا | | درد کی دوا پائی درد لا دوا پایا |
| C | دوست دار دشمن ہے ، اعتماد دل معلوم | | آہ بے اثر دیکھی نالہ نار سا پایا |
| D | دوست دار دشمن ہے ، اعتماد دل معلوم | | حسن کو تغافل میں جرات آزما پایا |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B (۲) B اور D

(۳) C اور B (۴) A اور C

12۔ کتاب اور مصنف کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | قصیدہ | I. | حالی |
| B | واسوخت | II. | امجد حیدر آبادی |
| C | رباعی | III. | سودا |
| D | مسدس | IV. | میر تقی میر |

(۱) A-IV, B-III, C-I, D-II

(۲) A-III, B-IV, C-II, D-I

(۳) A-III, B-II, C-IV, D-I

(۴) A-I, B-II, C-IV, D-III

Karwan-E-Adab

13۔ تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

(۱)اسمٰعیل میرٹھی، ن م راشد، اکبرالہ آبادی، سرور جہاں آبادی

(۲)اکبرالہ آبادی، اسمٰعیل میرٹھی، سرور جہاں آبادی، ن م راشد

(۳)سرور جہاں آبادی، اسمٰعیل میرٹھی، اکبرالہ آبادی، ن م راشد

(۴)اکبرالہ آبادی، سرور جہاں آبادی، اسمٰعیل میرٹھی، ن م راشد

14۔ ''شاعری اصل میں دو چیزوں کا نام ہے، محاکات اور تخیل'' یہ کس کا قول ہے؟

(۱)کلیم الدین احمد (۲)الطاف حسین حالی (۳)شبلی نعمانی (۴)شمس الرحمٰن فاروقی

15۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | محمد حسین آزاد | I. | نشاط امید |
| B | الطاف حسین حالی | II. | خدا کی صنعت |
| C | علامہ اقبال | III. | صبح امید |
| D | اسمٰعیل میرٹھی | IV. | ذوق وشوق |

(۱) A-III, B-I, C-IV, D-II

(۲) VA-II, B-I, C-III, D-IV

(۳) A-IV, B-III, C-II, D-I

(۴) A-III, B-II, C-IV, D-I

16۔ محققین اور کتابوں کے اعتبار سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | قاضی عبدالودود | I. | اردو مثنوی شمالی ہند میں |
| B | جمیل جالبی | II. | روح تنقید |
| C | گیان چند جین | III. | عبدالحق بحیثیت محقق |
| D | محی الدین قادری زور | IV. | میراجی : ایک مطالعہ |

(۱) A-III, B-IV, C-I, D-II

(۲) VA-I, B-II, C-III, D-IV

(۳) A-IV, B-III, C-II, D-I

(۴) A-II, B-IV, C-I, D-III

Karwan-E-Adab

17۔ ناقد اور کتابوں کے اعتبار سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | خواجہ الطاف حسین حالی | I. | اسلوبیات میر |
| B | علامہ شبلی نعمانی | II. | روایت اور بغاوت |
| C | گوپی چند نارنگ | III. | موازنۂ انیس و دبیر |
| D | احتشام حسین | IV. | یادگار غالب |

(۱) A-IV, B-I, C-II, D-III
(۲) A-IV, B-III, C-I, D-II
(۳) A-II, B-I, C-III, D-IV
(۴) A-III, B-II, C-I, D-IV

18۔ ان میں سے کس شاعر نے دو تخلص اختیار کیے؟

(۱) شاد عظیم آبادی (۲) مومن (۳) خواجہ میر درد (۴) مرزا اسداللہ خاں غالب

19۔

| | |
|---|---|
| لطف ہے کون سی کہانی میں | آپ بیتی کہوں کہ جگ بیتی |

کس تصنیف کے آغاز میں یہ شعر درج ہے؟

(۱) آگ کا دریا (۲) راستہ بند ہے (۳) ہم وحشی ہیں (۴) امراؤ جان ادا

20۔ اردو کی پیدائش کس اپ بھرنش سے ہوئی؟

(۱) شورسینی اپ بھرنش (۲) ماگدھی اپ بھرنش (۳) اردھ ماگدھی اپ بھرنش (۴) مہاراشٹری اپ بھرنش

21۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(۱) دلی کالج، فورٹ ولیم کالج، دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ
(۲) ترقی پسند تحریک، دلی کالج، فورٹ ولیم کالج
(۳) ترقی پسند تحریک، علی گڑھ تحریک، جدیدیت
(۴) علی گڑھ تحریک، ترقی پسند تحریک، جدیدیت

22۔ ڈرامہ ''آگرہ بازار'' کی ابتداء نظیر اکبرآبادی کی کس نظم سے ہوتی ہے؟

(۱) بنجارہ نامہ (۲) شہر آشوب (۳) آدمی نامہ (۴) دیوالی

Karwan-E-Adab

23۔ غزل کی ہیئت کس صنف سخن سے مطابقت رکھتی ہے؟

(۱)مرثیہ (۲)قصیدہ (۳)مثنوی (۴)شہر آشوب

24۔ تاریخ پیدائش کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(۱)وزیر آغا، احتشام حسین، کلیم الدین احمد، گوپی چند نارنگ

(۲)احتشام حسین، کلیم الدین احمد، گوپی چند نارنگ، وزیر آغا

(۳)کلیم الدین احمد، احتشام حسین، وزیر آغا، گوپی چند نارنگ

(۴)کلیم الدین احمد، گوپی چند نارنگ، وزیر آغا، احتشام حسین

25۔ ذیل میں دو بیانات درج ہیں۔ایک میں دعویٰ پیش کیا گیا ہے اور ایک میں دلیل۔دونوں ک بیانات کو غور سے پڑھنے کے بعد ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ مولوی عبدالحق کی نگرانی میں قائم ہوا۔

دلیل: اسی لیے وہ بابائے اردو کہلاتے ہیں۔

(۱) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(۲) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(۳)دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

(۴)دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

Karwan-E-Adab

26۔ ''ایشر سنگھ'' کس افسانے کا کردار ہے؟

(۱)لاجونتی (۲)نیا قانون (۳)ٹھنڈا گوشت (۴)بابا لوگ

27۔ ان میں سے کون سی کتاب رشید حسن خاں کی مرتب کردہ ہے؟

(۱)دیوان غالب (۲)فسانہ عجائب (۳)تذکرہ گلشن ہند (۴)کلیات ولی

28۔ ''تذکرہ ریختہ گویاں'' کس کی تالیف ہے؟

(۱)اعظم الدولہ سرور (۲)لچھمی نرائن شفیق (۳)فتح علی گردیزی (۴)قیام الدین قائم

29۔

| | |
|---|---|
| سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں | خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں |

اس شعر میں کون سی صنعت لائی گئی ہے؟

(۱) کنایہ (۲) مجاز مرسل (۳) حسن تعلیل (۴) مبالغہ

30۔ محقق اور ان کی تصنیف کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | قاضی عبدالودود :: غالب بحیثیت محقق |
| B | جمیل جالبی :: پنجاب میں اردو |
| C | مولوی عبدالحق :: اردو کی ابتدائی نشو ونما میں صوفیائے کرام کا کام |
| D | محمود شیرانی :: محمد تقی میر |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) B اور A (۲) B اور D (۳) A اور C (۴) D اور C

31۔ ''شعر العجم'' کی کس جلد میں شبلی نعمانی نے شاعری کی تعریف اور اس متعلق ضروری مباحث شامل کیے ہیں؟

(۱) جلد اول (۲) جلد دوم (۳) جلد سوم (۴) جلد چہارم

32۔ شاعری میں سادگی، اصلیت اور جوش کا ہونا ضروری ہے۔ یہ کس کا خیال ہے؟

(۱) محمد حسین آزاد (۲) شبلی نعمانی (۳) احتشام حسین (۴) الطاف حسین حالی

33۔

| | |
|---|---|
| مشرق سے ہو بیزار نہ مغرب سے حذر کر | فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کو سحر کر |

یہ شعر کس کی نظم کا حصہ ہے؟

(۱) چکبست (۲) اسماعیل میرٹھی (۳) جوش ملیح آبادی (۴) علامہ اقبال

34۔ اردو میں تقابلی تنقید کا باقاعدہ آغاز کس کتاب سے ہوا؟

(۱) تنقید شعر العجم (۲) شعر العجم (۳) موازنہ انیس و دبیر (۴) ردالموازنہ

Karwan-E-Adab

35۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | مسعود حسین خاں | :: | مقدمہ تاریخ زبان اردو |
| B | عبدالقادر سروری | :: | زبان اور علم زبان |
| C | محی الدین قادری زور | :: | اردو زبان ولسانیات |
| D | نصیر الدین ہاشمی | :: | اردو کی کہانی |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) A اور B (۲) A اور D (۳) B اور C (۴) D اور B

36۔ ذیل میں افسانوں اور ان کے مصنفین کے نام درج ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | دو مزدور | I. | قرۃ العین حیدر |
| B | پالی ہل کی ایک رات | II. | پریم چند |
| C | قاتل کی ماں | III. | اقبال مجید |
| D | دو بھیگی آنکھیں | IV. | سہیل عظیم آبادی |

(۱) A-II, B-IV, C-I, D-III
(۲) A-IV, B-I, C-II, D-III
(۳) A-I, B-II, C-IV, D-III
(۴) A-III, B-II, C-IV, D-I

37۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | ہندوستانی لسانیات | I. | شوکت سبزواری |
| B | داستان زبان اردو | II. | سید احتشام حسین |
| C | ہندوستانی لسانیات کا خاکہ | III. | سید محی الدین قادر زور |
| D | مقدمہ تاریخ زبان اردو | IV. | مسعود حسین خاں |

(۱) A-III, B-II, C-I, D-IV
(۲) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۳) A-II, B-I, C-III, D-IV
(۴) A-III, B-I, C-II, D-IV

Karwan-E-Adab

38۔ ناقداوران کی تصنیف کے اعتبار سے دوزمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | |
|---|---|---|
| A | کلیم الدین احمد | :: اردو تنقید پر ایک نظر |
| B | امداد امام اثر | :: اردو شاعری کا مزاج |
| C | شبلی نعمانی | :: ادب اور زندگی |
| D | وزیر آغا | :: نظم جدید کی کروٹیں |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) B اور A　　(۲) B اور C　　(۳) D اور C　　(۴) D اور A

39۔ شاعراوران کے شعری مجموعے کے اعتبار سے دوزمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | |
|---|---|---|
| A | فیض احمد فیض | :: نقش فریادی |
| B | مخدوم محی الدین | :: یادیں |
| C | اختر الایمان | :: سرخ سویرا |
| D | ن م راشد | :: گمان کا ممکن |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) B اور A　　(۲) A اور D　　(۳) B اور C　　(۴) D اور C

Karwan-E-Adab

40۔ ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ ''اس آباد خرابے میں'' اختر الایمان کی خودنوشت ہے۔

B۔ ''تہذیب الاخلاق'' کے علاوہ سرسید کے مضامین علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں بھی شائع ہوتے تھے۔

C۔ ''نیرنگ خیال'' غالب کے خطوط کا مجموعہ ہے۔

D۔ ''گزرا ہوا زمانہ'' حالی کا مضمون ہے۔

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) B اور A　　(۲) A اور D　　(۳) D اور C　　(۴) A اور C

41۔

| | |
|---|---|
| پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی | ساحل سے پر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی |

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(۱)ایہام　　(۲)حسن تعلیل　　(۳)تشبیہ　　(۴)لف ونشر مرتب

42۔ ''کربل کتھا'' کا ذکر پہلی بار کس تذکرے میں ملتا ہے؟

(۱)طبقات الشعرائے ہند (۲)گلشن بے خار (۳)تذکرۂ ہندی (۴)گلشن ہند

43۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | جنبش سے میرے خامۂ افسوں طراز کی | ۔ | غالب |
| B | زہے نشاط اگر کیجئے اسے تحریر | ۔ | ذوق |
| C | کچھ انبساط ہوائے چمن سے دور نہیں | ۔ | سودا |
| D | آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں | ۔ | غالب |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور B (۲) B اور D (۳) A اور C (۴) C اور B

44۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ ''آئندہ زمانہ'' سرسید کا مضمون ہے۔

B۔ ''حیات جاوید'' خواجہ الطاف حسین حالی کی تصنیف ہے۔

C۔ ''چارپائی'' مشتاق احمد یوسفی کا انشائیہ ہے۔

D۔ ''غبار خاطر'' میں خطوط کی مجموعی تعداد چوبیس ہے۔

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) D اور C (۲) C اور A (۳) B اور D (۴) B اور A

Karwan-E-Adab

45۔ نباتات، فلزات، فتوحات اور بخارات جیسے قوافی علامہ اقبال کی کس نظم میں استعمال ہوئے ہیں؟

(۱)شعاع امید (۲)لینن خدا کے حضور میں (۳)فرشتوں کا گیت (۴)ذوق وشوق

46۔ ''بہترین شعر وہ ہے جو سب سے زیادہ جھوٹا ہو'' (احسن الشعر فی کذبہ) یہ کس کا قول ہے؟

(۱)عبدالقاہر جرجانی (۲)ابن رشیق (۳)قدامہ ابن جعفر (۴)ابن خلدون

47۔ درج ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ ترقی پسند ادبی تحریک کی پہلی کانفرنس رفاہ عام کلب لکھنؤ میں ہوئی۔

B۔ ترقی پسند ادبی تحریک کے بانی علی سردار جعفری تھے۔

C۔ قیوم نظر کا تعلق حلقۂ ارباب ذوق سے تھا۔

D۔ سرسید کی وفات دہلی میں ہوئی۔

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) A اور B (۲) B اور D (۳) D اور C (۴) A اور C

48۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

۱۔ سرسید 1890، شبلی 1955، مولانا آزاد 1960 میں فوت ہوئے۔

۲۔ غالب 1797، سرسید 1817، حالی 1837 میں پیدا ہوئے۔

۳۔ حالی 1916، شبلی 1899، مولانا آزاد 1920 میں فوت ہوئے۔

۴۔ سرسید 1898، شبلی 1994، مولانا آزاد 1958 میں فوت ہوئے۔

Karwan-E-Adab

49۔ درج ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ مسدس، مخمس، مربع، مثلث

B۔ گیت، چہار بیت، رپورتاژ، پیروڈی

C۔ شہر آشوب، مثلث، واسوخت، رباعی

D۔ مثمن، مسدس، مخمس، مربع

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) A اور C (۲) B اور C (۳) D اور B (۴) A اور D

50۔ درج ذیل میں سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

A۔ میر امن کلکتے کے رہنے والے تھے۔

B۔ ''فسانۂ عجائب'' میں لکھنوی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کی گئی ہے۔

C۔ ''سلور کنگ'' آغا حشر کاشمیری کا ڈرامہ ہے۔

D۔ ''اندر سبھا'' داستان کی کتاب ہے۔

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) D اور C (۴) A اور D

51۔ تاریخ پیدائش کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

(۱) حالی، شبلی، محمد حسین آزاد، مولوی عبدالحق

(۲) محمد حسین آزاد، حالی، شبلی، مولوی عبدالحق

(۳) شبلی، حالی، مولوی عبدالحق، محمد حسین آزاد

(۴) محمد حسین آزاد، حالی، مولوی عبدالحق، شبلی

52۔ انشائیہ اور انشائیہ نگار کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | چینی شاعری | I. | مشتاق احمد یوسفی |
| B | وکیل صاحب | II. | احمد جمال پاشا |
| C | شامت اعمال | III. | رشید احمد صدیقی |
| D | جنون لطیفہ | IV. | کنہیالال کپور |

(۱) A-II, B-III, C-IV, D-I

(۲) A-IV, B-II, C-I, D-III

(۳) A-IV, B-III, C-II, D-I

(۴) A-I, B-IV, C-II, D-III

Karwan-E-Adab

53۔ علم نحو میں زبان کے کس پہلو کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(۱) لفظوں کے املا اور الفاظ

(۲) لفظوں کے معنی اور تلفظ

(۳) جملوں کے معنی اور مفہوم

(۴) جملوں کی ساخت اور اجزائے کلام

54۔ درج ذیل شعر میں صحیح قافیہ کی نشاندہی کیجئے؟

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | میں | نے | کتنا | ہے | گل | کا | ثبات |
| کلی | نے | یہ | سن | کر | | ------ | کیا |

(۱) تکلم (۲) تبسم (۳) ترحیم (۴) توہم

55۔ لسانی شاخ کے لحاظ سے کون سی ترتیب صحیح ہے؟

(۱) کھڑی بولی، ہریانی، برج بھاشا، قنوجی

(۲) کھڑی بولی، برج بھاشا، خاندیشی، گجراتی

(۳) کھڑی بولی، راجستھانی، اڑیا، اسامی

(۴) راجستھانی، گجراتی، اڑیا، آسامی

56۔ مغربی تصورِ نقد میں ''کتھارسیس'' کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

(۱) افلاطون (۲) ارسطو (۳) ٹی ایس ایلیٹ (۴) آئی اے رچرڈس

57۔ افسانہ ''فوٹو گرافر'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱) اقبال مجید (۲) غیاث احمد گدی (۳) قرۃ العین حیدر (۴) خواجہ احمد عباس

58۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔ جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل۔ دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: اقبال اردو کے عظیم شاعر ہیں۔

دلیل: کیوں کہ انہوں نے فارسی میں بھی شاعری کی۔

(۱) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(۲) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے

(۳) دلیل صحیح ہے لیکن دعویٰ غلط ہے

(۴) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

59۔

| | |
|---|---|
| کشتی مسکین و جان پاک و دیوار یتیم | علم موسیٰ بھی ترے سامنے حیرت فروش |

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(۱) ایہام (۲) حسن تعلیل (۳) تشبیہ (۴) لف ونشر مرتب

60۔ صنف کے اعتبار سے ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | میلہ گھومنی، ہتک، جلاوطن، پھوپھو |
| B | کفن، حسن اور حیوان، ایک چادر میلی سی، آگ کا دریا |
| C | فائر ایریا، بستی، اداس نسلیں، گئو دان |
| D | صرف ایک سگریٹ، پان شاپ، بڑے گھر کی بیٹی، ٹیڑھی لکیر |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) D اور B (۲) C اور D (۳) A اور C (۴) B اور A

61۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | ہمت، نظر، غمزہ، عشوہ وغیرہ ''سب رس'' کے کردار ہیں۔ |
| B | ثریا، ڈرامہ ''اندرسبھا'' کا کردار ہے۔ |
| C | ڈرامہ ''انارکلی'' میں بختیار، سلیم کا بے تکلف دوست ہے۔ |
| D | جان عالم ''باغ و بہار'' کا کردار ہے۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) D اور B (۲) A اور B (۳) A اور C (۴) C اور D

62۔ سنہ وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| A | پریم چند، قرۃ العین حیدر، عصمت چغتائی، کرشن چندر |
| B | کرشن چندر، پریم چند، قرۃ العین حیدر، عصمت چغتائی |
| C | پریم چند، عصمت چغتائی، کرشن چندر، قرۃ العین حیدر |
| D | پریم چند، کرشن چندر، عصمت چغتائی، قرۃ العین حیدر |

Karwan-E-Adab

63۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم ''مفلسی'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(۱) مثلث (۲) مخمس (۳) مسدس (۴) ترجیع بند

64۔ ناول اور ناول نگار کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | بازارحسن | :: | کرشن چندر |
| B | گردش رنگ چمن | :: | قرۃ العین حیدر |
| C | لہو کے پھول | :: | حیات اللہ انصاری |
| D | علی پور کا ایلی | :: | عصمت چغتائی |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) B اور A (۲) B اور C (۳) D اور C (۴) D اور A

65۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | اردو شاعری کا فکری و تہذیبی پس منظر، اردو تنقید پر ایک نظر، تخلیقی عمل |
| B | عکس اور آئینے، اعتبار نظر، افکار و مسائل |
| C | ادب اور انقلاب، سراج و منہاج، ادب اور نظریہ |
| D | نقوش و افکار، ادب اور زندگی، تاریخ جمالیات |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) D اور C　(۲) C اور B　(۳) A اور B　(۴) B اور D

66۔ ایمرجنسی کے پس منظر میں کون سا ڈرامہ لکھا گیا؟

(۱)اندھیرا اجالا　(۲)مٹی کا بلاوا　(۳)انار کلی　(۴)ضحاک

67۔ محقق اور ان کی تصنیف کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | محی الدین قادری زور | :: | تذکرۂ مخطوطات |
| B | امتیاز علی خاں عرشی | :: | اردو کی نثری داستانیں |
| C | گیان چند جین | :: | اردو میں پشتو کا حصہ |
| D | رشید حسن خاں | :: | ادبی تحقیق: مسائل اور تجزیہ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) B اور A　(۲) B اور C　(۳) D اور C　(۴) D اور A

68۔ تحریک و رجحان اور اس سے وابستہ شخص کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | جدیدیت | I. | مخدوم محی الدین |
| B | علی گڑھ تحریک | II. | اختر شیرانی |
| C | رومانی تحریک | III. | شمس الرحمن فاروقی |
| D | ترقی پسند تحریک | IV. | مولوی سمیع اللہ |

(۱) A-II, B-IV, C-III, D-I
(۲) A-IV, B-III, C-I, D-II
(۳) A-I, B-II, C-IV, D-III
(۴) A-III, B-IV, C-II, D-I

Karwan-E-Adab

69۔ کرشن چندر کے افسانوی مجموعے ''ہم وحشی ہیں'' میں کون کون سے افسانے شامل ہیں؟

| | |
|---|---|
| ۱ | اندھے، لال باغ، جیکسن، کالو بھنگی |
| ۲ | دوسری موت، امرتسر آزادی سے پہلے، امرتسر آزادی کے بعد، غالیچہ |
| ۳ | دو فرلانگ لمبی سڑک، مہالکشمی کا پل، بالکونی، تائی ایسری |
| ۴ | لالہ گھسیٹا رام، دل کا چراغ، دوسری موت، اندھے |

70۔

| | |
|---|---|
| یہی ٹھہری جو شرط وصل لیلیٰ | تو استعفیٰ مرا با حسرت و یاس |

یہ شعر کس کی نظم سے ماخوذ ہے؟

(۱) جوش ملیح آبادی (۲) اکبرالہ آبادی (۳) ساحر لدھیانوی (۴) فیض احمد فیض

71۔ ان میں سے کس کا شمار مشہور محقق میں ہوتا ہے؟

(۱) آل احمد سرور (۲) کلیم الدین احمد (۳) قاضی عبدالودود (۴) رشید احمد صدیقی

72۔ درج ذیل شعر کس مرثیے سے لیا گیا ہے؟

| | |
|---|---|
| تم کون سے تھے ایسے کھرے داد و ستد کے | کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور |

یہ شعر کس کی نظم سے ماخوذ ہے؟

(۱) والدہ مرحومہ کی یاد میں (۲) مرثیہ غالب (۳) مرثیہ عارف (۴) مرثیہ داغ

73۔ درج ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | سودا اپنے عہد کے اہم قصیدہ نگار ہیں۔ |
| B | ذوق انیسویں صدی عیسوی کے نہایت بلند پایہ قصیدہ نگار ہیں۔ |
| C | سودا اور ذوق نے غزلوں کے علاوہ صرف قصائد لکھے۔ |
| D | ذوق نے بہادر شاہ ظفر کا بہت عمدہ قصیدہ لکھا ہے۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور D (۲) A اور C (۳) B اور C (۴) B اور D

Karwan-E-Adab

74۔ کتاب ''العمدہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱) قدامہ ابن جعفر (۲) ابن رشیق القیروانی (۳) ابن قتیبہ (۴) عبدالقادر جرجانی

75۔ شاعر اور ان کی نظم کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | |
|---|---|---|
| A | نظیر اکبرآبادی | :: شعر کی طرف خطاب |
| B | خواجہ الطاف حسین حالی | :: شہر آشوب |
| C | پنڈت برج نرائن چکبست | :: خاک ہند |
| D | علامہ اقبال | :: لالہ صحرائی |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) C اور A (۲) B اور D (۳) D اور C (۴) B اور A

76۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔ جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل۔ دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: حالی اردو کے اہم سوانح نگار ہیں۔

دلیل: کیوں کہ انہوں نے حیات جاوید، یادگار غالب اور حیات سعدی جیسی سوانحی کتابیں لکھیں۔

(۱) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(۲) دعویٰ صحیح ہے دلیل غلط ہے

(۳) دعویٰ صحیح ہے دلیل بھی صحیح ہے

(۴) دعویٰ غلط ہے دلیل بھی غلط ہے

77۔ ناقد اور ان کی تصنیف کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | انیسویں صدی کی دو داستانی مثنویاں۔ سحر البیان اور گلزار نسیم بہت مقبول ہوئیں۔ |
| B | 'سحر البیان' اسم باسمی نہیں ہے۔ |
| C | 'گلزار نسیم' دہلی کی مشہور مثنویوں میں نہایت اہم ہے۔ |
| D | نجم النساء مثنوی سحر البیان کا سب سے متحرک اور فعال کردار ہے۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) C اور B (۲) B اور A (۳) D اور A (۴) C اور D

78۔ ''غبارِ خاطر'' کے خطوط مولانا آزاد نے کس شہر سے لکھے؟

(۱) رانچی (۲) دہلی (۳) سری نگر (۴) احمد نگر

79۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | اردو میں دو داستانی مثنویوں سحرالبیان اور گلزارِ نسیم کو قبولِ عام کا شرف حاصل ہے۔ |
| B | داستانی مثنویوں میں گلزارِ نسیم کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے۔ |
| C | 'مثنوی سحرالبیان اسم با مسمیٰ ہے۔ |
| D | میر حسن نے صرف ایک مثنوی سحرالبیان لکھی۔ |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) D اور B (۲) B اور A (۳) C اور A (۴) A اور D

80۔ سنسکرت شعریات میں دھونی (Dhawni) کے نظریہ کے لئے ان میں سے کس نقاد کو شہرت ملی؟

(۱) آنند وردھن (۲) ابھینو گپت (۳) اچاریہ شنکک (۴) بھامہ

81۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔ جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل۔ دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: اُردو طنز و مزاح کے فروغ میں ''اودھ پنچ'' کا نمایاں کردار ہے۔

دلیل: کیوں کہ اُس عہد کے ممتاز مزاح نگاروں کی تخلیقات 'اودھ پنچ' میں شائع ہوتی تھیں۔

(۱) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(۲) دعویٰ غلط ہے دلیل بھی غلط ہے

(۳) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے

(۴) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے

82۔ حالی کی نظم 'مناجات بیوہ' ''انسانی رشتوں کی رام کہانی سناتی ہے۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(۱) محمد حسین آزاد (۲) آل احمد سرور (۳) جمیل جالبی (۴) کلیم الدین احمد

83۔ ذیل میں افسانوں اوران کے کرداروں کے نام درج ہیں۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | ٹوبہ ٹیک سنگھ | I. | شانتابائی |
| B | اپنے دکھ مجھے دے دو | II. | بشن سنگھ |
| C | مہالکشمی کا پل | III. | گیا |
| D | گلی ڈنڈا | IV. | اندو |

(۱) A-IV, B-III, C-II, D-I
(۲) A-I, B-II, C-III, D-IV
(۳) A-II, B-IV, C-I, D-III
(۴) A-III, B-II, C-IV, D-I

84۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔جن میں سے ایک دعویٰ ہےاورایک دلیل۔دونوں کو غور سے پڑھیےاورذیل میں دیے گئے جوابات میں سےصحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: قرۃ العین حیدراُردو کی ممتاز فکشن نگار ہیں۔

دلیل: کیوں کہ انہیں گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا تھا۔

(۱) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے
(۲) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے
(۳) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے
(۴) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

Karwan-E-Adab

85۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | |
|---|---|
| A | فن داستان گوئی، اردو شاعری پر ایک نظر، عملی تنقید |
| B | تنقید اور عملی تنقید، ادب اور سماج، ذوق ادب اور شعور |
| C | تنقیدی اشارے، نظر اور نظریے، عکس اور آئینے |
| D | اعتبار نظر، لفظ و معنیٰ، شعر نو |

دو صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) D اور A　(۲) B اور A　(۳) C اور D　(۴) B اور C

86۔ کسی متن کے قلمی اور غیر مطبوعہ نسخے کو کیا کہتے ہیں؟

(۱) کشکول　(۲) مخطوطہ　(۳) لوح　(۴) تحشیہ

87۔ لغت میں درج ذیل الفاظ کی ترتیب کیا ہوگی:

| | |
|---|---|
| A | عاشق، معشوق، رقیب، فراق |
| B | معشوق، فراق، رقیب، عاشق |
| C | فراق، عاشق، معشوق، رقیب |
| D | رقیب، عاشق، فراق، معشوق |

88۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا | ۔ | میر |
| B | اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا | ۔ | جگر |
| C | عہدے سے مدح ناز کے باہر نہ آ سکا | ۔ | حسرت موہانی |
| D | عہدے سے مدح ناز کے باہر نہ آ سکا | ۔ | غالب |

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور D (۲) C اور B (۳) B اور D (۴) D اور C

89۔ ''آج شام سورج کی ٹکیہ بہت ہی لال تھی۔'' اس جملے سے کس ناول کا آغاز ہوتا ہے؟

(۱) گئودان (۲) بستی (۳) ایک چادر میلی سی (۴) آگ کا دریا

90۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| A | حیات جاوید، غبار خاطر، الفاروق |
| B | خواب باقی ہیں، حیات جاوید، جاپان چلو جاپان چلو |
| C | سفرنامہ روم ومصر وشام، الفاروق، ابن بطوطہ کے تعاقب میں |
| D | اس آباد خرابے میں، حیات جاوید، خواب باقی ہیں |

Karwan-E-Adab

91-95۔سوالات کے جواب ذیل میں دیے گئے اقتباس کی روشنی میں دیجیے۔

بہروز نے یہ داستان کہنی شروع کی اور مجھ سے مخاطب ہوکر بولا: اے عزیز! ہماری بادشاہ زادی کی سرکار میں ہزاروں غلام ہیں کہ سوداگری کے کام میں متعین ہیں، ان میں سے ایک میں بھی ادنا خانہ زاد ہوں۔ ہر ایک ملک کی طرف لاکھوں روپے کا اسباب اور جنس دے کر رُخصت فرماتی ہیں جب وہ وہاں سے پھر آتا ہے، تب اُس سے اُس دیس کا احوال اپنے حضور میں پوچھتی ہیں اور سنتی ہیں۔ ایک بار یہ اتفاق ہوا کہ یہ کم ترین تجارت کی خاطر چلا، اور شہر نیم روز میں پہنچا، وہاں کے بادشاہ کو دیکھا تو سب کا لباس سادہ ہے، اور ہر دم نالہ و آہ ہے، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اُن پر کچھ بڑی مصیبت پڑی ہے۔ اُس کا سبب جس سے میں پوچھتا، کوئی جواب میرا نہ دیتا۔ اسی حیرت میں کئی روز گزرے۔ ایک دن جونہیں صبح ہوئی، تمام آدمی چھوٹے بڑے، لڑکے بوڑھے، غریب غنی، شہر کے باہر چلے، ایک میدان میں جا کر جمع ہوئے۔ اور اُس ملک کا بادشاہ بھی سب امیروں کو ساتھ لے کر سوار ہوا، اور وہاں گیا، تب سب برابر قطار باندھ کر کھڑے ہوئے۔

91۔ مذکورہ بالا اقتباس میں بادشاہ زادی مختلف دیسوں کا احوال کس سے پوچھتی ہے؟

(۱)سوداگروں سے (۲)میدان میں جمع لوگوں سے (۳)بادشاہ سے (۴)بہروز سے

92۔ مذکورہ بالا اقتباس میں بادشاہ زادی شہر نیم روز کا حال کس سے پوچھتی ہے؟

(۱)بادشاہ سے (۲)بہروز سے (۳)وزیر سے (۴)سوداگروں سے

93۔ مذکورہ بالا اقتباس کی روشنی میں بادشاہ قطار میں کہاں کھڑا تھا؟

(۱)بازار میں (۲)میدان میں (۳)محل میں (۴)دربار میں

94۔ مذکورہ بالا اقتباس کے حوالے سے یہ بتائیں کہ بہروز کس کا غلام تھا؟

(۱)وزیر کا (۲)بادشاہ کا (۳)بادشاہ زادی کا (۴)سوداگروں کا

95۔ مذکورہ بالا اقتباس میں ''خانہ زاد'' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) گھر کا مالک (۲) گھر سے بھاگا ہوا (۳) گھر کا پلا ہوا (۴) باہر کا پلا ہوا

Karwan-E-Adab

96-100۔سوالات کے جواب ذیل میں دیے گئے اقتباس کی روشنی میں دیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| شتابی سے اٹھ ساقی بے خبر! | | کہ چاروں طرف ماہ ہے جلوہ گر |
| بلوریں گلابی میں دے بھر کے جام | | کہ آیا بلندی پہ ماہ تمام |
| جوانی کہاں اور کہاں پھر یہ سن | | مثل ہیکہ ہے چاندنی چار دن |
| اگر مے کے دینے میں کچھ دیر ہے | | تو پھر جان یہ تو کہ اندھیر ہے |
| وہ سونے کا جو تھا جڑاؤ پلنگ | | کہ سیمیں تنوں کو ہو جس پر امنگ |
| کھنچی چادر ایک اس پہ شبنم کی صاف | | کہ ہو چاندنی، جس صفا کی غلاف |
| دھرے اس پہ تکیے کئی نرم نرم | | کہ مخمل کو ہو جس کے دیکھے سے شرم |
| کہاں تک کوئی اس کی خوبی کو پائے | | جسے دیکھ، آنکھوں کو آرام آئے |
| کسے اس پہ کسنے وہ مقیش کے | | کہ جھبوں میں تھے جس کے موتی لگے |
| سراسر ادقچے رزی باف کے | | کہ تھے رشک آئینہ صاف کے |
| وہ گل تکیے اس کے جو تھے رشک ماہ | | کہ ہر وجہ تھی ان کو خوبی میں راہ |
| کہوں اس کے گل تکیوں کا کیا بیاں | | کہ بے وجہ رکھتا نہ تھا گال واں |
| کبھی نیند میں جب کہ ہوتا تھا وہ | | تو رخسار رکھ اپنا، سوتا تھا وہ |

Karwan-E-Adab

96۔ ’’کبھی نیند میں جب کہ ہوتا تھا وہ‘‘ اس مصرعے میں لفظ ’’وہ‘‘ سے کس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(۱)فیروزشاہ (۲)مسعودشاہ (۳)بےنظیر (۴)پرستان کے باغ کا مالی

97۔ اس شعری اقتباس میں شبنم کی صاف چادر سے کیا مراد ہے؟

(۱)شبنم نام کی لڑکی کا دوپٹہ (۲)ململ کی سفیداورصاف چادر

(۳)ایسی چادر جورات میں اوس سے بھیگ گئی ہو (۴)گلابی رنگ کی چادر

98۔ اس شعری اقتباس میں لفظ ’’سیمیں تن‘‘ کا کیا مفہوم ہے؟

(۱)حسین وجمیل (۲)بدصورت (۳)ظالم وجابر (۴)دانش مند

99۔ اس شعری اقتباس میں ’’بلندی پہ آیا ہے ماہ تمام‘‘ سے کیا مراد ہے؟

(۱)چودھویں کا چاند (۲)بےنظیر کا محل کی چھت پرسوجانا

(۳)بدرمنیر کا محل کی چھت پرسیر کرنا (۴)ماہ رخ پری کا محل کی چھت پراترنا

100۔ اس شعری اقتباس میں ’’آنکھوں کوآرام آنا‘‘ سے کیا مراد ہے؟

(۱)آنکھ بند کرکے سوجانا (۲)دل کوسکون اورچین میسر ہونا

(۳)آنکھوں کی تعریف کرنا (۴)آنکھوں کودیرتک بندرکھنا

UGC NET/JRF DEC 2023

URDU

1۔ شاہ نصیر کی شاعری سن کر کس نے کہا تھا کہ ''مضمون دلّی اور زبان لکھنؤ کی خوب ہے''۔

(1) ناسخ (2) ذوق (3) غالب (4) مومن

2۔ وہ کون مغربی ادیب تھا جو ارسطو کا استاد اور سقراط کا شاگرد تھا؟

(1) آئی اے رچرڈس (2) میتھیو آرنلڈ (3) لون جائنس (4) افلاطون

3۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | یگانہ چنگیزی کا شعری مجموعہ ''آیات وجدانی'' ہے۔ |
| B | ''غزل'' مجروح سلطان پوری کا شعری مجموعہ ہے۔ |
| C | جگر مرادآبادی کے شعری مجموعے کا نام ''نشاط روح'' ہے۔ |
| D | کلیم عاجز کے شعری مجموعے کا نام ''آتش گل'' ہے۔ |

(1) (A) اور (C) (2) (B) اور (C) (3) (A) اور B) (4) (C) اور (D)

4۔ ''دہلی اردو اخبار'' 12 جولائی 1857ء سے کس نام سے شائع ہونے لگا؟

(1) اخبار دہلی (2) اخبار الظفر (3) دہلی گزٹ (4) آئینہ سکندری

5۔ ذیل کے اشعار میں دو صحیح اور دو غلط ہیں۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | سلگنا اور شئے ہے جل کے مرجانے سے کیا ہوگا | | جو ہم سے ہورہا ہے کام پروانے سے کیا ہوگا |
| B | پگھلنا اور شئے ہے جل کے مرجانے سے کیا ہوگا | | جو ہم سے ہورہا ہے کام پروانے سے کیا ہوگا |
| C | دل ہے تو دھڑکنے کا بہانہ کوئی ڈھونڈے | | مورت کی طرح بے حس و بے جان سا کیوں ہے |
| D | دل ہے تو دھڑکنے کا بہانہ کوئی ڈھونڈے | | پتھر کی طرح بے حس و بے جان سا کیوں ہے |

(1) (C) اور (A) (2) (D) اور (A) (3) (D) اور (C) (4) (A) اور (B)

6۔

| |
|---|
| ''نقاد کو نہ تو کلاسیکیوں کے بندھے ٹکے اصولوں کی لکیر کا فقیر ہونا چاہیے اور نہ رومانیوں کی طرح سارے اصولوں سے بالاتر ہونا چاہیے۔ بلکہ اُسے زمانے کے تقاضوں کے مطابق خود اصول وضع کرنے چاہئیں۔'' |

یہ خیال کس مغربی ادیب کا ہے؟

(1) ارسطو (2) افلاطون (3) ٹی ایس ایلیٹ (4) میتھیو آرنلڈ

Karwan-E-Adab

7۔ تذکرہ اور تذکرہ نگار کے اعتبار سے صحیح جوڑوں کی نشادہی کیجیے:

| List I | List II |
|---|---|
| (A) مخزن نکات | (I) میر حسن |
| (B) چمنستان شعرا | (II) مصحفی |
| (C) تذکرہ شعرائے اردو | (III) لچھمی نارائن شفیق |
| (D) تذکرۂ ہندی | (IV) قائم چاندپوری |

Choose the correct answer from the options given below:

(1) (A)-(IV),(B)-(I),(C)-(III),(D)-(II)

(2) (A)-(II),(B)-(III),(C)-(I),(D)-(IV)

(3) (A)-(I),(B)-(II),(C)-(III),(D)-(IV)

(4) (A)-(IV),(B)-(III),(C)-(I),(D)-(II)

8۔ دھونی کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(1) آنندوردھن (2) بھرت مُنی (3) ابھینو گپت (4) آچارشنکر

Karwan-E-Adab

9۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | 'یادگارِ غالب' غالب کی تصنیف ہے۔ |
| B | 'حیاتِ جاوید' سرسید کی تصنیف ہے۔ |
| C | 'حیاتِ سعدی' حالی کی تصنیف ہے۔ |
| D | 'سفرنامہ روم ومصر وشام' شبلی کی تصنیف ہے۔ |

(1)(A)اور(B) (2)(B)اور(C) (3)(C)اور(D) (4)(B)اور(D)

10۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

| | |
|---|---|
| بیان۔I | غالب کو فارسی زبان سے غیر معمولی دلچسپی تھی۔ انھیں فارسی نثر ونظم دونوں پر عبور تھا۔ |
| بیان۔II | غالب اردو سے زیادہ اپنے فارسی کلام پر فخر کرتے تھے۔ |

(1) دونوں بیان I اور II صحیح ہیں۔

(2) دونوں بیان I اور II غلط ہیں۔

(3) بیان I صحیح اور بیان II غلط ہے۔

(4) بیان I غلط اور بیان II صحیح ہے۔

11۔ جمیل جالبی کے مطابق کس قدیم مثنوی کے ابتدائی اور آخری صفحات غائب ہیں؟

(1) طوطی نامہ (2) کدم راؤ پدم راؤ (3) قطب مشتری (4) پھول بن

12۔ ڈاکٹر محی الدین زور کے مطابق کس دکنی شاعر کی غزلیں دلّی میں اردو شاعری کا چسکا پیدا کرنے کا باعث بنیں؟

(1) شاہ عبداللہ عاشق (2) سید محمد فراقی (3) ولی اللہ قادری (4) شاہ حسین ذوقی

13۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | 'بستی' شوکت صدیقی کا ناول ہے۔ |
| B | 'خدا کی بستی' انتظار حسین کا ناول ہے۔ |
| C | 'خواب باقی ہیں' آل احمد سرور کی خودنوشت ہے۔ |
| D | 'مسافران لندن' سرسید احمد خاں کا سفرنامہ ہے۔ |

(1)(A)اور(B) (2)(B)اور(C) (3)(A)اور(C) (4)(C)اور(D)

14۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | نصرتی، علی عادل شاہ کے دربار کا ملک الشعرا تھا۔ |
| B | ''گلشن عشق'' نصرتی کی تصنیف ہے۔ |
| C | ''گلشن عشق'' میں ثریا اور بختیار اہم کردار ہیں۔ |
| D | نصرتی نے کوئی قصیدہ نہیں لکھا ہے۔ |

(1)(C)اور(D) (2)(B)اور(D) (3)(A)اور(D) (4)(A)اور(B)

Karwan-E-Adab

15۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | اردو برج بھاشا سے نکلی ہے۔ محمد حسین آزاد |
| B | اردو پنجابی سے نکلی ہے۔ سید سلیمان ندوی |
| C | اردو دکن میں پیدا ہوئی۔ نصیر الدین ہاشمی |
| D | اردو سندھ میں محمد بن قاسم کی آمد کے بعد پیدا ہوئی۔ مسعود حسین خاں |

(1)(A)اور(B) (2)(A)اور(C) (3)(B)اور(D) (4)(A)اور(D)

16۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | جوش کا پہلا شعری مجموعہ ''روح ادب'' ہے۔ |
| B | ''دربار دہلی'' اسماعیل میرٹھی کی نظم ہے۔ |
| C | ''چاند تاروں کا بن'' ن۔م۔راشد کی نظم ہے۔ |
| D | اقبال کا شعری مجموعہ ''ارمغان حجاز'' ہے۔ |

(1)(A)اور(D) (2)(A)اور(B) (3)(C)اور(D) (4)(B)اور(D)

17۔ مصنف کے اعتبار سے صحیح جوڑوں کی نشاندہی کیجیے:

| List I | List II |
|---|---|
| (A) انتقادیات | (I) آل احمد سرور |
| (B) تنقیدی حاشیے | (II) احتشام حسین |
| (C) تنقیدی اشارے | (III) مجنوں گورکھپوری |
| (D) تنقیدی جائزے | (IV) نیاز فتح پوری |

Choose the correct answer from the options given below:

(1) (A)-(III),(B)-(IV),(C)-(II),(D)-(I)

(2) (A)-(II),(B)-(I),(C)-(IV),(D)-(III)

(3) (A)-(IV),(B)-(III),(C)-(I),(D)-(II)

(4) (A)-(I),(B)-(II),(C)-(III),(D)-(IV)

Karwan-E-Adab

18۔ ذیل میں سے کس کتاب کے مصنف رشید الدین وطواط ہیں؟

(1)حدائق السحر فی دقائق الشعر (2)لباب الالباب (3)چہار مقالہ (4)قابوس نامہ

19۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | علی گڑھ تحریک کا بیج 1857ء کی جنگ آزادی سے پھوٹا تھا۔ |
| B | سرسید احمد خاں پر راجہ رام موہن رائے کے اثرات تھے۔ |
| C | سرسید کی تصنیف ''امہات الامہ'' میں تاریخی صداقتوں کو پیش کیا گیا ہے۔ |
| D | سرسید احمد خاں مغربی علوم کے مخالف اور مشرقی علوم کے پیرو کار تھے۔ |

(1)(A)اور(C) (2)(B)اور(C) (3)(A)اور(B) (4)(C)اور(D)

20۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| بیان۔I | نصرتی کا پورا نام محمد حشمت اللہ تھا۔ |
| بیان۔II | نصرتی عادل شاہ ثانی کے دربار کا ملک الشعرا تھا۔ |

(1) دونوں بیان I اور II صحیح ہیں۔

(2) دونوں بیان I اور II غلط ہیں۔

(3) بیان I صحیح اور بیان II غلط ہے۔

(4) بیان I غلط اور بیان II صحیح ہے۔

21۔ ٹی ایس ایلیٹ کے سنہ پیدائش اور سنہ وفات کی نشاندہی کیجیے۔

(1)1889-1966 (2)1888-1965 (3)1860-1970 (4)1880-1976

22۔ تاریخ اشاعت کے اعتبار سے درج ذیل ناولوں کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) آگ کا دریا | (B) چاندنی بیگم | (C) میرے بھی صنم خانے | (D) آخر شب کے ہم سفر |

(1) A,B,D,C, (2) C,B,A,D, (3) C,A,D,B (4) D,A,C,B

23۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | ''خدوخال'' فکر تونسوی کے خاکوں کا مجموعہ ہے۔ |
| B | ''شیش محل'' رشید احمد صدیقی کے خاکوں کا مجموعہ ہے۔ |
| C | ''دلی کا ایک یادگار مشاعرہ'' مرزا فرحت اللہ بیگ کا تحریر کردہ خاکہ ہے۔ |
| D | مرزا فرحت اللہ بیگ نے ''ایک وصیت کی تعمیل میں'' کے عنوان سے سرسید احمد خاں کا خاکہ لکھا تھا۔ |

(1)(A) اور(B) (2)(A) اور(C) (3)(C) اور(D) (4)(A) اور(D)

24۔ اردو میں پہلی بار کس ناول میں شعور کی رو کی تکنیک کا استعمال ہوا تھا؟

(1) آگ کا دریا (2) گریز (3) لندن کی ایک رات (4) شکست

25۔ امداد امام اثر کے مطابق دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | قصیدہ عروضی ترکیب میں غزل سے مشابہ ہے۔ |
| B | غزل پانچ شعر سے کم اور قصیدہ اکیس شعر سے کم کا نہیں ہوتا۔ |
| C | شاعر قصیدے میں ذہنیہ اور داخلیہ مضامین باندھتا ہے۔ |
| D | قصیدے میں اخلاقی مسائل اور تدبیر منزل کی ضرورت نہیں۔ |

(1)(C) اور(A) (2)(C) اور(B) (3)(A) اور(D) (4)(B) اور(A)

Karwan-E-Adab

26۔ کس ڈرامے میں چھند، ٹھمری اور بسنت دُھن ملار وغیرہ استعمال کیا گیا ہے؟

(1) آگرہ بازار (2) اندر سبھا (3) ضحاک (4) یہودی کی لڑکی

27۔ مصنف اور اس کی تصنیف کی روشنی میں صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| List I | List II |
|---|---|
| (A) شبلی نعمانی | (I) تریاق مسموم |
| (B) الطاف حسین حالی | (II) اورنگ زیب عالم گیر پر ایک نظر |
| (C) سر سید احمد خاں | (III) تاریخ ہندوستان |
| (D) مولوی ذکاء اللہ | (IV) اسباب بغاوت ہند |

Choose the correct answer from the options given below:

(1) (A)-(I),(B)-(III),(C)-(IV),(D)-(II)

(2) (A)-(II),(B)-(III),(C)-(I),(D)-(IV)

(3) (A)-(III),(B)-(II),(C)-(IV),(D)-(I)

(4) (A)-(II),(B)-(I),(C)-(IV),(D)-(III)

28۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| بیان۔I | ''انشائیہ کا خالق اس شخص کی طرح ہے جو دفتر کی چھٹی کے بعد اپنے گھر پہنچتا ہے۔ نیم دراز ہو کر حقے کی نے ہاتھ میں لیے انتہائی بشاشت اور مسرت سے اپنے احباب سے محو گفتگو ہو جاتا ہے۔'' ۔۔۔۔سید محمد حسنین |
| بیان۔II | ''انشائیہ نگار کے لیے قوت انشا سے خاطر خواہ مصرف لینا ضروری ہے۔ خیالات میں وہ سلیت اور تنظیم و اتحاد پیدا نہ ہونے دے جو مقالوں کی امتیازی خصوصیت ہے۔'' ۔۔۔۔وزیر آغا |

(1) بیان I غلط اور بیان II صحیح ہے۔

(2) بیان I صحیح اور بیان II غلط ہے۔

(3) بیان I اور بیان II دونوں غلط ہیں۔

(4) بیان I اور بیان II دونوں صحیح ہیں۔

Karwan-E-Adab

29۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| List I | List II |
|---|---|
| (A) افلاطون | (I) اطالوی شاعر و مصنف |
| (B) ارسطو | (II) ممتاز انگریزی نقاد |
| (C) دانتے | (III) ''جمہوریہ'' (ری پبلک) کا مصنف |
| (D) آئی اے رچرڈس | (IV) ''بوطیقا'' کا مصنف |

Choose the correct answer from the options given below:

(1) (A)-(II),(B)-(I),(C)-(IV),(D)-(III)

(2) (A)-(I),(B)-(II),(C)-(III),(D)-(IV)

(3) (A)-(IV),(B)-(II),(C)-(I),(D)-(III)

(4) (A)-(III),(B)-(IV),(C)-(I),(D)-(II)

30۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | ہم رشتہ زبانوں کے گروہ کو لسانی خاندان کہتے ہیں۔ |
| B | سر ولیم جونز نے تقابلی لسانیات کی بنیاد قائم کی۔ |
| C | محمود شیرانی نے دہلی اور گرد و نواح کو اردو کا مولد و مسکن بتایا۔ |
| D | سنسکرت اور فارسی میں کوئی لسانی مماثلت نہیں۔ |

(1)(B)اور(A)　(2)(C)اور(A)　(3)(D)اور(C)　(4)(B)اور(D)

Karwan-E-Adab

31۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | ڈپٹی نذیر احمد کا اصل وطن بجنور تھا۔ |
| B | ڈپٹی نذیر احمد کو ریاست حیدرآباد سے پنشن ملتی تھی۔ |
| C | سرسید احمد خاں نے ڈپٹی نذیر احمد کو شمس العلما کا خطاب دیا تھا۔ |
| D | ڈپٹی نذیر احمد کا انتقال 1918 میں ہوا تھا۔ |

(1)(A)اور(B)　(2)(A)اور(C)　(3)(C)اور(D)　(4)(B)اور(D)

32۔ تاریخ پیدائش کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A)اکبرالہ آبادی | (B)اصغر گونڈوی | (C)فانی بدایونی | (D)حسرت موہانی |

(1) D,A,C,B,　(2) A,D,C,B,　(3) B,C,A,D　(4) C,D,A,B

33۔ تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

| (A)مرزا فرحت اللہ بیگ | (B)مولانا ابوالکلام آزاد | (C)رشید احمد صدیقی | (D)کنہیا لال کپور |
|---|---|---|---|

Choose the correct answer from the options given below:

A,B,C,D,(1) B,C,A,D,(2) D,A,C,B(3) B,A,D,C(4)

34۔ مثنوی اور مثنوی نگار کے اعتبار سے صحیح جوڑوں کی نشاندہی کیجیے:

| List I | List II |
|---|---|
| (A) بہار عشق | (I) غواصی |
| (B) گلشن عشق | (II) ولی |
| (C) مینا ستونی | (III) نصرتی |
| (D) در تعریف شہر سورت | (IV) مرزا شوق |

Choose the correct answer from the options given below:

(1) (A)-(I),(B)-(IV),(C)-(II),(D)-(III)

(2) (A)-(III),(B)-(II),(C)-(I),(D)-(IV)

(3) (A)-(IV),(B)-(III),(C)-(I),(D)-(II)

(4) (A)-(IV),(B)-(II),(C)-(III),(D)-(I)

35۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| A | شاد عظیم آبادی کی غزلوں کا دیوان ''نغمۂ الہام'' ہے۔ |
| B | شاد عظیم آبادی کی غزلوں کا دیوان ''نقش ونگار'' ہے۔ |
| C | شاد عظیم آبادی کا اصل نام سید علی محمد ہے۔ |
| D | شاد عظیم آبادی کا اصل نام غلام محمد اختر ہے۔ |

(1)(A)اور(D) (2)(D)اور(C) (3)(A)اور(C) (4)(B)اور(C)

36۔ تاریخ پیدائش کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے؟

| (A)ذوق | (B)مرزا غالب | (C)سودا | (D)میر انیس |
|---|---|---|---|

A,B,C,D,(1) C,A,B,D,(2) D,B,C,A(3) A,B,C,D (4)

Karwan-E-Adab

37۔ ذیل کے کرداروں کا تعلق اردو کے کس ڈرامے سے ہے؟

| |
|---|
| ''نوشابہ ، راہب ، وزیر ، فریدون'' |

(1) یہودی کی لڑکی (2) مرقع شباب (3) انارکلی (4) ضحاک

38۔

| | |
|---|---|
| تیری محفل سے اٹھاتا غیر مجھ کو کیا مجال | دیکھتا تھا میں کہ تونے بھی اشارہ کردیا |

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) یاس یگانہ چنگیزی (2) داغ دہلوی (3) حسرت موہانی (4) شاد عظیم آبادی

39۔ ''المعجم فی معاییر اشعار العجم'' کس کی تصنیف ہے؟

